★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★
ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE
روزنامہ قوت لاہور
چیف ایگزیکٹو حاجی ملک محمد وحید
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com
جلد نمبر 16 | منگل 2 ذوالحجہ 1447ھ، 19 مئی 2026ء، 5 جیٹھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 157

اماراتی نیوکلیئر پلانٹ پر حملہ خطرناک، جوہری تنصیبات کو نشانہ نہ بنایا جائے: خارجہ

جوہری تنصیبات کو جان بوجھ کر نشانہ بنانا بین الاقوامی قانون، بین الاقوامی انسانی قانون، اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی ایٹمی توانائی ایجنسی کے قوانین و قراردادوں میں درج جوہری تحفظ اور سلامتی کے بنیادی اصولوں کی سنگین خلاف ورزی ہے

جوہری تنصیبات کو کسی بھی حالت میں نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے، اس قسم کی غیر ذمہ دارانہ کارروائیاں انسانی جانوں، ماحولیات اور علاقائی و عالمی امن و سلامتی کے لیے تباہ کن اور ناقابلِ تلافی نتائج کا باعث بن سکتی ہیں۔ ترجمان دفتر خارجہ

اسلام آباد (نیٹ نیوز) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کے براکہ نیوکلیئر انرجی پلانٹ پر ہونے والے ڈرون حملے کی شدید مذمت کرتا ہے، پاکستان متحدہ عرب امارات کی برادر عوام اور حکومت کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ دفتر خارجہ کے مطابق جوہری تنصیبات کو جان بوجھ کر نشانہ بنانا بین الاقوامی قانون، بین الاقوامی انسانی قانون، اقوام متحدہ کے چارٹر اور بین الاقوامی ایٹمی (بقیہ نمبر 1)

باکو، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز آذربائیجان کے دارالحکومت باکو میں ورلڈ اربن فورم سے خطاب کر رہی ہیں

وزیرِاعظم کی پانڈا بانڈز کے کامیاب اجراء اور اسکی مارکیٹ میں پزیرائی پر وزیرِ خزانہ کی تعریف

بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا، شہباز شریف

ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کی جائے، شہباز شریف کا اجلاس سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی منصوبوں کیلئے ترجیحی بنیادوں پر بجٹ فراہم کیا جائے گا، ترقیاتی منصوبوں میں پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کی زیادہ سے زیادہ حوصلہ افزائی کی جائے۔ وزیر اعظم (بقیہ نمبر 2)

وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار سے سعودی سفیر کی ملاقات، حالیہ علاقائی پیش رفت پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے ملاقات کی۔ پیر کو وزار (بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد، وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے پاک بحریہ کے سربراہ ایڈمرل نوید اشرف ملاقات کر رہے ہیں

وزیرِ اعظم: بہتر کارکردگی والی وزارتوں کو ترقیاتی بجٹ میں ترجیح دینگے

وزیرِ اعظم سے نیول چیف کی ملاقات، پاک بحریہ کے پیشہ وارانہ امور پر تبادلہ خیال' ملاقات میں بحری دفاع، پیشہ ورانہ تیاریوں اور قومی سلامتی سے متعلق امور زیرِ غور آئے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر اعظم شہباز شریف سے سربراہ پاک بحریہ ایڈمرل نوید اشرف نے ملاقات کی، جس میں پاکستان نیوی سے متعلق پیشہ ورانہ امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ملاقات میں بحری دفاع، پیشہ ورانہ تیاریوں اور قومی سلامتی سے (بقیہ نمبر 5)

پاکستان متحدہ عرب امارات کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، تمام فریقین پر زور دیا کہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی، ترقی اور خصوصی اقدامات احسن اقبال این ڈی ایم اے ہیڈکوارٹرز میں ہائیڈرولوجیکل اور جیولوجیکل خطرات پر پاک چین دوسرے سمپوزیم سے خطاب کر رہے ہیں

جنگ کی تیاری؟ امریکا کے درجنوں طیارے گولہ بارود لے کر اسرائیل پہنچ گئے

جرمنی میں قائم امریکی اڈوں سے گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران امریکی کارگو طیارے اسلحہ لے کر تل ابیب پہنچے

طیاروں میں عسکری سازوسامان شامل ہے، خطے میں کشیدگی کے باعث اسرائیلی فوج اپنی آپریشنل تیاری بڑھا رہی ہے

مقبوضہ بیت المقدس (نیٹ نیوز) اسرائیلی میڈیا نے انکشاف کیا ہے کہ امریکا کے درجنوں طیارے گولہ بارود لے کر اسرائیل پہنچ گئے ہیں۔ اسرائیلی میڈیا کے مطابق جرمنی میں قائم امریکی اڈوں سے گزشتہ 24 گھنٹے کے دوران امریکی کارگو طیارے اسلحہ لے کر تل ابیب پہنچے، یہ کھیپ ایران کے خلاف ممکنہ دوبارہ جنگی کارروائیوں کی تیاریوں کا حصہ ہے۔ بتایا گیا ہے کہ طیاروں میں عسکری سازوسامان شامل (بقیہ نمبر 6)

پنجاب کا ہاؤسنگ ماڈل پیش کیا جائے گا، مریم نواز شریف

وزیراعلیٰ پنجاب اپنے فلیگ شپ ہاؤسنگ پروگرام "اپنی چھت، اپنا گھر" کو بھی عالمی فورم پر پیش کریں گی

"ورلڈ اربن فورم" میں آمد پر آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے وزیراعلیٰ پنجاب کا شاندار استقبال کیا

باکو، لاہور (زیڈ این این) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے آذربائیجان کا سرکاری دورہ کیا جہاں وہ باکو میں منعقدہ انٹرنیشنل' ورلڈ اربن فورم" میں شریک ہو (بقیہ نمبر 4)

وزیرِ خارجہ کی قطر کے وزیرِ مملکت خارجہ امور سے ٹیلیفون پر گفتگو،

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے پیر کو قطر کے وزیرِ مملکت برائے خارجہ امور محمد (بقیہ نمبر 7)

عراق سے سعودی عرب کی فضائی حدود میں داخل ہونیوالے 3 ڈرون تباہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کی وزارتِ دفاع کے ترجمان نے کہا ہے کہ عراق سے داغے گئے 3 ڈرون سعودی فضائی حدود میں داخل ہونے کے بعد تباہ کر دیے گئے۔ غیر ملکی خبر ایجنسی کے مطابق یہ بات سعود (بقیہ نمبر 8)

مملکت سعودی عرب پر عراق کی سرزمین سے ڈرون حملے ناقابل قبول ہیں، حافظ طاہر اشرفی

امت مسلمہ ارضِ حرمین شریفین کے ایک ایک ذرے کے دفاع، سلامتی و استحکام کیلئے سعودی عرب کی قیادت کے شانہ بشانہ ہے، بیان

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان علماء کونسل حافظ طاہر محمود اشرفی نے کہا ہے کہ مملکت سعودی عرب پر عراق کی سرزمین سے ڈرون حملے ناقابل قبول ہیں۔ اپنے بیان (بقیہ نمبر 9)

ٹنڈو جام: جیل میں بسند ہسٹری میں آپریشن، 35 دہشت گرد مارے گئے: بلوچستان حکومت

گرفتار دہشتگرد اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کراچی میں واقع حساس مقامات پر دہشتگردی کی کارروائیوں کے لیے منصوبہ بندی کر رہا تھا

گرفتار دہشتگرد عبدالجبار سرکی 14 اگست کے موقع پر دہشتگردی کی کارروائی کے لیے گلشنِ حدید میں آزادی اسٹال کی ریکی کر چکا ہے

کراچی (اسٹاف رپورٹر) پاکستان رینجرز (سندھ) اور سی ٹی ڈی پولیس نے خفیہ معلومات کی بنیاد پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کوئٹہ سے کراچی آتے ہوئے رینجرز چیک پوسٹ حب ریور روڈ ریس گوٹھ سے کالعدم تنظیم سے تعلق رکھنے والے انتہائی مطلوب دہشتگرد (بقیہ نمبر 13)

پروجیکٹ فریڈم کو روکنے کی وجہ پاکستان تھا، امریکی وزیرِ خارجہ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ پرو (بقیہ نمبر 12)

امریکہ خطے کے ممالک کو ایران سے ڈرانے کے ایجنڈے پر گامزن ہے، محسن رضائی

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کے سابق چیف محسن رضائی نے کہا ہے کہ امریکہ خطے کے دیگر ممالک کو (بقیہ نمبر 11)

اسلام آباد: چیئرمین این ڈی ایم اے انعام حیدر ملک ہائیڈرولوجیکل اور جیولوجیکل خطرات پر پاک چین دوسرے سمپوزیم سے خطاب کر رہے ہیں

جنگ کے بعد 6500 غداروں اور جاسوسوں کو گرفتار کیا جا چکا، ایرانی پولیس چیف

گرفتار افراد پر دشمن کے ساتھ تعاون، ملکی سلامتی کو نقصان پہنچانے کے الزامات ہیں، احمد رضا رادان

تہران (این این آئی) ایران کے پولیس چیف احمد رضا رادان نے کہا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ساتھ جنگ شروع ہونے کے بعد سے اب تک 6 ہزار 500 سے (بقیہ نمبر 10)



امریکہ ایران مذاکرات کی بحالی کے معاملے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی تیسرے روز بھی ایران میں موجود ہیں

امریکا، ایئرشو کے دوران 2 طیارے آپس میں ٹکرا گئے، چاروں پائلٹس محفوظ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ریاست آئیڈاہو میں ایئر شو کے دور (بقیہ نمبر 15)

سعودیہ کی متحدہ عرب امارات کے جوہری پلانٹ پر ڈرون حملے کی شدید مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے متحدہ عرب امارات کے جوہری (بقیہ نمبر 16)

مہنگائی کے سائے میں مویشی منڈیاں آباد، بیوپاری پر امید، شہری پریشان؟

لاہور، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ سمیت ملک کے چھوٹے بڑے شہروں میں مویشی منڈیاں قائم ہو چکی ہیں، ان منڈیوں میں بیوپاری اپنے جانوروں کے ہمراہ ڈیرے ڈال چکے ہیں جبکہ شہریوں کی بڑی تعداد روزانہ منڈیوں کا رخ کر رہی ہے

حکومت پنجاب نے مویشی منڈیوں اور بازاروں میں سکیورٹی سخت کرنے، سی سی ٹی وی اور ڈرون نگرانی بڑھانے جبکہ خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے خصوصی پولیس سکواڈ تعینات کرنے کی ہدایات بھی جاری کی ہیں

لاہور (آئی این پی) عیدالاضحیٰ 2026 کی آمد کے ساتھ ہی ملک بھر میں مویشی منڈیاں سج چکی ہیں جہاں قربانی کے جانوروں کی خرید و فروخت کا آغاز ہو چکا ہے۔ لاہور، اسلام آباد، کراچی، پشاور، کوئٹہ سمیت ملک کے چھوٹے بڑے شہروں میں مویشی منڈیاں قائم ہو چکی ہیں، ان منڈیوں میں بیوپاری اپنے جانوروں کے ہمراہ ڈیرے ڈال چکے ہیں جبکہ شہریوں کی بڑی تعداد روزانہ منڈیوں کا رخ کر رہی ہے، منڈیاں عید کے تیسرے دن تک فعال رہیں گی۔ ضلعی انتظامیہ نے مویشی منڈیوں میں شہریوں کی سہولت اور جانوروں کی حفاظت کیلئے (بقیہ نمبر 14)

مغربی جوڑے نے قصور کے خاندان کو 130 سالہ غلامی سے نجات دلا دی

متاثرہ خاندان تقریباً 130 برس سے قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا، بغیر اجرت کے کام کرتے تھے

قصور (این این آئی) قصور میں ایک غیر ملکی جوڑے نے انسانیت کی اعلیٰ مثال قائم کرتے ہوئے غریب خاندان کو نسل در نسل جاری قرضی غلامی سے نجات دلا دی جس (بقیہ نمبر 21)

جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں پر اسرائیلی فضائی حملے، متعدد افراد زخمی

بیروت (این این آئی) جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں پر اسرائیلی فضائی حملے جاری رہے جس کے باعث متعدد افراد (بقیہ نمبر 20)

ڈی سی لاہور کا مغل پورہ گندم خریداری مرکز کا دورہ، انتظامات کا جائزہ لیا

تمام رجسٹرڈ کاشتکاروں سے گندم کی بروقت اور آسان خریداری ہر صورت یقینی بنائی جائے

لاہور (زیڈ این این) کسانوں کی خوشحالی اور فوڈ سیکیورٹی کے مشن کو یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے مغل پورہ میں قائم گندم خریداری مرکز کا تفصیلی (بقیہ نمبر 17)

اسرائیل کے حملے، فلاحی ادارے کے 3 کارکنوں سمیت مزید 5 فلسطینی شہید

غزہ (این این آئی) غزہ کی پٹی پر اسرائیلی حملوں میں کم از کم پانچ فلسطینی جاں بحق ہو گئے ہیں جن میں تین افراد دیر البلح (بقیہ نمبر 18)

اب بھی پاکستان خطے میں سب سے سستا ترین حج کرا رہا ہے، سردار یوسف

سرکاری سکیم کے تحت ساڑھے 11 لاکھ اور 12 لاکھ روپے کے دو پیکیجز (شارٹ اور لانگ) دیئے گئے ہیں

سعودی حکومت سے معاہدہ نہ ہونے کے باعث رواں سال عازمین ٹرین کے بجائے بسوں کے ذریعے مکہ سے مدینہ سفر کریں گے، میڈیا سے گفتگو

مکہ مکرمہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور سردار محمد یوسف نے کہا ہے کہ سعودی حکومت کے ساتھ معاہدہ (بقیہ نمبر 19)

باکو میں اپنی چھت اپنا گھر کا پویلین غیر ملکی مہمانوں کا مرکز بنا ہوا ہے: عظمیٰ بخاری

پنجاب حکومت کا اپنی چھت اپنا گھر پروگرام دنیا کا سب سے بڑا اور منفرد پروگرام ہے، اس پروگرام کے تحت 1 لاکھ گھر مکمل ہو چکے ہیں، 60 ہزار گھروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے

مریم نواز کا 5 سال میں 5 لاکھ خاندانوں کو انکی چھت فراہم کرنے کا ٹارگٹ ہے، پنجاب میں کام ہو رہا ہے تو دنیا اس حقیقت کو تسلیم کر رہی ہے، وزیر اطلاعات پنجاب

لاہور (آئی این پی) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ پنجاب حکومت کا باکو میں "اپنی چھت اپنا گھر" کا پویلین غیر ملکی مہمانوں کا مرکز بنا ہوا ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز آج اس تاریخی منصوبوں کا باکو میں شوکیس کریں گی۔ وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا کہ پنجاب حکومت کا اپنی چھت اپنا گھر پروگرام دنیا کا سب سے بڑا اور منفرد (بقیہ نمبر 22)

سمندری کچرے کو معاشی وسائل میں بدلنا ہوگا، جنید انوار چوہدری

اوسط اندازے کے مطابق اس کی مالیت تقریباً 17 ہزار 535 ڈالر بنتی ہے: وفاقی وزیرِ بحری

سمندری فضلے کی ری سائیکلنگ اور دوبارہ استعمال کے ذریعے ماحولیاتی تحفظ کے ساتھ معاشی فوائد بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے سمندری کچرے کو محض آلودگی نہیں بلکہ قابلِ استعمال معاشی وسیلہ قرار دیتے ہوئے بلیو سرکلر اکانومی کے فروغ پر زور دیا ہے اور کہا ہے کہ سمندری فضلے کی ری سائیکلنگ اور دوبارہ استعمال کے ذریعے (بقیہ نمبر 30)

اسلام آباد: ترجمان دفتر خارجہ طاہر اندرابی میڈیا کو بریفنگ کر رہے ہیں

مودی کو یورپ میں احتجاجی مظاہروں کا سامنا

مودی کے ہالینڈ کے دورے کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا جس کے خاطر خواہ نتائج نہیں ملے، مبصرین

دی ہیگ (این این آئی) بھارتی وزیراعظم نریندر مودی کو یورپ کے دورے کے دوران خالصتان کے حامیوں کی طرف سے شدید احتجاج کا سامنا ہے، جبکہ سیاسی مبصرین (بقیہ نمبر 23)

فلپائنی سینیٹرز نے سینیٹ کے پلینری ہال میں نائب صدر سارہ دوتیرتے کے مواخذے کے مقدمے کی سماعت میں جج کی حیثیت سے حلف اٹھا رہے ہیں

راجن پور، افضل آباد میں راجن پوری بکرا 50 لاکھ روپے میں فروخت

راجن پور (این این آئی) راجن پور کے نواحی علاقے افضل آباد میں راجن پوری بکرا 50 لاکھ روپے میں فروخت ہوگیا (بقیہ نمبر 24)

بی جے پی حکومت مقبوضہ جموں و کشمیر کی زمینی صورتحال کے بارے میں دنیا کو گمراہ کر رہی ہے، تجزیہ کار

اسلام آباد (این این آئی) بھارت کی بی جے پی حکومت جھوٹ اور فریب (بقیہ نمبر 25)

کوٹلی، حضرت پیر سید ضامن حسین شاہ قادری فاضلی رحمۃ اللہ علیہ کا 45 واں سالانہ عرس مبارک عقیدت و احترام کیساتھ منایا گیا

کوٹلی (این این آئی) دربار عالیہ قادریہ فاضلیہ نور پور شریف کوٹلی، (بقیہ نمبر 26)

ایرانی دفتر خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

پاکستان سندھ طاس معاہدے بارے عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے پر اظہار اطمینان؟

عالمی ثالثی عدالت کا فیصلہ پاکستانی مؤقف کی توثیق ہے، بھارت پر لازم ہے پاکستان کو معاہدے کی پاسداری کا جائزہ لینے کیلئے درکار معلومات فراہم کرے

سندھ طاس معاہدہ مغربی دریاؤں پر بھارت کی پانی کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت پر ٹھوس اور حقیقی حدود عائد کرتا ہے: حکومت پاکستان

اسلام آباد (نیٹ نیوز) پاکستان نے سندھ طاس معاہدے سے متعلق عالمی ثالثی عدالت کے فیصلے پر اظہار اطمینان کیا۔ حکومت پاکستان کا کہنا ہے عالمی ثالثی عدالت کا فیصلہ پاکستانی مؤقف کی توثیق ہے، بھارت پر لازم ہے پاکستان کو معاہدے کی پاسداری کا جائزہ لینے کیلئے درکار معلومات فراہم کرے۔ پاکستان کی حکومت نے کہا کہ سندھ طاس معاہدہ مغربی دریاؤں پر بھارت کی پانی کو کنٹرول کرنے کی صلاحیت پر ٹھوس اور حقیقی حدود عائد کرتا ہے، یہ حدود محض رسمی نہیں بلکہ منصوبہ بندی اور ڈیزائن کے مرحلے پر ہی لاگو ہوتی ہیں۔ حکومت کا کہنا ہے کہ بھارت فرضی پیداواری صلاحیت، مصنوعی لوڈ کروز کے ذریعے ذخیرہ آب میں اضافہ جائز قرار نہیں دے سکتا۔ عالمی ثالثی عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا بھارت (بقیہ نمبر 31)

پاکستان کشمیریوں کے حقوق کی پامالی کا معاملہ بین الاقوامی فورمز پر اٹھائے: محمود ساغر

مقبوضہ علاقے میں آزادی اظہار، پرامن احتجاج اور اجتماع سمیت بنیادی حقوق کو سختی سے دبایا جا رہا ہے

کشمیری رہنما اور خواتین کارکنان کو کالے قوانین کے تحت طویل عرصے تک نظر بند کیا جاتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) جموں و کشمیر ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کے قائم مقام صدر محمود احمد ساغر نے حکومت پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت کی بڑھتی ہوئی ظالمانہ کارروائیوں کے پیش نظر کشمیریوں کے بنیادی حقوق اور مذہبی آزادی کے تحفظ کے لیے اپنی سفارتی کوششیں تیز کرے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق محمود ساغر نے وزیراعظم محمد شہباز شریف اور صدر آصف علی زرداری کے نام الگ الگ خطوط میں آپریشن بنیان المرصوص (بقیہ نمبر 29)

ڈی سی لاہور کا سکیاں مویشی منڈی کا دورہ، انتظامات کا جائزہ

لاہور (زیڈ این این) عیدالاضحیٰ کے موقع پر شہریوں کو بہترین سہولیات کی فراہمی کے مشن کے تحت ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے سکیاں عارضی مویشی منڈی کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس دورے کا مقصد منڈی میں (بقیہ نمبر 33)

براکہ نیوکلیئر پلانٹ پر ڈرون حملہ عالمی قوانین کی خلاف ورزی، پاکستان کی شدید مذمت

شہری جوہری تنصیبات کو کسی بھی صورت نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے، ترجمان دفتر خارجہ کا بیان

پاکستان اس مشکل وقت میں متحدہ عرب امارات کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے متحدہ عرب امارات کے براکہ نیوکلیئر پلانٹ پر ہونے والے ڈرون حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی قوانین اور جوہری تحفظ کے اصولوں کی سنگین خلاف ورزی قرار دیا ہے۔ ترجمان دفترِ خارجہ نے ا(بقیہ نمبر 32)

ایران کی پاکستانی ثالثی میں امریکا کے ساتھ مذاکرات آگے بڑھ رہے ہیں: ایران

ایران کی جنگ کے خاتمہ پر توجہ ہے، مذاکرات کا عمل مکمل طور پر براہ راست نہیں بلکہ ثالثی چینل کے ذریعے آگے بڑھ رہا ہے

حالیہ پیش رفت کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان بنیادی اختلافات برقرار ہیں، تاہم رابطے کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا: ایرانی وزارت خارجہ

تہران (نیٹ نیوز) ایران کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے کہا ہے کہ تہران اور واشنگٹن کے درمیان بات چیت پاکستان کی ثالثی کے ذریعے جاری ہے اور دونوں فریقین نے ایران کی حالیہ تجویز پر اپنے اپنے ردعمل اور آراء بھی ارسال کر دی ہیں۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کے مطابق ایران کی جنگ کے خاتمہ پر توجہ ہے، مذاکرات کا عمل مکمل طور پر براہ راست نہیں بلکہ ثالثی چینل کے ذریعے آگے بڑھ رہا ہے، جس میں پاکستان کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ ترجمان نے واضح کیا کہ حالیہ پیش رفت کے باوجود دونوں ممالک کے درمیان بنیادی (بقیہ نمبر 27)

سابق صدر راجہ ذوالقرنین خان اور سابق ممبر کشمیر کونسل راجہ بابر علی ذوالقرنین خان (ن) لیگ میں شامل

آزاد جموں و کشمیر کے عوام اب ترقی، میرٹ اور باوقار قیادت کی سیاست کے ساتھ کھڑے ہیں: چوہدری نعیم اختر

ان کی شمولیت نے بھمبر کی سیاست میں نئی روح پھونک دی، چوہدری طارق فاروق کی کامیابی یقینی ہے

پیرس (این این آئی) ممبر مرکزی مجلس عاملہ مسلم لیگ ن و سابق کوآرڈینیٹر وزیراعظم آزاد کشمیر برائے یورپ چوہدری نعیم اختر نے سابق صدر آزاد کشمیر راجہ ذوالقرنین خان اور ان کے سیاسی جانشین راجہ بابر علی ذوالقرنین خان کی مسلم لیگ ن اور چوہدری طارق فاروق کے قافلے میں شمولیت کا زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے اسے بھمبر کی سیاست میں ایک اہم اور خوش آئند پیش رفت قرار دیا ہے۔ اپنے خصوصی بیان میں چوہدری نعیم اختر نے کہا کہ راجہ ذوالقرنین (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: وفاقی وزیر خزانہ اور محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب فنانس ڈویژن ورلڈ بینک کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں



روزنامہ قوت
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

سٹی نیوز

نمازوں کے اوقات



صبح صادق	3:40
فجر	4:40
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:45

فقہ جعفریہ
فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال
111-809-809

سروسز ہسپتال لاہور
99203407-25

میو ہسپتال لاہور
9921110-6

جنرل ہسپتال لاہور
99284092-8

پی آئی سی لاہور
111-786-786

وزیر بلدیات ذیشان رفیق ٹاؤن ہال میں ستھرا پنجاب ایجنسی اور ضلع انتظامیہ کے افسروں کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت ایم سی ایل ٹاؤن ہال میں اہم اجلاس

عیدالاضحیٰ پر لاہور میں کیٹل سیل پوائنٹس پر انتظامات اور صفائی پلان کا جائزہ

اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ذیشان ملک، ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن ر علی اعجاز، تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی بھی موجود

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی لاہور میں عید سے پہلے خصوصی صفائی مہم کے آغاز پر اظہار اطمینان، صفائی آپریشنز کو گلی محلوں میں قربانی کے جانوروں کی آمد کے مطابق ڈھالنے کی ہدایت

لاہور (خبر نگار) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت ایم سی ایل ٹاؤن ہال میں ایک اجلاس کے دوران عیدالاضحیٰ کے موقع پر لاہور میں کیٹل سیل پوائنٹس پر انتظامات اور صفائی پلان کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ذیشان ملک، ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن ر علی اعجاز، تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی بھی موجود تھے۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے لاہور میں عید سے پہلے خصوصی صفائی مہم کے آغاز پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے صفائی آپریشنز کو گلی محلوں میں قربانی کے جانوروں کی آمد کے مطابق ڈھالنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز اپنی حدود میں واقع سیل پوائنٹس کا باقاعدگی سے دورہ کریں۔ سیل پوائنٹس پر پانی، چارے اور پارکنگ کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ سیل پوائنٹس پر سیکیورٹی کا بھی خاص خیال رکھنا ہوگا۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کے لئے ایم سی ایل اور ستھرا پنجاب ایجنسی کا متعلقہ عملہ مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بیوپاریوں کو سیل پوائنٹس سے باہر ہرگز قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت نہ کرنے دی جائے۔ وزیر بلدیات نے زور دیا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور نے جو مقامات نوٹیفائی کئے عارضی مویشی منڈیاں صرف وہیں لگیں گی۔ نجی سیل پوائنٹس کی گزشتہ سال کی طرح اب بھی کوئی اجازت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عید کے تینوں ایام میں لاہور کے اہم مقامات پر سہولت کیمپ لگائے جائیں گے۔ ایم سی ایل اور ستھرا پنجاب کا عملہ کیمپوں میں موجود رہے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ الائشوں کیلئے ماحول دوست بیگز مفت تقسیم کئے جائیں گے۔ انہوں نے اپیل کی کہ شہری انہی بیگز میں الائشیں ڈال کر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر زیرو ویسٹ کا حکم دیا ہے۔ اس کے لئے اضافی وسائل بھی مہیا کئے گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ کے مشیر ذیشان ملک نے ہدایت کی کہ لاہور میں گزشتہ سال کے چیلنجز مدنظر رکھتے ہوئے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر الائشوں کیلئے اضافی ویسٹ انکلوژرز بھی قائم کئے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن ر علی اعجاز نے اجلاس کو بتایا کہ نجی رہائشی سکیموں اور ریلوے ایریاز کے لئے بھی خصوصی پلان بنایا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنرز حکومتی ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے۔

کسان خوشحالی، فوڈ سیکیورٹی مشن ڈی سی لاہور کا مغل پورہ گندم خریداری مرکز کا دورہ

لاہور (خبر نگار) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے "خوشحال کسان" وژن اور صوبے میں فوڈ سیکیورٹی کو ہر صورت یقینی بنانے کے پختہ عزم کی روشنی میں ضلعی انتظامیہ لاہور نے گندم کی خریداری کے عمل کو شفاف، سہل اور کسان دوست بنانے کے لیے تمام تر انتظامی وسائل کو فیلڈ میں متحرک کر دیا ہے ... اسٹریٹجک پالیسی کے تحت گندم کا ایک ایک دانہ صرف اور صرف مقررہ سرکاری امدادی قیمت پر خریدا جائے تاکہ کسی بھی سطح پر کسان کا استحصال ممکن نہ رہے۔ دورے کے دوران ڈپٹی کمشنر کو گندم کی خریداری کے اہداف کو مقررہ وقت پر حاصل کرنے کے لیے کیے گئے لاجسٹک انتظامات اور روزانہ کی بنیاد پر موصول ہونے والے اسٹاک کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی جس پر انہوں نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ کاشتکاروں کی سہولت کے لیے فیلڈ میں مکمل طور پر متحرک ہے اور اس پورے عمل میں کرپشن، بدعنوانی، ذخیرہ اندوزی یا کسی بھی قسم کی بیوروکریٹک رکاوٹ کے خلاف زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ انہوں نے متعلقہ عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ تمام ... صاف پانی، سایہ دار انتظار گاہوں اور دیگر بنیادی سہولیات کی فراہمی کو بھی یقینی بنانے کا حکم دیا تاکہ کاشتکاروں کو اپنی فصل لانے میں کسی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے اور وہ ایک پرسکون ماحول میں اپنا کاروبار کر سکیں۔ بریفنگ کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر لاہور نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ فوڈ سیکیورٹی کے اس مشن کو ہر صورت کامیاب بنایا جائے گا۔

نیتن یاہو سے فون پر گفتگو کے بعد ٹرمپ کا ایران کو تیزی سے کارروائی کا انتباہ

واشنگٹن (شنہوا) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران کو خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ "وقت تیزی سے گزر رہا ہے" اور ایک بار پھر دھمکی دی کہ اگر ایران کی قیادت نے جلد کارروائی نہ کی تو ایران کے پاس کچھ بھی باقی نہیں بچے گا۔ ٹرمپ نے اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر لکھا کہ ایران کے لئے وقت تیزی سے گزر رہا ہے، انہیں فوراً حرکت میں آنا چاہیے، ورنہ ان کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہے گا۔ وقت انتہائی اہم ہے۔ متعدد میڈیا رپورٹس کے مطابق اتوار کے روز ٹرمپ نے اسرائیلی وزیر اعظم بنیامین نیتن یاہو سے ایران کے بارے میں فون پر بات کی جبکہ وائٹ ہاؤس ایران کے خلاف ممکنہ فوجی کارروائی کے مختلف آپشنز پر غور کر رہا ہے۔ امریکی خبر رساں ادارے ایکسیوس نے دو امریکی حکام کے حوالے سے رپورٹ کیا ہے کہ ٹرمپ منگل کے روز وائٹ ہاؤس میں اپنی قومی سلامتی ٹیم سے ملاقات کریں گے جس میں فوجی آپشنز پر غور کیا جائے گا۔

چین کے شمال مشرقی صوبے ہئی لونگ جیانگ کے شہر ہاربن میں منعقدہ 10 ویں چین۔روس نمائش کے دوران سیاح ہائبرڈ موٹر سائیکلوں کے بارے میں معلومات حاصل کر رہے ہیں۔ (شنہوا)

چین کی جاپان کو عسکریت پسندی کی طرف اپنی پیش قدمی روکنے کی تاکید

بیجنگ (شنہوا) چین نے جاپان پر زور دیا ہے کہ وہ تائیوان ریجن سے متعلق اپنے غلط بیانات اور اقدامات کی اصلاح کرے اور دوبارہ عسکریت پسندی کی طرف پیش قدمی کو روکے۔ چینی وزارت خارجہ کے ترجمان گو جیا کن نے روزانہ کی پریس بریفنگ میں کہا کہ جاپان میں دائیں بازو کی قوتیں دوسری جنگ عظیم کے بعد کے بین الاقوامی نظام کو چیلنج کرنے کی کوشش کر رہی ہیں اور اس طرح وہ ایشیا بحرالکاہل میں امن کی بنیاد کو نقصان پہنچا رہی ہیں۔

امریکہ کے ساتھ مل کر مستحکم اور مثبت تعلقات کو فروغ دینے کے لئے تیار ہیں، چینی فوج

بیجنگ (شنہوا) چینی وزارت دفاع کے ترجمان نے کہا ہے کہ چین، امریکہ کے ساتھ مل کر مستحکم اور مثبت فوجی تعلقات کی پائیدار اور طویل مدتی ترقی کو فروغ دینے کے لئے تیار ہے۔ وزارت قومی دفاع کے ترجمان جیانگ بن نے یہ بات چین اور امریکہ کے سربراہان مملکت کے درمیان حالیہ ملاقات سے متعلق میڈیا کے سوال کے جواب میں کہی ہے۔

آسٹریا کے شہر ویانا میں یوروویژن گیتوں کے مقابلے کے خلاف ریلی کے دوران مظاہرین ایک کنسرٹ میں شریک ہیں، 5 ممالک نے اسرائیل کی شرکت کے باعث مقابلے کا بائیکاٹ کیا۔ (شنہوا)

جماعت اسلامی کی بڑی کامیابی: ایس اے گارڈن کے متاثرین کو پلاٹوں کے پوزیشن لیٹرز ملنا شروع

ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے متاثرین کو حق ملنے تک جدوجہد جاری رہے گی، مظلوموں کی دادرسی ہمارا مشن ہے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ

لاہور (خبر نگار) جماعت اسلامی لاہور کی پبلک ایڈ کمیٹی کی مسلسل، مخلصانہ اور بھرپور جدوجہد رنگ لے آئی۔ سالہا سال سے اپنے جائز حق سے محروم ہاؤسنگ سوسائٹی متاثرین کے لیے بڑی خوشخبری سامنے آگئی ... لاہور میں ایک پروقار تقریب منعقد کی گئی، جہاں متاثرین میں پوزیشن لیٹرز تقسیم کیے گئے۔ تقریب میں امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری، صدر پبلک ایڈ کمیٹی قیصر شریف، سیکرٹری شاہد نوید ملک، کنوینیر ہاؤسنگ سوسائٹی احمد سلمان بلوچ، عثمان افضل، مشتاق بٹ اور ایس اے گارڈن انتظامیہ کے اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ تقریب کے دوران کئی برسوں سے اپنے حق کے حصول کے لیے دربدر ہونے ... لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ کی قیادت میں ایس اے گارڈن انتظامیہ کے ساتھ انتہائی سنجیدہ، پیشہ ورانہ اور نتیجہ خیز مذاکرات کیے۔ مختلف سیشنز پر مشتمل ان مذاکرات کے بعد دونوں فریقین کے درمیان پلاٹوں کی حوالگی کے تفصیلی شیڈول پر مکمل اتفاق رائے طے پایا۔ بعد ازاں اس تحریری معاہدے پر ایس اے گارڈن کے سی ای او شعیب افضل، ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ اور دیگر قائدین نے دستخط ... لاہور کے متاثرین کی دادرسی کے لیے کوشاں ہے۔ جب تک مختلف ہاؤسنگ سوسائٹیوں کے تمام متاثرین کو ان کا جائز حق نہیں مل جاتا، جماعت اسلامی اپنی قانونی، سیاسی اور عوامی جدوجہد جاری رکھے گی۔ انہوں نے پبلک ایڈ کمیٹی کی پوری ٹیم کو ایس اے گارڈن متاثرین کے لیے بڑا ریلیف یقینی بنانے اور مذاکرات کو کامیابی سے ہمکنار کرنے پر زبردست خراج تحسین پیش کیا

راوی روڈ پولیس نے پابندی کے باوجود کشادہ سڑکوں پر ویلنگ کرنے والے 17 منچلے گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) راوی روڈ پولیس نے پابندی کے باوجود کشادہ سڑکوں پر ویلنگ کرنے والے 17 منچلے گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق راوی روڈ پولیس نے کریک ڈاؤن کے دوران صبح سویرے جتھوں اور ٹولیوں کی صورت میں نکل کر خطرناک ون ویلنگ کرنے والے 17 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے زیر استعمال ویلنگ کے لیے تیار کی گئی موٹر سائیکلوں کو بھی پولیس تحویل میں لے کر مقدمات درج کر لیے

ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹ بورڈ پاکستان کے اسٹیشن والٹن کنٹونمنٹ بورڈ میں ہورڈنگ ٹیکس بقایاجات کمپنیوں کے خلاف دبنگ آپریشن



لاہور (سٹاف رپورٹر) ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹ بورڈ پاکستان کے اسٹیشن والٹن کنٹونمنٹ بورڈ میں ہورڈنگ ٹیکس بقایاجات کمپنیوں کے خلاف دبنگ آپریشن۔ متعدد فلکس اتار دی گئیں جن کے ذمے لاکھوں روپے کے بل بقایا تھے۔ تفصیلات کے مطابق ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹ بورڈ پاکستان کے اسٹیشن والٹن کنٹونمنٹ۔ بورڈ کے اسٹیشن کمانڈر۔ اور والٹن کنٹونمنٹ بورڈ کے ایگزیکٹو افیسر عثمان عارف کی ہدایت پر انچارج و اسٹاف ہورڈنگ برانچ نے مئی کے مہینے میں متعدد ہورڈنگ و ایڈورٹائزنگ ٹیکس کے بقایاجات و نادہندگان کے خلاف گرینڈ اپریشن کیا اور تقریبا 14 سے زائد بل بورڈز کی فلیکس اتار کر داخل دفتر کر دی گئی جبکہ جن کے زمہ لاکھوں روپے کے بقایاجات ہیں۔ ان کو بقایا جات جلد جمع کروانے کی ہدایات۔

7 بھارتی طیارے گرا کر پاکستانی فوج نے قوم کا سر فخر سے بلند کر دیا: محمد نواز

لاہور (محمد اسلم ابراہیم) بھارت کو منہ توڑ جواب دینے اور 7 بھارتی طیارے مار گرانے کا ایک سال مکمل فوج کے ساتھ اظہار یکجہتی کے طور پر معرکہ حق منایا گیا اس موقع پر پی پی 166 سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما محمد نواز گوڈ چلایانے سے خصوصی گفتگو اک آرمی اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں، رہنما محمد نواز پی پی 166 سے پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما محمد نواز کی اے ایم ٹی وی سے خصوصی گفتگو سپہ سالار سید عاصم منیر کی زیر قیادت پاک آرمی نے 7 بھارتی طیارے مار گرائے، محمد نواز بھارت کو منہ توڑ جواب دینے کا ایک سال مکمل ہونے پر معرکہ حق نے پاک آرمی کی بہادری کی یاد تازہ کر دی

ڈائریکٹر فرینچ کلچر سینٹر لاہور مسٹر فابریس ڈس ڈیئر کا ویٹرنری یونیورسٹی لاہور کا دورہ، ملاقات کے دوران دونوں ممالک کے تعلیمی اداروں کے درمیان سائنٹفک تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال



لاہور (خبر نگار) ڈائریکٹر فرینچ کلچر سینٹر لاہور مسٹر فابریس ڈس ڈیئر نے گذشتہ روز یونیورسٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز لاہور کا دورہ کیا اور وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی سمیت سینئر پروفیسر سے ملاقات کی۔ درس اثناء سٹی کیمپس میں اجلاس کا انعقاد ہوا جس کی صدارت پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی نے کی ... نے پر پروفیسر ڈاکٹر عمران رشید کی کاوشوں اور کردار کو سراہا نیز انہوں نے ویٹرنری یونیورسٹی لاہور کا فرانس کے مختلف تعلیمی اداروں کے ساتھ تعاون قائم کروانے کے لیے اپنا اہم کردار ادا کرنے کی بھی یقین دہانی کروائی۔ پروفیسر ڈاکٹر عمران رشید نے مسٹر فابریس کو ویٹرنری یونیورسٹی لاہور اور الا ... کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنا تھا۔ وفد سے خطاب کرتے ہوئے پروفیسر ڈاکٹر مسعود ربانی نے طلبہ کو فیلڈ سے متعلقہ عملی صلاحیتیں سیکھنے اور پری انٹرنشپ پر زور دیا نیز طلبہ کو لائیو سٹاک کے شعبہ اور مویشی پال کسانوں کی خدمت میں موثر کردار ادا کرنے کی تلقین بھی کی۔

ڈی آئی جی سنٹرل زون شاہد جاوید نے سیکٹر تھری رحیم یار خان کا دورہ کیا

لاہور (کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی سنٹرل زون شاہد جاوید نے سیکٹر تھری رحیم یار خان کا دورہ کیا جہاں انہیں چاق و چوبند دستے نے سلامی پیش کی جبکہ سیکٹر کمانڈر رانا محمد اسماعیل نے ان کا استقبال کیا۔ مترجمان کے مطابق ڈی آئی جی شاہد جاوید کو سیکٹر کی مجموعی کارکردگی، انتظامی و آپریشنل امور اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ اس موقع پر انہوں نے مختلف دفاتر، رہائش گاہوں اور روشن بھیٹ بیٹ 24 کے رینوویشن پراجیکٹ کا معائنہ بھی کیا۔ اس موقع پر ڈی آئی جی شاہد جاوید نے موٹر وے پولیس کمپلیکس کرم آباد میں سوئمنگ پول کا افتتاح کیا جبکہ شہدائی کی یادگار پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے ساتھ فاتحہ خوانی بھی کی۔ زونل کمانڈر نے کمپلیکس میں یادگاری پودا بھی لگایا۔ دورے کے دوران افسران و اہلکاروں کے مسائل سن کر فوری احکامات جاری کیے گئے۔ ڈی آئی جی نے افسران کو ہدایت کی کہ روڈ یوزرز کے ساتھ خوش اخلاقی اور پیشہ ورانہ رویہ اپنایا جائے اور عوام کو محفوظ اور بہترین سفری سہولیات کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے۔

PROJECT IMPLEMENTATION UNIT (PIU)
PUNJAB URBAN LAND SYSTEMS ENHANCEMENT (PULSE)
Punjab Land Records Authority (PLRA)
Government of the Punjab
****

Request for Bids Goods

(One-Envelope Bidding Process)

Country: Pakistan
Name of Project: Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) Project
Contract Title: Procurement of Firewall/Router and Access Point for new WAN sites
Credit No.: 7041-PK
Reference No. PK-PLRA-551693-GO-RFB

1. The Project Implementation Unit, Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) [illegible] the Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) Project and intends to apply part of the proceeds toward payment of Procurement of Firewall/Router and Access Point for new WAN sites across the Punjab.
2. The Project Implementation Unit, Punjab Urban Land Systems Enhancement (PULSE) Project, Govt. of Punjab now invites sealed bids along with value of bids security of **PKR.500,000/-** from eligible bidders having relevant experience for the said procurement.
3. Bidding will be conducted through the Single Stage One-Envelope method using national market approach in accordance with the World Bank's Procurement Regulations for IPF Borrowers" dated November 2020 ("Procurement Regulations") and is open to all eligible bidders as defined in the Procurement Regulations.
4. Interested eligible bidders may obtain further information from the office and inspect the bidding documents during office hours 0900 to 1700 hours at the address given below or from the website.
5. The bidding document in English language may be downloaded by interested eligible Bidders from the website: https://pulse.gop.pk/.
6. Bids must be delivered to the address below on or before **1200 hours June 10, 2026 (Wednesday)**. Electronic bidding will not be permitted. Late bids will be rejected. Bids will be publicly opened in the presence of the bidders' designated representatives and anyone who choose to attend at the address below on **June 10, 2026 (Wednesday)** at **1200 hours**. All bids must be accompanied by a **Bid Security** of required value in shape of CDR or unconditional bank guarantee.
7. The address referred to above is:

PROCUREMENT SPECIALIST
Punjab Urban Land Systems Enhancement
Punjab Land Records Authority (PLRA)
Government of the Punjab, Pakistan
158-A Abu Bakar Block, Garden Town, Lahore.
Ph: 042-37882061-63
https://pulse.gop.pk/

IPL:5053

والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کی جانب سے لاہور قلعہ میں گرمکھی زبان کے کورس کا آغاز

لاہور، (تخلیق صدیقی سے) حکومت پنجاب کی ہدایات پر والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی نے ریجنل ڈائیلاگ فورم کے اشتراک سے لاہور قلعہ میں گرمکھی کورس (لیول 1) کا آغاز کر دیا ہے، جس کا مقصد ثقافتی آگاہی، لسانی ورثے کے فروغ اور بین المذاہب ہم آہنگی کو فروغ دینا ہے۔ اس کورس کا آغاز اکبری محل کتب خانہ و آرکائیوز، لاہور قلعہ میں 6 مئی سے 25 مئی 2026 تک کیا گیا ہے۔ اس کورس کی تدریس ریجنل ڈائیلاگ فورم سے استاد شبیر کر رہے ہیں۔ یہ اقدام والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کی جانب سے لاہور اور پنجاب سے وابستہ متنوع ثقافتی اور تاریخی ورثے کے تحفظ اور فروغ کے لیے جاری کوششوں کا حصہ ہے۔ گرمکھی رسم الخط خطے کی تاریخ، ادب اور ثقافت میں خصوصی اہمیت رکھتا ہے، اور اس کورس کا مقصد شرکاء کو اس زبان اور رسم الخط کی بنیادی سمجھ اور آگاہی فراہم کرنا ہے۔ والڈ سٹی آف لاہور اتھارٹی کے ڈائریکٹر جنرل نجم الثاقب نے کہا کہ پنجاب کے کثیر اللسانی اور کثیر الثقافتی ورثے کا تحفظ ہمارے بنیادی مقاصد میں شامل ہے۔ گرمکھی کورس جیسے اقدامات ثقافتی ہم آہنگی، تحقیق اور خطے کے عظیم تاریخی ورثے کے حوالے سے عوامی شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کے زیر اہتمام معرکہ حق شیر پنجاب دنگل کا انعقاد ہوا

صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ و MPA فیصل اکرام کی شرکت

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) پنجاب کی صدیوں پر محیط کشتی کی تاریخ، ثقافت اور کھیلوں کے جذبے کو ایک بار پھر زندہ کر دیا۔ فلڈ لائٹس کی روشنی میں منعقد ہونے والے اس منفرد سپورٹس ایونٹ میں صوبہ بھر سے 26 نامور پہلوانوں نے شرکت کی اور دلچسپ، سنسنی خیز اور طاقت کے بھرپور مظاہرے پر مشتمل دیسی کشتی کے مقابلوں نے شائقین سے خوب داد وصول کی۔ تقریب کا آغاز شاندار آتش بازی سے ہوا جس سے پورا اسٹیڈیم جگمگا اٹھا، جبکہ روایتی گھوڑوں کے ڈانس اور خوبصورت بھنگڑا پرفارمنس نے حاضرین کے جوش و خروش کو دوبالا کر دیا۔ پنجاب کی ثقافت، روایات اور کھیلوں کا حسین امتزاج دیکھنے کیلئے شہریوں کی بڑی تعداد اسٹیڈیم میں موجود رہی اور ہر مقابلے پر پہلوانوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کرتی رہی۔ صوبائی وزیر محنت و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے بطور مہمانان خصوصی شرکت کی۔ انہوں نے تالاب شیخ مولا بخش اسٹیڈیم کی بحالی، تزئین و آرائش اور امپروومنٹ منصوبے کا افتتاح کیا اور کہا کہ پنجاب کی روایتی کھیلوں خصوصاً کشتی کو فروغ دینا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے کیونکہ کشتی پنجاب کی تاریخ، ثقافت اور پہچان کا اہم حصہ ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو عباس ذوالقرنین، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ رانا صفدر شبیر، چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن زبیر وٹو، ڈی ایس او افتخار گوندل، فرخ حفیظ بٹ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی ممتاز شخصیات بھی موجود تھیں۔ دنگل کے اختتام پر کامیاب پہلوانوں میں گرز، ٹرافیاں اور نقد انعامات تقسیم کیے گئے جبکہ مجموعی طور پر 8 لاکھ روپے کے کیش انعامات دیے گئے۔ شائقین نے فلڈ لائٹس میں ہونے والے ان مقابلوں، ثقافتی پروگراموں اور تاریخی دنگل کو سیالکوٹ کی کھیلوں کی تاریخ کا یادگار ایونٹ قرار دیا۔

تھانہ مزنگ پولیس نے 2 ریکارڈ یافتہ منشیات فروش گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) تھانہ مزنگ پولیس نے 2 ریکارڈ یافتہ منشیات فروش گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے ترجمان کے مطابق مزنگ پولیس نے خفیہ اطلاع پر میانی صاحب قبرستان سے وقاص اور حمزہ کو گرفتار کر کے ملزمان کے قبضے سے 1320 گرام چرس اور 520 گرام آئس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان علاقہ کے گردونواح میں چل پھر کر منشیات سپلائی کرنے کے علاوہ سابقہ ریکارڈ یافتہ ہیں جو چوری اور ڈکیتی کے سنگین مقدمات میں پولیس کو مطلوب تھا۔

باٹا پور کے علاقہ میں شوہر کے بے پیانہ تشدد سے بیوی جاں بحق ہو گئی

لاہور (کرائم رپورٹر) باٹا پور کے علاقہ میں شوہر کے بے پیانہ تشدد سے بیوی جاں بحق ہو گئی جبکہ ملزم موقع سے فرار ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لئے منتقل کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے اس کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارنے شروع کر دیے تفصیلات کے مطابق باٹا پور کے علاقے میں گھریلو تنازع پر نذر نامی شخص نے اپنی بیوی بسمہ کو تشدد کا نشانہ بنایا جس سے وہ بے ہوش ہو گئی اس دوران نذر موقع سے فرار ہو گیا 25 سالہ بسمہ کو بے ہوشی کی حالت میں طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کیا گیا جہاں وہ جانبر نہ ہو سکی اطلاع ملنے پر پولیس نے لاش پوسٹمارٹم کے لئے منتقل کر کے مقتولہ کے والد طارق کی مدعیت میں ملزم نذر عباس کے خلاف مقدمہ درج کر کے اس کی گرفتاری کے لیے ٹیم تشکیل دے کر چھاپے مارنے شروع کر دیے

ہڈیارہ پولیس نے مختلف کارروائیوں میں 3 منشیات فروش گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) ہڈیارہ پولیس نے مختلف کارروائیوں میں 3 منشیات فروش گرفتار کر کے مقدمات درج کر لیے ترجمان کے مطابق ایس پی کینٹ اختر نواز کی ہدایت پر منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران ہڈیارہ پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران پٹرولنگ چل پھر کر منشیات بیچنے والے مختلف مقامات سے 03 منشیات فروش غلام مصطفیٰ، عامر اور علی رضا کو گرفتار کر کے ملزمان سے ڈیڑھ کلو سے زائد ہیروئن برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے

لاہور: ٹوکے کے وار سے ٹیلر ماسٹر کو اس کے گھر میں قتل کر دیا گیا



لاہور (چوہدری شہزاد گجر سے) میں سفاکانہ قتل مصری شاہ میں ٹیلر ماسٹر گھر میں قتل اسرار خان: لاہور کے علاقے مصری شاہ میں افسوسناک واقعہ پیش آیا جہاں ایک ٹوکے کے وار سے ٹیلر ماسٹر کو اس کے گھر میں قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق نامعلوم ملزمان واردات کے بعد موقع پر ٹوکہ چھوڑ کر فرار ہو گئے مقتول کی شناخت 60 سالہ شوکت کے نام سے ہوئی ہے جو بے اولاد اور گھر میں اکیلا رہتا تھا۔ پولیس نے بتایا کہ مقتول کی بیوی چند سال قبل وفات پا چکی تھی۔ حکام کے مطابق جائے وقوعہ سے شواہد اکٹھے کر لیے گئے ہیں جبکہ لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے مردہ خانے منتقل کر دیا گیا ہے جبکہ پولیس کا کہنا ہے کہ واقعے میں ملوث ملزمان کی تلاش جاری ہے اور مختلف پہلوؤں سے تفتیش کی جا رہی ہے۔

مانگا منڈی انوسٹی گیشن پولیس نے 13 سالہ ثاقب علی کے اندھے قتل کا معمہ حل کر کے مقتول کے دوست ملزم کو گرفتار کر لیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مانگا منڈی انوسٹی گیشن پولیس نے 13 سالہ ثاقب علی کے اندھے قتل کا معمہ حل کر کے مقتول کے دوست ملزم کو گرفتار کر لیا ترجمان کے مطابق مانگا منڈی کے علاقے میں 13 سالہ بچے کے قتل کی واردات کا نوٹس لیتے ہوئے ڈی آئی جی انوسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے ایس پی صدر انوسٹی گیشن کی سربراہی میں ملزمان کو گرفتار کرنے کے لئے ٹیم تشکیل دی گزشتہ روز انچارج انوسٹی گیشن تھانہ مانگا منڈی مرتضیٰ اسلم نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کارروائی کر کے ملزم کو گرفتار کر لیا، پولیس کا کہنا ہے مقتول اور ملزم آپس میں گہرے دوست تھے وقوعہ کے روز ملزم نے معمولی رنجش کی بنائی پر 13 سالہ ثاقب علی کو سر میں پتھر مار کر اور بعد میں گلے میں پھندا ڈال کر قتل کر کے موقع سے فرار ہو گیا تھا جس کو جدید ٹیکنالوجی سمیت ہیومن انٹیلیجنس کی مدد سے گرفتار کیا گیا ہے،

اے سی پسرور بہترین ایڈمنسٹریٹر ہیں: عمائدین شہر پسرور کی روزنامہ قوت سے گفتگو

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) بطور اسسٹنٹ کمشنر پسرور تمام شعبہ ہائے زندگی کیجانب توجہ کر رہی ہیں۔ شہری حلقے۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثناء شرافت نے شہری کی جانب سے نجی ہوٹل سوکونڈ میں ناقص صفائی ستھرائی کی شکایت کا فوری نوٹس لیتے ہوئے پرائس مجسٹریٹ کو موقع پر بھجوایا۔ معائنہ کے دوران صفائی کی صورتحال غیر تسلی بخش پائی گئی جس پر ہوٹل انتظامیہ کو 10 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر پسرور نے واضح ہدایات جاری کیں کہ عوام کو صاف ستھرا اور معیاری ماحول فراہم کرنا ہر صورت یقینی بنایا جائے جبکہ حفظان صحت کے اصولوں پر عملدرآمد نہ کرنے والوں کے خلاف کارروائیاں جاری رہیں گی۔ دوسری جانب روزنامہ قوت کے سروے کے دوران مختلف مکاتب فکر کے عمائدین شہر کا کہنا ہے کہ اسسٹنٹ کمشنر پسرور نے اپنی تعیناتی سے لیکر بطور بہترین ایڈمنسٹریٹر انجمن تاجران سے لیکر عوامی مسائل کے خاتمے کیلئے عملی اقدامات کئے ہیں۔ اراضی ریکارڈ و نادرا سنٹرز، محکمہ صحت و ایجوکیشن سمیت ہوٹلز و فوڈ چیکنگ، سبزی و فروٹ منڈی اور بازاروں میں پرائس کنٹرول سے لیکر انکروچمنٹ آپریشن تک انتہائی سرعت سے کئے جا رہے ہیں جس پر پسرور کے شہری مطمئن ہیں

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور''(3)19 مئی 2026ء

ڈی ایچ کیو ہسپتال میں پہلا ہیلتھ نیوٹریشن اینڈ سٹیبلائزیشن وارڈ قائم کر دیا گیا

صوبائی وزیر صحت وآبادی پنجاب خواجہ عمران نذیر وزیر اعلیٰ کی کوارڈینیٹر ایم این اے سائرہ افضل تارڑ ڈبلیو ایچ او کی نمائندہ (ELLEN MPANGANANJI THOM) ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پنجاب مسز وقار النساء نے وارڈ کا افتتاح کیا

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) حافظ آباد میں غذائی کمی کے شکار کم عمر بچوں کے علاج معالجہ کے لیے محکمہ صحت حکومت پنجاب اور ڈبلیو ایچ او کے اشتراک سے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں پہلا ہیلتھ نیوٹریشن اینڈ سٹیبلائزیشن وارڈ قائم کردیا گیا صوبائی وزیر صحت وآبادی پنجاب خواجہ عمران نذیر، وزیر اعلیٰ کی کوارڈینیٹر ایم این اے سائرہ افضل تارڑ ڈبلیو ایچ او کی نمائندہ (ELLEN MPANGANANJI THOM)، ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق اور ڈائریکٹر بینظیر انکم سپورٹ پروگرام پنجاب مسز وقار النساء نے وارڈ کا افتتاح کیا صوبائی وزیر ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ویلفیئر پنجاب خواجہ عمران نذیر کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی سربراہی میں صوبہ بھر میں صحت کے شعبہ کی ترقی اور مریضوں کے بہتر علاج معالجہ کے لیے انقلابی اقدامات کیے جارہے ہیں غذائی قلت کا شکار کم عمر بچوں کے بہتر علاج معالجہ اور انکی غذائی قلت پوری کرنے کے لیے ڈی ایچ کیو ہسپتال حافظ آباد میں قائم کیے جانے والے وارڈ اپنی نوعیت کا منفرد اور مثالی پروگرام ہے محکمہ صحت اور ڈبلیو ایچ او کے تعاون سے قائم کیے جانے والے اس وارڈ میں بچوں کی مکمل سکریننگ، ٹیسٹ اور علاج معالجہ کی سہولت دستیاب ہوگی۔صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ چیف منسٹر پنجاب کے وژن کے تحت پنجاب کے مختلف اضلاع میں دل کے عارضہ میں مبتلا مریضوں کے فوری اور بہتر علاج کے لیے کیتھ لیب بنائی جارہی ہیں اور انشاءاللہ حافظ آباد میں بھی یہ کیتھ لیب جلد مکمل بنادی جائیگی انکا کہنا تھا کہ مریضوں کو بروقت اور بہتر علاج معالجہ کی سہولیات کی فراہمی حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے اور وزیر اعلیٰ خاص طور پر صحت کے شعبہ پر توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ حافظ آباد میں زیر تعمیر نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال کا تعمیراتی کام بہت جلد مکمل ہوجائیگا انہوں نے واضح کیا کہ نئے ڈی ایچ کیو ہسپتال میں مریضوں کے بیڈز اور سہولیات میں کسی قسم کی کوئی کمی نہیں کی جارہی،وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف اور ایم این اے سائرہ افضل تارڑ کی قیادت میں عوامی سہولیات میں اضافہ تو کیا جاسکتا ہے لیکن کمی کسی صورت نہیں آسکتی۔

پیٹرول پرائسز بڑھنے سے امپورٹرز و ایکسپورٹرز کو مشکلات کا سامنا ہے۔عمر عابد بٹ

ایران امریکہ جنگ نے بزنس کمیونٹی کو متاثر کیا ہے۔ ملک صابر محمود

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) پیٹرول پرائسز بڑھنے سے ٹریڈ باڈیز و بزنس کمیونٹی شدید متاثر ہورہی ہے جس کے اثرات لامحالہ ہوشربا مہنگائی کی صورت میں عام شہریوں کا برداشت کرنا پڑ رہے ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب کی بہتر حکمت عملی کے تحت کئے گئے اقدامات سے ابھی تک گروسری و اجناس وغیرہ کی قیمتیں مستحکم ہیں۔ان باتوں کا اظہار مرکزی انجمن تاجران سیالکوٹ کی روح رواں عمر عابد بٹ سابقہ چیئرمین اور صدر انجمن تاجران ریلوے روڈ ملک صابر محمود نے ایوان صنعت و تجارت سیالکوٹ میں اہم میٹنگ کے بعد سنیئر جرنلسٹس کیساتھ میڈیا ٹاک میں کیا انہوں نے کہا کہ پاکستان کو ایران امریکہ جنگ میں بطور ثالث پزیرائی مل رہی ہے مگر افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ خطے کے دیگر پڑوسی ممالک خصوصاً بنگلہ دیش و انڈیا اور افغانستان پر اس کے اثرات کم جبکہ وطن عزیز پر زیادہ مرتب ہوئے ہیں۔

شاہراہ قائد اعظم روڈ پر تعمیراتی کام سست روی کا شکار

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) شاہراہ قائد اعظم روڈ پر تعمیراتی کام سست روی کا شکار کاروباری زندگی مفلوج لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا تفصیلات کے مطابق گزشتہ تین ماہ سے زیادہ کا عرصہ گزر جانے کے باوجود شاہراہ قائد اعظم سے ملحقہ دیگر بازاروں میں تعمیراتی کام سست روی کا شکار ہے فن پارہ پلازہ پارکنگ کے قریب فرنیچر مارکیٹ کا روڈ عرصہ تین ماہ سے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہے ہر وقت گرد وغبار اڑنے سے لوگ مختلف بیماریوں کا شکار ہونے لگے جبکہ ٹھیکیدار اور دیگر عملہ سست روی کا شکار ہے مقامی افراد نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بتایا کہ تین ماہ سے زیادہ کا عرصہ گزر چکا ہے ہمارے کاروبار نہ ہونے کے برابر ہے جبکہ فن پارہ پلازہ پارکنگ کے قریب فرنیچر مارکیٹ کی تینوں گلیاں ابھی تک مکمل نہ ہوسکیں

چنیوٹ کا ریلوے اسٹیشن کا مین گیٹ عرصہ دراز سے بند

ریل گاڑیوں کے روٹ منسوخ ہونے سے سٹیشن ویران ہوگیا مسافروں کی مشکلات میں اضافہ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) محکمہ ریلوے کی غفلت کے باعث چنیوٹ کا ریلوے اسٹیشن کا مین گیٹ عرصہ دراز سے بند، جبکہ ریل گاڑیوں کے روٹ منسوخ ہونے سے سٹیشن ویران ہوگیا مسافروں کی مشکلات میں اضافہ تفصیلات کے مطابق ریلوے اسٹیشن چنیوٹ کا خوبصورت ریلوے اسٹیشن ایک صدی قبل برطانوی عہد میں چک جھمرہ شاہین آباد ریلوے سیکشن پر تعمیر ہوا، کبھی اس ٹریک پر چناب ایکسپریس اور سپر ایکسپریس دوڑا کرتی تھیں، آج بھی اس ٹریک کو عوام کی سہولت کے لیے ریل گاڑیوں کے روٹ دوبارہ بحال کیے جائیں تو کراچی سے پشاور اور کراچی سے میانوالی جانے والے مسافروں کے لیے بہترین روٹ ہے لیکن حکومتی اداروں کی غفلت اور لاپرواہی کی وجہ سے چنیوٹ شہر میں متعدد ریل گاڑیوں کے روٹ بند ہونے سے کاروباری افراد کے ساتھ ساتھ عام شہریوں اور مسافروں کی مشکلات میں روز بروز اضافہ ہورہا ہے شہری و سماجی حلقوں نے قیصر احمد شیخ وفاقی وزیر سرمایہ کاری بورڈ اور وزیر ریلوے محترمہ ڈی سی عائشہ رضوان سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ ریلوے اسٹیشن ہمارا تاریخی ورثہ ہے اس پر فوری طور پر توجہ دی جائے اور اس کو محفوظ کیا جائے، اور ہنگامی بنیاد پر عمارت کی خستہ حالی کا نوٹس لیتے ہوئے فنڈز کا اجرا کیا جائے اور تمام روٹس بحال کیے جائیں۔

عیدالاضحیٰ کی آمد کے پیش نظر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور مویشی منڈیوں میں امن وامان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے جھنگ پولیس نے سکیورٹی انتظامات مزید مؤثر اور مربوط بنادیے

جھنگ (بیورو رپورٹ) عیدالاضحیٰ کی آمد کے پیش نظر شہریوں کے جان و مال کے تحفظ اور مویشی منڈیوں میں امن و امان کے قیام کو یقینی بنانے کیلئے جھنگ پولیس نے سکیورٹی انتظامات مزید مؤثر اور مربوط بنادیے ہیں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر جھنگ ساجد حسین کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر کی مویشی منڈیوں میں اضافی نفری تعینات کردی گئی ہے تاکہ خریداروں، بیوپاریوں اور شہریوں کو محفوظ ماحول فراہم کیا جاسکے۔ڈی پی او جھنگ کے احکامات کے مطابق عیدالاضحیٰ کے خاص ایام تک 339 پولیس افسران اور جوان مختلف مویشی منڈیوں اور حساس مقامات پر سکیورٹی کے فرائض انجام دیں گے۔پولیس اہلکار نہ صرف داخلی وخارجی راستوں کی مؤثر نگرانی کریں گے بلکہ مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنے، ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے اور ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹنے کیلئے بھی ہمہ وقت متحرک رہیں گے۔ڈی پی او جھنگ ساجد حسین نے کہا کہ عید کے پرمسرت موقع پر شہریوں کو تحفظ اور اعتماد کا احساس ملنا چاہیے۔مویشی منڈیوں میں جیب تراشی، نوسربازی، چوری اور دیگر جرائم کے امکانات کے پیش نظر سکیورٹی پلان کو مزید مضبوط کیا گیا ہے تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی گنجائش باقی نہ رہے۔انہوں نے واضح کیا کہ جھنگ پولیس عوامی تحفظ کیلئے مکمل طور پر الرٹ ہے، اور کسی بھی مشکوک سرگرمی، بدامنی یا قانون شکنی کے خلاف فوری اور بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت کو منظم، محفوظ اور شہریوں کیلئے سہل بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ متحرک

اس کے علاوہ سیل پوائنٹس پر ویسٹ مینجمنٹ اور صفائی کے عملے کو بھی متحرک رکھا گیا ہے

جھنگ (بیورو رپورٹ) عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت کو منظم، محفوظ اور شہریوں کیلئے سہل بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ متحرک ہے۔ ضلعی انتظامیہ کی جانب سے ضلع بھر میں قربانی کے جانوروں کی خرید وفروخت کیلئے تحصیل جھنگ، شورکوٹ اور تحصیل اٹھارہ ہزاری میں ایک ایک سیل پوائنٹ جبکہ تحصیل احمد پور سیال میں دو سیل پوائنٹس قائم کردیے گئے ہیں جہاں بیوپاریوں اور خریداروں کو تمام بنیادی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ضلعی انتظامیہ کے مطابق قائم کیے گئے سیل پوائنٹس پر جانوروں کے پینے کیلئے صاف پانی، سایہ دار مقامات، پارکنگ اور صفائی ستھرائی کے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں تاکہ شہریوں اور بیوپاریوں کو کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔اس کے علاوہ سیل پوائنٹس پر ویسٹ مینجمنٹ اور صفائی کے عملے کو بھی متحرک رکھا گیا ہے تاکہ ماحول کو صاف ستھرا رکھا جاسکے۔ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر تمام متعلقہ محکمے متحرک ہیں جبکہ ریسکیو 1122، محکمہ صحت اور محکمہ لائیو سٹاک کی جانب سے خصوصی کیمپس بھی قائم کیے گئے ہیں۔ ریسکیو 1122 کا عملہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے موجود رہے گا جبکہ محکمہ صحت کی جانب سے ابتدائی طبی امداد کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ محکمہ لائیو سٹاک کے ویٹرنری ڈاکٹرز اور عملہ جانوروں کے معائنے، بیماریوں کی روک تھام اور بیوپاریوں کی رہنمائی کیلئے فرائض سرانجام دے رہے ہیں تاکہ صحت مند جانوروں کی خرید وفروخت کو یقینی بنایا جاسکے۔ضلعی انتظامیہ کی جانب سے سیل پوائنٹس پر سکیورٹی کے سخت انتظامات بھی کیے گئے ہیں جبکہ رات کے اوقات میں مناسب روشنی اور لائٹس کے انتظامات کو یقینی بنایا جارہا ہے تاکہ خرید وفروخت کا عمل رات گئے تک بھی محفوظ ماحول میں جاری رہ سکے۔

پولیس فورس میں نظم وضبط برقرار رکھنے کیلئے پولیس لائن چنیوٹ میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب عبدالکریم کے وژن کے مطابق پولیس فورس میں نظم وضبط برقرار رکھنے کیلئے پولیس لائن چنیوٹ میں جنرل پریڈ کا انعقاد کیا گیا۔ضلع بھر سے سینئر پولیس افسران، جوانوں، ایلیٹ فورس، ٹریفک پولیس، لیڈی پولیس اہلکاروں نے جنرل پریڈ میں شرکت کی۔ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر محمد آصف خان نے جنرل پریڈ کا معائنہ کیا۔جنرل پریڈ کے دوران پولیس کے چاق و چوبند دستوں نے مارچ پاسٹ کرتے ہوئے سلامی دی۔ڈی ایس پی ہیڈ کوارٹر نے پولیس اہلکاروں کا ٹرن آؤٹ چیک کیا اور ہدایات جاری کیں۔ پولیس اہلکاروں کو ٹرن آؤٹ مزید بہتر بنانے اور فرائض منصبی نیک نیتی سے سرانجام دینے کی ہدایت کی گئی۔

پولیس شہداء اور غازی قوم کے حقیقی ہیروز ہیں آر پی او ساہیوال

جن کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ان کی فیملیز کی فلاح و بہبود اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے آر پی او ساہیوال رانا ایاز

ساہیوال (بیورو رپورٹ) پولیس شہداء اور غازی قوم کے حقیقی ہیروز ہیں، جن کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ان کی فیملیز کی فلاح و بہبود اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے آر پی او ساہیوال رانا ایاز تفصیلات کے مطابق ریجنل پولیس آفیسر (آر پی او) ساہیوال محمد ایاز سلیم کی جانب سے ساہیوال ریجن پولیس کے شہداء اور غازیوں کی فیملیز کی فلاح و بہبود کے لیے ایک اہم اور قابل تحسین اقدام اٹھایا گیا۔اس سلسلے میں ڈاکٹر احمد رسول، چیف ایگزیکٹو آفیسر نیاز غنی ہسپتال ساہیوال کے ساتھ ایک مفاہمتی یادداشت (MoU) پر دستخط کیے گئے* مفاہمتی یادداشت کے تحت شہداء پولیس کی فیملیز اور غازیوں کی فیملیز کو 100 فیصد مفت علاج معالجہ فراہم کیا جائے گا، جبکہ حاضر سروس اور ریٹائرڈ پولیس ملازمین کو 50 فیصد رعایتی/مفت طبی سہولیات میسر ہوں گی* اس موقع پر آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم کا کہنا تھا کہ پولیس شہداء اور غازی قوم کے حقیقی ہیروز ہیں، جن کی قربانیوں کو ہمیشہ قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ان کی فیملیز کی فلاح و بہبود اور بہترین طبی سہولیات کی فراہمی پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے* انہوں نے مزید کہا کہ اس اقدام کا مقصد پولیس فورس اور ان کے اہل خانہ کو بہتر طبی سہولیات فراہم کرنا اور ان کی مشکلات میں عملی معاونت یقینی بنانا ہے۔ یہ اقدام پولیس ویلفیئر کے فروغ اور اہلکاروں کے اعتماد میں اضافے کا باعث بنے گا* اس موقع پر آر پی او ساہیوال محمد ایاز سلیم نے ساہیوال ریجن پولیس کی جانب سے ڈاکٹر احمد رسول، چیف ایگزیکٹو آفیسر نیاز غنی ہسپتال ساہیوال کا اس فلاحی اقدام میں بھرپور تعاون پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔انہوں نے کہا کہ پولیس شہداء، غازیوں اور پولیس ملازمین کی فلاح و بہبود کے لیے اداروں کا تعاون قابل ستائش ہے، جو خدمت انسانیت کے جذبے کی عملی مثال ہے۔

تاریخی شوتوکان کراٹے ڈو جوزئی ایگری کمپلیکس دیپالپور میں سال 2026 کا انعقاد ہوا

[illegible] شاندار کراٹے مظاہرے سیلف ڈیفنس کی تکنیکس اور بریکنگ کے اعلیٰ فنی مظاہرے پیش کیے گئے جنہوں نے حاضرین سے بھرپور داد وصول کی تقریب کے مہمانان گرامی میں سنیئر بلیک بیلٹس امجد پراچہ، ندیم ثاقب اور اقبال گوشا نے خصوصی شرکت فرمائی تمام اعزاز یافتگان اور بیلٹ حاصل کرنے والے کراٹے کھلاڑی دل کی گہرائیوں سے مبارکباد دی گئی تقریب کے بہترین انتظامات پر سینئر بلیک بیلٹس غلام صفدر بابر اور محمود الحق کھوکھر کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا [illegible] اس ایونٹ کے انعقاد سے دیپالپور کی دھرتی پر صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کے لئے مقامی نوجوانوں اور بچوں کے لئے دیپالپور سول سوسائٹی کے لئے ایک عظیم وارفع اور لازوال مثال بنی تقریب میں کراٹے بیلٹ ایوارڈ و تقسیم اعزازات کا بھی انعقاد کیا گیا یہ پروقار تقریب مارشل آرٹس کے فروغ نظم وضبط محنت اور مسلسل جدوجہد کا روشن مظہر ثابت ہوئی اس یادگار تقریب میں دیپالپور کے ممتاز انسٹرکٹر امجد بھٹی کو اور گورنر سینٹر آف ایکسیلنس سیف الرحمٰن کو بلیک بیلٹ تھرڈ ڈان

ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر کی زیر صدارت ضلعی محکموں کے افسران سے بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا

[illegible] بذریعہ ویڈیو لنک اجلاس منعقد ہوا، جس میں مختلف انتظامی امور اور جاری حکومتی اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کے دوران پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی گزشتہ روز کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا اور اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کو مقررہ نرخوں کے مطابق یقینی بنانے کیلئے مزید موثر اقدامات کی ہدایت جاری کی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ گرانفروشی کے خلاف [illegible] بھر میں جاری ٹیموں پر کام کی پیشرفت کے حوالے سے بھی بریفنگ دی گئی۔ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ شہر کی خوبصورتی، گرین بیلٹس، سڑکوں اور عوامی مقامات کی بہتری کے منصوبوں کو مقررہ مدت میں مکمل کیا جائے۔ستھرا پنجاب پروگرام اور واسا کی جانب سے صفائی ستھرائی اور سیوریج کے معاملات پر بھی تفصیلی [illegible] کے معیار کو مزید موثر بنایا جائے تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول فراہم کیا جاسکے۔اجلاس کے اختتام پر ڈپٹی کمشنر نے ای بز پورٹل پر موصول ہونے والی زیر التوا درخواستوں کو فوری طور پر نمٹانے کی ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں کو بروقت اور بہتر سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل راجہ حیدر عباس کی زیر صدارت انسداد گداگری مہم کے حوالے سے اجلاس ڈی سی آفس میں منعقد ہوا

اجلاس میں ضلع بھر میں پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف جاری اقدامات، انسداد بھکاری مہم، عوامی شکایات، گداگری کی روک تھام اور معاشرتی اصلاح کے مختلف پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا

منڈی بہاءالدین (محمد یونس گوندل سے) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل راجہ حیدر عباس کی زیر صدارت انسداد گداگری مہم کے حوالے سے [illegible] اداروں کے ذریعے کریں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر راجہ حیدر عباس کا [illegible]

بھارت کی دنیا بھر میں ہونے والی رسوائی مودی حکومت کی جارحانہ پالیسیوں کا نتیجہ ہے: حاجی الیاس ساجد بھٹہ

[illegible] اس کی حواریوں کو کمزوری سمجھنے والے مودی اور اسکے حواریوں کو اچھی طرح علم ہوچکا ہے کہ پاکستان اپنی سلامتی کا تحفظ کرنا خوب جانتا ہے مودی حکومت بھارتی عوام کے سامنے اپنی طاقت کا مظاہرہ کرنے [illegible] میں ملا کر دنیا پر واضح کردیا ہے کہ ملکی دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، اقلیتوں کے خلاف بڑھتی ہوئی نفرت انگیزی اور مقبوضہ جموں وکشمیر میں انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں سے توجہ ہٹانے کی خاطر [illegible] اس بار اسے مزید سخت جواب دیکر ناقابل تلافی نقصان پہنچایا جائے گا،پاکستان خطہ میں پائیدار امن کا خواہاں ہے اور اپنی سالمیت پر بھی قطعی آنچ نہیں آنے دے گا۔

نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں: سلیم عباس صدیقی

اپنے تہنیتی پیغام میں سلیم عباس صدیقی نے کہا کہ علامہ راجہ مصطفی حیدر کی قیادت نوجوانوں کے لیے ایک نئی امید اور تنظیمی استحکام کا باعث بنے گی



فیصل آباد: (بیورو رپورٹ) مرکزی صدر وحدت ایمپلائزونگ پاکستان سلیم عباس صدیقی کی جانب سے علامہ راجہ مصطفی حیدر کو مرکزی صدر وحدت یوتھ پاکستان منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی گئی ہے۔اپنے تہنیتی پیغام میں سلیم عباس صدیقی نے کہا کہ علامہ راجہ مصطفی حیدر کی قیادت نوجوانوں کے لیے ایک نئی امید اور تنظیمی استحکام کا باعث بنے گی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان کسی بھی قوم کا سرمایہ ہوتے ہیں اور علامہ راجہ مصطفی حیدر جیسے باصلاحیت رہنما ان کی بہتر رہنمائی کرتے ہوئے انہیں مثبت، تعمیری اور منظم سرگرمیوں کی طرف لے جائیں گے۔انہوں نے اس اعتماد کا اظہار کیا کہ نئی قیادت وحدت یوتھ پاکستان کو مزید فعال، متحرک اور مضبوط تنظیم بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ موجودہ دور میں نوجوانوں کو فکری، سماجی اور اخلاقی تربیت کی اشد ضرورت ہے اور امید ہے کہ نو منتخب قیادت اس سمت میں قابل قدر خدمات انجام دے گی۔اس موقع پر ضلعی صدر فیصل آباد وحدت ایمپلائز علی وقار اعوان، سینئر نائب صدر محمد شاہد اقبال، رابطہ سیکرٹری محمد بوٹا اور آفس سیکرٹری محمد عمیر نے بھی علامہ راجہ مصطفی حیدر کو مبارکباد پیش کی اور ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ان کی قیادت میں تنظیم مزید ترقی اور استحکام حاصل کرے گی۔

انٹر کالجیٹ گرلز اتھلیٹکس چیمپین شپ گورنمنٹ گرلز کالج سیٹلائٹ ٹاؤن جھنگ نے جیت لی

دوسری پوزیشن گورنمنٹ اسلامیہ کالج برائے خواتین عیدگاہ روڈ فیصل آباد اور تیسری گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ گرلز کالج 266 رب کھرڑیانوالہ نے حاصل کی

تعلیمی بورڈ فیصل آباد کے زیر اہتمام ہونے والے سال 2025-26ء کے ان مقابلوں میں ڈویژن بھر کی بہترین ٹیموں نے حصہ لیا سیکرٹری بورڈ مہمان خصوصی تھے

انٹر کالجیٹ مقابلوں سے ابھرنے والا نیا ٹیلنٹ آگے جا کر ملک وقوم کا نام روشن کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کرے گا* سیکرٹری بورڈ پروفیسر ڈاکٹر سلیم تقی شاہ

فیصل آباد (ملک بشیر احمد) کمشنر و چیئرمین بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن فیصل آباد مسرت جبیں کی ہدایت و ڈائریکٹرس سپورٹس تعلیمی بورڈ فیصل آباد نگہت نورین مظہر کی زیرنگرانی انٹر کالجیٹ گرلز اتھلیٹکس چیمپین شپ سال 2025-26ء کے مقابلے ہوئے جس میں ڈویژن بھر سے تعلق رکھنے والے گرلز کالجز کی بہترین ٹیموں نے حصہ لیا۔ایجوکیشن بورڈ فیصل آباد کے زیر اہتمام سعید اجمل اکیڈمی جھنگ روڈ فیصل آباد میں مقابلوں کا انعقاد ہوا جس کے مہمان خصوصی سیکرٹری تعلیمی بورڈ فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر سلیم تقی شاہ تھے جب وہ گراؤنڈ میں داخل ہوئے تو ڈائریکٹرس سپورٹس تعلیمی بورڈ فیصل آباد نگہت نورین مظہر نے استقبال کرتے ہوئے انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا* سابق ڈائریکٹرس سپورٹس تعلیمی بورڈ فیصل آباد عفت سلطانہ* اسٹیٹ آفیسر رانا امجد علی خاں* ڈائریکٹر سپورٹس جاوید وارثی* سپرنٹنڈنٹ اسٹیٹ برانچ رانا خالد بشیر* صدر ایمپلائز ویلفیئر ایسوسی ایشن ثاقب علوی* جنرل سیکرٹری نسیم گجر* محمد عثمان* محمد امتیاز* پی آر او بورڈ ساجد نقوی سمیت دیگر متعلقین بھی وہاں موجود تھے* سیکرٹری بورڈ کا تمام ٹیموں سے تعارف کروانے کے بعد فوٹو سیشن ہوا* اتھلیٹکس مقابلوں میں گورنمنٹ گرلز کالج سیٹلائٹ ٹاؤن جھنگ نے شاندار کھیل پیش کر کے میدان مار لیا جبکہ دوسری پوزیشن گورنمنٹ اسلامیہ کالج برائے خواتین عیدگاہ روڈ فیصل آباد اور تیسری گورنمنٹ گرلز کالج 266 رب کھرڑیانوالا نے حاصل کی* سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر سلیم تقی شاہ نے کھلاڑیوں کے شاندار کھیل کو سراہتے ہوئے جیتنے والے تمام کالجز کی ٹیموں کو مبارکباد پیش کی انھوں نے کہا کہ انٹر کالجیٹ مقابلوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے یہ عام مقابلے نہیں اور نہ ہی انہیں عام سمجھا جائے کیونکہ انٹر کالجیٹ مقابلوں سے ابھرنے والا نیا ٹیلنٹ ہی آگے جا کر ملک وقوم کا نام روشن کرنے میں اپنا موثر کردار ادا کرے گا انہوں نے کہا بلاشبہ کھلاڑیوں اور انہیں تیار کرنے والے کوچز کی شبانہ روز محنت کا ہی ثمر ہے کہ جو آج انہیں انٹر کالجیٹ چیمپین شپ تک لے کر آیا* انہوں نے توقع ظاہر کی کہ اگر کھلاڑیوں نے محنت کا یہ سلسلہ جاری رکھا تو وہ دن دور نہیں جب وہ قومی ٹیم کا سکواڈ بن کر دنیا بھر میں سبز ہلالی پرچم سربلند کریں گے۔سیکرٹری بورڈ ڈاکٹر سلیم تقی شاہ نے بہترین انتظامات پر گراؤنڈ سٹاف کو بالعموم جبکہ ڈائریکٹرس سپورٹس تعلیمی بورڈ فیصل آباد میڈم نگہت نورین مظہر وان کی ٹیم چوہدری نسیم گجر* طاہر بھٹی* محمد عثمان* محمد امتیاز کو بالخصوص زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ کھلاڑیوں کے وسیع تر مفاد کے پیش نظر سپورٹس برانچ کو بورڈ انتظامیہ سے جو بھی تعاون درکار ہوا انشاءاللہ تعالیٰ اس کی فراہمی میں کوئی دقیقہ فروگزاشت نہیں کیا جائے گا۔

تاریخی ورثہ کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے: کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) کنوینیر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ تاریخی ورثہ کی حفاظت ہم سب کی ذمہ داری ہے عجائب گھر کسی بھی قوم کی تاریخ تہذیب ثقافت اور قومی ورثے کے امین ہوتے ہیں میوزیم نئی نسل کو اپنے اسلاف کی قربانیوں تہذیبی اقدار اور تاریخی حقائق سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں ترقی یافتہ ممالک اپنی تاریخی وثقافتی شناخت کو محفوظ بنانے کے لیے میوزیمز کو خصوصی اہمیت دیتے ہیں جبکہ پاکستان میں بھی اس شعور کو مزید فروغ دینے کی ضرورت ہے تاکہ نوجوان نسل اپنی تاریخ اور ثقافت سے جڑی رہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنی رہائش گاہ پر ادیب، بٹ ڈاکٹر عبدالجبار علوی، ہمایوں الخودی، یونس مغل، کیپٹن عامر محبوب، حسن وسیم، ڈاکٹر عبدالجبار علوی، ڈاکٹر غلام سرور، سلیم اصغر اور دیگر رفقاء سے انٹرنیشنل میوزیم ڈے کے حوالے سے گفتگو کرتے ہوئے کیا محمد خالد وسیم نے کہا کہ سیالکوٹ سمیت ملک بھر میں موجود تاریخی ورثے کی حفاظت ہم سب کی اولین اور مشترکہ ذمہ داری ہے انہوں نے تعلیمی اداروں پر زور دیا کہ طلبہ کے لیے میوزیمز کے مطالعاتی دوروں کا انعقاد کیا جائے تاکہ نوجوان نسل کو اپنی قومی شناخت اور تاریخی ورثے کے بارے میں بہتر آگاہی حاصل ہو سکے انٹرنیشنل میوزیم ڈے ہمیں یہ پیغام دیتا ہے کہ اپنی تاریخ ثقافت اور قومی ورثے کی حفاظت کر کے ہی ہم آنے والی نسلوں کے لیے ایک مضبوط فکری بنیاد فراہم کر سکتے ہیں۔

سیالکوٹ واسا عملہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر فعال رہے گا۔رانا ثقلین محمود

علامہ اقبال ریزیڈینسی پراجیکٹ کی سیوریج لائن ورکنگ تیزی سے جاری ہے۔DO واسا

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) عیدالاضحیٰ کے موقع پر واسا عملہ مکمل طور پر فعال اور سرگرم عمل رہے گا۔ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی کی ہدایات پر علامہ اقبال ریزیڈینسی پراجیکٹ میں سیوریج لائنز وغیرہ جدید ترین خطوط پر استوار کرتے تیزی سے زیر تکمیل ہے۔ ان باتوں کا اظہار ڈسٹرکٹ آفیسر واسا رانا ثقلین محمود نے سیوریج لائن ورکنگ کی انسپکشن کے دوران سنیئر میڈیا نمائندگان کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ واسا نے گزشتہ سال اربن فلڈنگ کے دوران بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ واسا نے سیوریج لائنز و نالہ بھیڈ وغیرہ پر جس قدر ورکنگ کی ہے۔ واسا کے پیشگی عملی اقدامات کے باعث آئندہ مون سون میں حالات یکسر تبدیل ہونگے اور شہریوں کو اربن فلڈنگ کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔

عیدالاضحی صرف قربانی کا تہوار نہیں بلکہ ایثار، محبت، بھائی چارے اور انسانیت کے جذبے کو فروغ دینے کا پیغام بھی ہے: چوہدری ضرغام احمد گورائیہ

اس موقع پر قربانی کے گوشت کی تقسیم کے دوران غریب، مسکین اور ضرورت مند افراد کو برابر کا شریک بنایا جائے: چوہدری محمد صہیب گورائیہ

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) عیدالاضحی صرف قربانی کا تہوار نہیں بلکہ ایثار،محبت، بھائی چارے اور انسانیت کے جذبے کو فروغ دینے کا پیغام بھی ہے اس موقع پر قربانی کے گوشت کی تقسیم کے دوران غریب، مسکین اور ضرورت مند افراد کو برابر کا شریک بنایا جائے اسلام نے ہمیں سکھایا ہے کہ معاشرے کے کمزور طبقات کا خیال رکھنا ہی حقیقی عبادت اور دینی فریضہ ہے عید قرباں کے دن جب صاحب استطاعت لوگ اپنے قربانی کے گوشت کو مستحق افراد میں تقسیم کرتے ہیں تو اس سے محبت، ہمدردی اور بھائی چارے کے جذبات مضبوط ہوتے ہیں اور معاشرے میں مساوات کو فروغ ملتا ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری ضرغام احمد گورائیہ اور چوہدری محمد صہیب گورائیہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں ذاتی خوشیوں کے ساتھ اجتماعی فلاح اور انسانیت کی خدمت کو بھی ترجیح دینا چاہیے قربانی کا اصل مقصد تقویٰ، اخلاص اور دوسروں کے لیے آسانیاں پیدا کرنا ہے قربانی کا اصل مقصد بھی یہی ہے۔

جہلم سمیت پنجاب بھر میں سورج نے آگ برسانا شروع کردی

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم سمیت پنجاب بھر میں سورج نے آگ برسانا شروع کردی، شدید گرمی اور حبس نے شہریوں کا جینا دوبھر کردیا۔دوپہر کے اوقات میں سڑکیں سنسان جبکہ بازاروں، چوک چوراہوں اور جی ٹی روڈ پر ٹریفک کا دباؤ معمول سے کم دیکھنے میں آیا۔شدید دھوپ اور گرم ہواؤں کے باعث بزرگ، بچے اور محنت کش طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہونے لگے تفصیلات کے مطابق جہلم سمیت پنجاب کے بیشتر اضلاع میں درجہ حرارت میں مسلسل اضافہ ریکارڈ کیا جارہا ہے، جس کے باعث شہری شدید گرمی کی لپیٹ میں آگئے ہیں سورج کی تپش اس قدر بڑھ گئی کہ دن کے اوقات میں گھروں سے شہریوں کا نکلنا مشکل ہوگیا۔شہریوں کا کہنا ہے کہ لو چلنے اور حبس میں اضافے کے باعث معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں جبکہ بجلی کی بندش نے مشکلات میں مزید اضافہ کردیا ہے ماہرین صحت نے شہریوں کو سخت گرمی کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ غیر ضروری طور پر دھوپ میں نکلنے سے گریز کیا جائے، زیادہ سے زیادہ پانی، لیموں پانی اور مشروبات کا استعمال کیا جائے تاکہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہو۔بچوں، بزرگوں اور دل کے مریضوں کو خصوصی احتیاط برتنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔ماہرین کے مطابق دوپہر 12 بجے سے شام 4 بجے تک دھوپ کی شدت خطرناک حد تک بڑھ سکتی ہے

لالیاں: اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر محمد انس سعید نے عیدالاضحیٰ کے حوالے سے مویشی منڈی کا ہنگامی دورہ کیا

شہریوں اور بیوپاریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں گی۔ڈاکٹر محمد انس سعید

لالیاں (ممتاز حسین جرمنی سے) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر لالیاں ڈاکٹر محمد انس سعید نے مویشی منڈی کا دورہ کیا اور انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ڈاکٹر محمد انس سعید نے صفائی، سکیورٹی، پینے کے صاف پانی، پارکنگ اور بیوپاریوں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر محمد انس سعید نے متعلقہ عملہ کو ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ شہریوں اور بیوپاریوں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کی جائیں اور مویشی منڈی میں بہترین انتظامات کو یقینی بنایا جائے۔اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر لالیاں ڈاکٹر محمد انس سعید نے تحصیل پریس کلب لالیاں کے سنیئر صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بیوپاریوں کی سہولیات اور صاف ستھرے ماحول کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔میڈیا اور عوامی حلقوں نے انتظامیہ کی بروقت توجہ اور فعال اقدامات کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی کہ اس سال مویشی منڈی میں گزشتہ سالوں کی نسبت بہتر سہولیات کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

پروفیشنل میڈیا الائنس گروپ صحافیوں کے حقوق اور احترام کا علمبردار ہے: چیئرمین عثمان بٹ

گرین جرنلزم کے فروغ کے لیے پروفیشنل میڈیا الائنس عملی طور پر متحرک ہے: ملک ممتاز اعوان

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) صحافیوں کے حقوق کے تحفظ، صحافی برادری کے وقار اور گرین جرنلزم کے فروغ کے لیے پروفیشنل میڈیا الائنس گروپ بھرپور انداز میں سرگرم عمل ہے۔ان خیالات کا اظہار چیئرمین پروفیشنل میڈیا الائنس عثمان بٹ اور ملک ممتاز اعوان نے دوران گفتگو اپنے آفس میں کیا۔انہوں نے کہا کہ ہماری کوشش ہے کہ صحافیوں کے حقوق کی مؤثر آواز بننے کے ساتھ ساتھ شہریوں کے مسائل، مشکلات اور ان کی دادرسی کے لیے بھی بھرپور کردار ادا کیا جائے۔ پروفیشنل میڈیا الائنس معاشرے کے پسے ہوئے طبقے اور ان مظلوم افراد کی آواز ہے جن کا بااثر اور طاقتور طبقات استحصال کر رہے ہیں۔چیئرمین عثمان بٹ نے مزید کہا کہ پروفیشنل میڈیا الائنس کا مقصد قومی سلامتی، ریاستی اداروں اور پاکستان کے مثبت وتعمیری کردار کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنا ہے، تاکہ افواج پاکستان اور وطن عزیز کا بہترین تشخص عالمی سطح پر نمایاں کیا جاسکے۔

غریب محنت کش کو سرعام تشدد بنانے کے بعد ڈائریکٹر پنجاب پیرا فورس نے سخت ایکشن لیتے ہوئے ایس ڈی او کلوز کرکے انکے خلاف انکوائری شروع کردی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد میں پیرا فورس کے ایس ڈی او ملک محمد آصف کی جانب سے غریب محنت کش کو سرعام تشدد بنانے کے بعد ڈائریکٹر پنجاب پیرا فورس نے سخت ایکشن لیتے ہوئے ایس ڈی او کلوز کرکے انکے خلاف انکوائری شروع کردی۔ ایس ڈی او پیرا فورس ملک محمد آصف جس کے خلاف عرصہ دراز سے ضلع بھر میں مختلف شکایات پائی جارہی تھیں۔انہوں نے گذشتہ روز شہر کی ایک شاہراہ پر کھڑے محنت کش کو سرعام تھپڑ رسید کیے اور بعدازاں اپنے ملازمین سے بھی تشدد کروایا جسکی وڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوتے ہی عوام میں ایس ڈی او کی چیرہ دستیوں اور مظالم کے خلاف غم وغصہ کی لہر سرایت کرگئی جس پر ڈائریکٹر پیرا فورس پنجاب فرخ عتیق نے ایس ڈی او کو کلوز کرکے اسکے خلاف انکوائری شروع کردی۔

عیدالاضحی حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بے مثال قربانی ہے: چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی

اطاعت اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہر چیز قربان کرنے کے جذبے کی یاد دلاتا ہے یہ ہمیں ایثار، محبت، بھائی چارے اور ضرورت مندوں کی مدد کا درس دیتی ہے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) عید الاضحی حضرت ابراہیم اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی بے مثال قربانی، اطاعت اور اللہ تعالیٰ کی رضا کے لیے ہر چیز قربان کرنے کے جذبے کی یاد دلاتا ہے یہ ہمیں ایثار، محبت، بھائی چارے اور ضرورت مندوں کی مدد کا درس دیتی ہے اس موقع پر ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اردگرد موجود غریب، نادار اور مستحق افراد کو اپنی خوشیوں میں شریک کریں تاکہ عید کی حقیقی خوشیاں ہر گھر تک پہنچ سکیں دوسروں کو خوشیوں میں شریک کرنا ہی اصل خوشی ہے ان خیالات کا اظہار سیاسی وسماجی شخصیت چوہدری علی شہزاد اسلم بھٹی نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ میں عوام سے اپیل کرتا ہوں کہ سنت ابراہیمی کی ادائیگی کے ساتھ ساتھ صفائی ستھرائی اور حکومتی انتظامات کا بھی مکمل خیال رکھیں، تاکہ ماحول کو آلودگی سے محفوظ رکھا جاسکے۔

آر و CCD نے بہترین کارکردگی پر CO CCD city circl فہد بن فدا کو شیلڈ دی

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیوروعامر جاوید) پیشہ ورانہ مہارتوں کے حامل سید فہد بن فدا کو عمائدین شہر کیجانب سے مبارکباد ریجنل آفیسر کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ گوجرانوالہ نے قابل و باصلاحیت سرکل آفیسر Ccd سٹی سرکل سید فہد بن فدا کو بہترین پیشہ ورانہ کارکردگی پر بیسٹ پرفارمنس شیلڈ سے نوازا گیا۔ واضح رہے پیشہ وارانہ مہارتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے انہوں نے کرائم کنٹرول میکنزم پر عمل پیرا ہوتے ہوئے گئے اہداف کو کامیابی سے مکمل کیا۔شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو اولین رکھتے بہادر پولیس آفیسر انسپکٹر سید فہد بن فدا نے ہمیشہ دلیری و خداداد صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا ہے۔ دوسری جانب حکام بالا کیساتھ ساتھ عمائدین شہر و احباب کی جانب سے انہیں بہترین کارکردگی شیلڈ ملنے پر نیک تمناؤں کا اظہار اور مبارکباد دی جارہی ہے۔

بزنس کمیونٹی کی معاونت سے امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنایا جائے گا

اس موقع پر سینئر نائب صدر نوید اکرم شیخ، نائب صدر انجینئر عاصم منیر اور دیگر ایگزیکٹو ممبران بھی موجود تھے

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) بزنس کمیونٹی کی معاونت سے امن وامان کی صورتحال کو مزید بہتر بنایا جائے گا۔ یہ بات فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فاروق یوسف شیخ نے آج سٹی پولیس آفیسر تنویر حسین سے اُن کے دفتر میں پہلی ملاقات کے دوران کہی۔اس موقع پر سینئر نائب صدر نوید اکرم شیخ، نائب صدر انجینئر عاصم منیر اور دیگر ایگزیکٹو ممبران بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ سیف سٹی پراجیکٹ سے جرائم پر قابو پانے میں کافی مدد ملی ہے جس سے صنعتی، تجارتی اور کاروباری سرگرمیوں کو فروغ دیا جاسکے گا۔انہوں نے کہا کہ پولیس اور فیصل آباد چیمبر کے درمیان رابطوں کو بہتر بنایا جائے گا تاکہ مسائل کو باہمی صلاح مشورہ سے حل کیا جاسکے۔ فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر فاروق یوسف شیخ نے تنویر حسین کی فیصل آباد تعیناتی کا خیر مقدم کیا اور انہیں پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔انہوں نے کہا کہ وہ بزنس کمیونٹی اور دیگر سرکاری محکموں کے درمیان قریبی روابط پر یقین رکھتے ہیں تاکہ ہم مل کے مسائل کی نشاندہی اور اُن کے حل کیلئے عملی اقدامات اٹھا سکیں۔انہوں نے سٹی پولیس آفیسر کو بزنس کمیونٹی کی طرف سے بھرپور تعاون کا یقین دلایا اور انہیں فیصل آباد چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے باضابطہ دورے کی بھی دعوت دی۔

ایڈیٹوریل

نوٹ: کالم نگاروں کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

مثبت اور تعمیری بات چیت

نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ اسحٰق ڈار نے ایران امریکہ مذاکرات کے حوالے سے کہا ہے کہ جامع اور تعمیری مذاکرات ہوئے' امید کرتے ہیں دونوں ملک خطے اور دنیا میں پائیدار امن اور خوشحالی کیلئے مثبت سوچ سے آگے بڑھیں گے۔ دوسری جانب ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ مذاکرات کے دوران آبنائے ہرمز' جوہری معاملات' جنگی نقصانات کے ازالے' پابندیوں کے خاتمے اور خطے میں جنگ کے مکمل خاتمے پر بات چیت ہوئی۔ مذاکرات میں متعدد نکات پر اتفاق ہوا تاہم دو' تین معاملات پر اختلافِ رائے کے باعث جامع معاہدہ طے نہیں پا سکا۔ جبکہ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹرتھ سوشل پر اپنے بیان میں کہا کہ مذاکرات اچھے رہے' بیشتر نکات پر اتفاق ہو گیا لیکن جو واحد نکتہ سب سے اہم تھا' یعنی جوہری معاملہ اس پر اتفاق نہیں ہو سکا۔ مذاکرات کرنے والے امریکی وفد کے سربراہ' نائب صدر جے ڈی وینس' پاکستانی حکام' ایرانی حکام اور خود صدر ٹرمپ کے بیان کے بعد یہ تاثر پیدا ہوتا ہے کہ مذاکرات میں اگرچہ سمجھوتا یا معاہدہ طے نہیں پا سکا تاہم فریقین نے مجموعی طور پر جو کچھ حاصل کیا ہے یا ان مذاکرات کے نتیجے میں جن امور میں پیشرفت ہوئی ہے اس کو دیکھتے ہوئے مذاکرات کے اس دور کیلئے ناکامی یا تعطل کے الفاظ برمحل نہیں۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کے الفاظ زیادہ حقیقت پسندانہ معلوم ہوتے ہیں کہ کسی کو بھی اتنی جلدی معاہدے کی توقع نہیں تھی۔ حقیقت بھی یہی ہے کہ نصف صدی کی دشمنی اور تازہ ترین جنگ کے بعد ایک ہی نشست میں معاہدے کو حتمی شکل مل جانا ممکن نہیں تھا۔ تاہم پاکستان کی نیک نیتی پر مبنی کوششوں اور ثالثی کے ساتھ جس عمل کا آغاز ہوا ہے اس کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں ناقابلِ عبور رکاوٹ کوئی نہیں۔ جیسا کہ طرفین کی جانب سے کہا گیا کہ بہت سے معاملات میں پیشرفت ہوئی' البتہ دو ایک امور میں اتفاق نہیں ہو سکا' ان میں سب سے بڑا مسئلہ جوہری ہتھیاروں کی تیاری کا ہے۔ یہ امریکہ کیلئے ریڈ لائن ہے اور اس ضمن میں انہیں ٹھوس یقین دہانی چاہیے۔ اس معاملے میں ایران کی پوزیشن اصولی طور پر واضح اور ٹھوس ہے کہ جوہری توانائی کی صلاحیت حاصل کرنے کا مقصد جوہری ہتھیار کا حصول نہیں۔ آئی اے ای اے اور امریکی انٹیلی جنس ادارے بھی ایسے کوئی ٹھوس شواہد سامنے نہیں لا سکے جو ایران کے اس مو؟ قف کی تردید کرتے ہوں۔ اس لیے قوی امکان ہے کہ جوہری صلاحیت کی رکاوٹ کا بھی کوئی حل نکل سکتا ہے۔

آخر 2015ء میں بھی تو جوہری معاہدہ ہو گیا تھا' جس کے تحت ایران نے یورینیم کی افزودگی کو 67.3 فیصد تک محدود کرنے' اپنے افزودہ یورینیم کے ذخیرے کو 97 فیصد تک کم کر کے 300 کلوگرام کرنے پر اتفاق کیا تھا اور اس کی تعمیل بھی کی۔ مارچ 2018ء میں آئی اے ای اے کے سربراہ نے ادارے کے بورڈ کو بتایا تھا کہ آج کی تاریخ تک یہ کہا جا سکتا ہے کہ ایران اپنے جوہری وعدوں پر عمل پیرا ہے۔ اُسی سال مئی میں صدر ٹرمپ نے امریکہ کو ایران کے ساتھ جامع جوہری معاہدے سے الگ کر لیا۔ فریقین میں آج بھی اسی نوعیت کا جامع جوہری معاہدہ ہو سکتا ہے لیکن باہمی عدم اعتماد کی فضا ایسا ماحول بننے میں مشکلات پیدا کر رہی ہے لہٰذا ضروری ہے کہ پہلے اعتماد کی بحالی کیلئے اقدامات کیے جائیں۔ آبنائے ہرمز پر بھی ایران اور امریکہ کی پوزیشنز میں فرق ہے مگر اس وقت جب دونوں ملک امن کی جانب بڑی پیشرفت کر چکے ہیں' جو چند روز پہلے تک خواب و خیال نظر آتا تھا اور بالمشافہ مذاکرات جو 1979ء سے دونوں ممالک میں نہیں ہوئے' دونوں ملکوں کا مل بیٹھنا اور جیسا کہ صدر ٹرمپ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ان کے تینوں نمائندوں نے ایرانی وفد کے ساتھ دوستانہ اور احترام پر مبنی ماحول میں ملاقات کی' اس پیشرفت نے ایران امریکہ جامع بات چیت اور امن معاہدے کی زمین ہموار کر دی ہے۔

اسلامی انقلاب



امریکہ اور ایران کو مذاکرات کی میز تک لانا پاکستان کی سفارتی صلاحیتوں کی معراج ہے۔ گزشتہ روز دونوں ملکوں سے اعلیٰ سطحی وفود اسلام آباد پہنچے اور دن بھر وفاقی دارالحکومت امن مذاکرات کے حوالے سے عالمی خبروں کا محور بنا رہا۔ بند دروازوں کے پیچھے شروع ہونیوالے اس اہم ترین مذاکراتی عمل کی تفصیلات تادمِ تحریر منظرعام پر نہیں آئیں مگر غیر ملکی ذرائع ابلاغ طرفین میں روبرو مذاکرات کی خبریں دے رہے ہیں۔ اگر واقعتاً ایسا ہے تو یہ ایک غیر معمولی پیش رفت ہے کہ 1979ء کے اسلامی انقلاب کے بعد واشنگٹن اور تہران کے درمیان یہ پہلی براہِ راست اور آمنے سامنے بات چیت ہے۔ ان مذاکرات میں مصروف وفود پر بھاری ذمہ داریاں ہیں۔ صرف ان کے اپنے ملکوں اور عوام کی جانب سے نہیں دنیا کی جانب سے بھی' کیونکہ ایران امریکہ کشیدگی کا خاتمہ عالمی امن اور معاشی استحکام کیلئے بھی ناگزیر ہے۔ حالیہ تقریباً چھ ہفتوں کی جنگ نے توانائی کی قیمتوں پر جو اثرات مرتب کیے ہیں اس سے عالمی سطح پر اس سوچ کو تقویت ملی ہے کہ جنگ انسانوں کے مستقبل کیلئے بے پایاں خطرہ ہے۔ یہ احساس مغرب اور مشرق میں یکساں موجود تھا؛ چنانچہ یورپی ممالک نے شروع دن سے اس سے اپنا دامن بچائے رکھا۔ امریکہ کے دیگر اتحادیوں میں سے بھی کوئی ایسا برآمد نہیں ہوا جسے اس جنگ کی آگ کو پھیلانے میں دلچسپی ہو۔ دوسری جانب پاکستان کی مخلص سفارتی کوششیں اس جنگ کے خاتمے کیلئے متحرک ہو گئیں اور چین' سعودی عرب' ترکیہ جیسے برادر ممالک کا تعاون اور حمایت شامل ہونے سے امن کی ان کوششوں کی کامیابی کے امکانات مزید روشن ہو گئے۔ بطور ثالث پاکستان اس سلسلے میں جو کچھ کر سکتا تھا وہ کیا جا چکا ہے۔ متحارب فریقین کو تباہ کن جنگ بند کر کے مذاکرات کی میز پر لے آنے کے بعد اب امریکہ اور ایران کو اپنے اور دنیا بھر کے امن کیلئے سوچنا ہو گا۔ یہی ہر دو ممالک کے عوام بھی چاہتے ہیں۔ امریکہ سپر پاور سہی مگر جنگیں اس کی معیشت پر بھی بھاری پڑتی ہیں اور مہنگائی میں اضافہ عوام کیلئے ناقابلِ برداشت ہو جاتا ہے۔ اس جنگ کی وجہ سے توانائی کی قیمتوں میں اضافے سے امریکی عوام کو دو سال کی بلند ترین مہنگائی کا سامنا ہے۔ اس صورتحال کے سیاسی اثرات کو بھی نظرانداز نہیں کیا جا سکتا؛ خاص طور پر اس لیے بھی کہ اسی سال نومبر میں امریکہ میں وسط مدتی انتخابات بھی ہیں۔ الغرض کسی لحاظ سے بھی ایران امریکہ جنگ کا جواز نہیں بنتا' لہٰذا اس بکھیڑے کو جتنا جلد ہو سکے سمیٹنے میں بھلائی ہے۔ اس جنگ کو ختم کر کے دونوں ملکوں کو نئی شروعات کرنی چاہیے' اور یہ ناممکنات میں سے نہیں۔ اسلام آباد مذاکرات نے اس پیش رفت کیلئے زمین ہموار کر دی ہے اب یہ دونوں ملکوں کی قیادت پر ہے کہ وہ اس سے کتنا فائدہ اٹھاتی ہے۔ اصولی طور پر دونوں ملکوں کو تلخ ماضی سے نکلنے میں کسی ناقابلِ عبور رکاوٹ کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ جوہری ہتھیار امریکہ کی ریڈ لائن ہیں مگر ایران شروع دن سے اسی مو؟ قف پر قائم ہے کہ یہ اس کا مطمح نظر نہیں۔ اقوام متحدہ کا جوہری ادارہ بھی اس حوالے سے ایرانی مو؟ قف کی تائید کرتا ہے۔ حال ہی میں آئی اے ای اے کے سربراہ نے اس بات کو دہرایا ہے کہ ایران کا جوہری پروگرام ہر چند کہ بہت بڑا ہے لیکن اس وقت اس کے پاس جوہری ہتھیار بنانے کا کوئی پروگرام نہیں۔ دیگر متنازع امور پر بھی بات چیت ہو تو یقیناً کوئی نہ کوئی حل نکل ہی سکتا ہے' مگر اس کیلئے ضروری یہ ہے کہ امن ترجیح اول ہو۔ فی الوقت اس سلسلے میں سب سے بڑی اور بنیادی رکاوٹ اور امن کی کوششوں کیلئے سب سے بڑا خطرہ اسرائیل ہے' جو امریکہ کی ہر اس کوشش کو سبوتاژ کرتا ہے جس سے مشرقِ وسطیٰ میں امن کی بحالی کا کوئی امکان پیدا ہوتا ہو۔ پاکستان کی مخلصانہ کوششوں کے نتیجے میں ہونیوالی حالیہ جنگ بندی اور امن کوششوں کو بھی یہی خطرہ لاحق ہے۔ جنگ بندی کی شرائط میں واضح طور پر لبنان کے شامل ہونے کے باوجود جنگ بندی کا اعلان ہو جانے کے بعد اسرائیل کے بیروت پر

امن مشن اور پاکستان کی عالمی سفارت کاری

عالمی سفارت کاری کے میدان میں پاکستان نے ایک ایسی بڑی کامیابی حاصل کی ہے جس نے پوری دنیا میں ملک کا وقار بلند کر دیا ہے کیونکہ ایران اور امریکہ جیسے دو روایتی حریفوں، جن کے درمیان دہائیوں سے دشمنی چلی آ رہی تھی، انھیں ایک میز پر لا بٹھانا ہی بہت بڑی کامیابی ہے۔ پاکستان نے حالیہ کشیدگی کو کم کرنے کے لیے جو مخلصانہ ثالثی کا کردار ادا کیا ہے، اس کی تعریف آج عالمی سطح پر ہو رہی ہے اور اس کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ پاکستان کی 93 فیصد عوام نے اس فیصلے کی بھرپور حمایت کی، ان دو طاقتوں کی لڑائی نے پوری دنیا کے لیے سنگین معاشی اور کاروباری مشکلات پیدا کر دی تھیں۔ اسلام آباد میں ہونے والے یہ تاریخی مذاکرات ایک ایسے وقت میں ہوئے جب خطے میں چالیس دن سے جاری جنگ کی تپش محسوس کی جا رہی تھی، اسی لیے دارالحکومت میں سیکیورٹی کے انتہائی سخت انتظامات کیے گئے تھے جہاں ایران سے پارلیمنٹ کے اسپیکر محمد باقر قالیباف کی قیادت میں ایک طاقتور وفد پہنچا جبکہ دوسری طرف سے امریکی نائب صدر جے ڈی وینس نے قدم رکھا اور ان عالمی رہنماؤں کا استقبال وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے کیا، جس سے یہ واضح پیغام گیا کہ پاکستان کی عسکری اور سیاسی قیادت اس امن مشن کے لیے ایک پیج پر کھڑی ہے۔ اکیس گھنٹوں تک جاری رہنے والی یہ لمبی اور تھکا دینے والی گفتگو تین حصوں میں تقسیم رہی؛ پہلے مرحلے میں پیغامات کا تبادلہ ہوا، دوسرے میں دونوں ملکوں کے رہنما آمنے سامنے بیٹھے اور آخر میں ماہرین نے باریک باتوں پر غور کیا مگر اتنی لمبی بحث کے بعد اگرچہ کوئی تحریری معاہدہ سامنے نہ آ سکا لیکن ماہرین اسے ناکامی کے بجائے کامیابی کی طرف ایک مثبت پیش رفت قرار دیتے ہیں۔ اتوار کی صبح جب جے ڈی وینس جب پاکستان سے روانہ ہوئے تو وہ ایران کے لیے ایک "آخری پیشکش" چھوڑ گئے، جسے ایک طرف درپردہ دھمکی اور دوسری طرف بڑی رعایت سمجھا جا رہا ہے جبکہ ایرانی ترجمان اسماعیل بقائی نے اس بات کو تسلیم کیا ہے کہ کئی معاملات پر بات آگے بڑھی ہے مگر چند بنیادی باتوں پر اب بھی اختلاف برقرار ہے۔ مذاکرات کی راہ میں پانچ بڑی رکاوٹیں ایسی تھیں جنہیں ایک ہی نشست میں حل کرنا ممکن نہ تھا، جن میں پہلی بڑی رکاوٹ ایران کا ایٹمی پروگرام ہے، جہاں تہران اس پر عالمی پابندیوں کا خاتمہ چاہتا ہے، وہیں واشنگٹن اس پروگرام کو محدود رکھنے کے لیے ناقابلِ تردید ضمانتوں پر بضد ہے، دوسری رکاوٹ آبنائے ہرمز پر ایران کا قبضہ ہے جسے امریکہ عالمی تجارت کے لیے خطرہ سمجھتا ہے، تیسری رکاوٹ ایران کے 120 ارب ڈالر کے منجمد اثاثوں کی واپسی، چوتھی رکاوٹ لبنان کی جنگ اور اسرائیل کے حملے، اور پانچویں رکاوٹ ایران کے اپنے حمایتی گروہ اور اس کی دفاعی پالیسی شامل ہیں۔

اس تمام مشکل صورتحال میں پاکستان کا ایک ذمہ دار ملک کے طور پر سامنے آنا ایک بڑی حقیقت ہے کیونکہ وزیراعظم شہباز شریف اور فوجی قیادت نے ثابت کر دیا ہے کہ پاکستان خطے میں امن کا سچا داعی ہے، اگرچہ یہ بات چیت فی الحال کسی دستخط شدہ معاہدے کے بغیر ختم ہوئی ہے مگر اس نے مستقبل میں رابطوں کا وہ راستہ کھول دیا ہے جو برسوں سے بند تھا اور تاریخ گواہ ہے کہ بڑی تبدیلیاں اکثر ایسی ہی خاموش اور لمبی بات چیت سے جنم لیتی ہیں۔ اب دنیا کی نظریں 22 اپریل کی تاریخ پر لگی ہیں کہ کیا جنگ بندی کی مدت میں اضافہ ہو گا یا نہیں مگر پاکستان نے اپنا حق ادا کر کے خود کو دنیا کا ایک اہم اور بااثر ملک ثابت کر دیا ہے۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ وہ تمام مسلمانوں کی غیبی مدد فرمائے اور ہمارے پیارے ملک پاکستان اور پوری امتِ مسلمہ کو اپنے حفظ و امان میں رکھے۔ آمین

کاٹن کے نیکر سے بلو جینز تک



ترتیب: نظام الدین

50 اور 60 کی دہائی کے بوڑھوں کے چہروں پر سفید بالوں اور جھریوں کے پیچھے ایک عہد کی گواہی ملتی ہے۔ وہ لوگ جنہوں نے وقت کو صرف گزرتے نہیں دیکھا بلکہ اسے بدلتے بھی دیکھا ہے۔ وہ عہد محض سانس لینے کا نہیں تھا بلکہ ایک شعوری سفر تھا؛ ایسا سفر جس میں ہر قدم ذمہ داری، ہر لمحہ امتحان اور ہر فیصلہ ایک سمت کا تعین کرتا تھا۔

موجودہ عہد ٹیکنالوجی اور بے پناہ بہاؤ کا بظاہر روشنیوں سے بھرا ضرور ہے، مگر ذرا ٹھہر کر اور گہرائی میں جا کر دیکھا جائے تو اس روشنی کے پیچھے ایک عجیب سی تاریکی بھی دکھائی دیتی ہے۔ یہ تاریکی بجلی کی بندش کی نہیں بلکہ شناخت کے مٹ جانے کی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ آج یہ جملہ شدت سے محسوس ہوتا ہے کہ ہمارے عہد کے چہروں پر بے چہرگی ذرا کم ہوتی تھی۔

ہماری آنکھوں نے وہ عہد دیکھا ہے جب کہانیاں سینما کی بڑی اسکرین پر جنم لیتی تھیں۔ بظاہر فلم ختم ہو جاتی، مگر لوگ دیر تک اپنی نشستوں پر بیٹھے رہتے جیسے پردے کے پیچھے زندگی ابھی جاری ہو۔ پھر وہ دن آیا جب ایک ننھی سی چپ نے دنیا کی بڑی بڑی کہانیوں کو اپنے اندر سمیٹنا شروع کر دیا۔

میں نے اس سفر کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔ اس دور کو بھی جب کمپیوٹر ایک عجوبہ تھا، اور پھر وہ زمانہ بھی جب آئی بی ایم پی سی نے دفتر، بازار اور گھر سب کو بدل دیا۔ جب ڈیجیٹل انقلاب آیا تو جیب میں رکھا ہوا ایک چھوٹا سا سیل فون پوری دنیا کو انسان کی ہتھیلی پر لے آیا۔ میں نے اس سفر کو بہت قریب سے دیکھا ہے۔ اس دور کو بھی جب کمپیوٹر ایک عجوبہ تھا، اور پھر وہ زمانہ بھی جب آئی بی ایم پی سی نے دفتر، بازار اور گھر سب کو بدل دیا۔ جب ڈیجیٹل انقلاب آیا تو جیب میں رکھا ہوا ایک چھوٹا سا سیل فون پوری دنیا کو انسان کی ہتھیلی پر لے آیا۔

مگر میرا سفر صرف ٹیکنالوجی کا سفر نہیں تھا۔ اس میں انسان کی وہ کہانی بھی شامل تھی جو ہر دور میں ایک جیسی رہتی ہے: محبت، جدوجہد اور قربانی کی کہانی۔

اسکول کی سادہ سی راہداریوں سے یونیورسٹی کے ہنگامہ خیز میدانوں تک پہنچتے پہنچتے زندگی نے کئی رنگ دکھائے۔ انہی دنوں دل نے پہلی بار محبت کا مطلب سمجھا۔ وہی محبت جو نوجوانی کے خوابوں کو روشنی دیتی ہے اور کبھی کبھی آنکھوں میں نمی بھی بھر دیتی ہے۔

وقت آگے بڑھا تو اسی محبت نے ایک دن شادی کی صورت اختیار کر لی، اور زندگی ایک نئے باب میں داخل ہو گئی۔

مگر یونیورسٹی صرف محبت اور کتابوں کا نام نہیں تھی۔ وہاں سیاست بھی تھی، نظریات بھی تھے اور وہ خواب بھی جو نوجوانوں کے دلوں میں انقلاب کی صورت دھڑکتے ہیں۔ میں بھی اس قافلے کا مسافر بن چکا تھا۔ طلبہ تنظیم کی سیاست میں قدم رکھا تو معلوم ہوا کہ نظریہ صرف تقریروں سے زندہ نہیں رہتا، اس کے لیے قربانی بھی دینا پڑتی ہے۔ ہم نے جلسے بھی کیے، جلوس بھی نکالے اور احتجاج بھی کیا۔ سچ بولنے کی قیمت بھی ادا کرنا پڑتی ہے۔

مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے
وہ قرض اتارے جو واجب بھی نہیں تھے۔

طلبہ تنظیم کی سیاست میں قدم رکھا تو معلوم ہوا کہ نظریہ صرف تقریروں سے زندہ نہیں رہتا، اس کے لیے قربانی بھی دینا پڑتی ہے۔ ہم نے جلسے بھی کیے، جلوس بھی نکالے اور احتجاج بھی کیا۔ سچ بولنے کی قیمت بھی ادا کرنا پڑتی ہے۔

مٹی کی محبت میں ہم آشفتہ سروں نے
وہ قرض اتارے جو واجب بھی نہیں تھے۔

ظالم حکمرانوں کو ہر دور میں نوجوانوں کی آواز خطرناک لگتی ہے۔ اسی لیے ایک دن ہتھکڑیوں کی ٹھنڈی زنجیر میرے ہاتھوں میں بھی ڈال دی گئی۔

جیل کی سلاخوں کے پیچھے گزرا ہوا وقت زندگی کا وہ باب ہے جسے شاید میں کبھی بھلا نہ سکوں۔ مگر عجیب بات یہ ہے کہ سلاخیں جسم کو قید کر سکتی ہیں، خیالات کو نہیں۔

جیل کی تنگ کوٹھری میں بیٹھ کر میں نے سوچا کہ دنیا کتنی تیزی سے بدل رہی ہے۔ باہر کی دنیا میں نئی نئی ٹیکنالوجی جنم لے رہی تھی اور میں اندر قیدی بن کر اپنے خوابوں کو لفظوں میں ڈھال رہا تھا۔ انہی قید و بند کے لمحات نے میرے اندر ایک لکھاری کو جنم دیا۔

آج 2026 کا زمانہ ہے۔ دنیا مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل انقلاب کے عہد میں داخل ہو چکی ہے۔ مگر جب میں ماضی کی طرف دیکھتا ہوں تو مجھے صرف ٹیکنالوجی کی ترقی نظر نہیں آتی۔ مجھے وہ سینما ہال یاد آتے ہیں جہاں خواب بڑے پردے پر دکھائی دیتے تھے۔ مجھے یونیورسٹی کے وہ دن یاد آتے ہیں جب ایک نوجوان دل پہلی بار محبت کے راز سے آشنا ہوا تھا۔ مجھے وہ جلسے یاد آتے ہیں جہاں سچ بولنے کی جرات سکھائی جاتی تھی۔

اور مجھے وہ سلاخیں بھی یاد آتی ہیں جہاں یہ سیکھا کہ ظلم ہمیشہ عارضی ہوتا ہے، مگر قربانی ہمیشہ تاریخ کا حصہ بن جاتی ہے۔

ہماری نسل نے اینالاگ دنیا سے ڈیجیٹل دنیا تک کا سفر دیکھا ہے۔ مگر اس طویل سفر میں ایک چیز آج بھی نہیں بدلی: انسان کے خواب۔

وہی خواب جو کبھی سینما اسکرین پر چمکتے تھے اور آج موبائل اسکرین پر۔ مگر خواب اب بھی خواب ہی ہیں، اور شاید انسان کی اصل طاقت بھی یہی خواب ہیں۔

مگر اس عہد میں بے چہرگی کچھ زیادہ ہے۔ اگر ہم چاہیں تو اس بے چہرگی کے پردے کو چاک کر سکتے ہیں۔ شرط صرف یہ ہے کہ ہم سچائی کا سامنا کرنے کی ہمت پیدا کریں، اپنے اندر کی آواز کو سنیں اور ایک سچے انسان کے طور پر جینے کا عزم کریں۔

یہی عزم ہمیں اس دھند سے نکال کر ایک واضح، روشن اور باوقار مستقبل کی طرف لے جا سکتا ہے۔

امن معاہدے کا ایک اہم موقع ضائع ہو گیا

تحریر: سید مجاہد علی

اسلام آباد میں ایران اور امریکہ کے درمیان امن معاہدہ نہیں ہو سکا۔ امریکی وفد کے قائد نائب صدر جے ڈی وینس کا کہنا تھا کہ ایرانی ہماری حتمی شرائط ماننے پر آمادہ نہیں تھے اس لیے کوئی معاہدہ نہیں ہو سکا۔ جبکہ ایران وزارت خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی کا کہنا تھا کہ ایک نشست میں معاہدہ ہونے کا امکان نہیں تھا۔ اسلام آباد کے سرینا ہوٹل میں اکیس گھنٹے تک جاری رہنے والے امن مذاکرات سے براہ راست کوئی معلومات کسی میڈیا کو حاصل نہیں تھیں۔ پاکستان نے بات چیت کو خفیہ رکھنے اور فریقین کو اعتماد سازی کا مکمل ماحول فراہم کرنے کے لیے حتی المقدور کوشش کی تھی۔ اس کے باوجود کوئی معاہدہ نہیں ہو سکا۔ کیوں کہ فریقین کے درمیان اعتماد کا فقدان تھا اور شک شبہ کی فضا موجود تھی۔ اس کا اظہار بعد میں نائب صدر وینس اور ایرانی ترجمانوں کے بیانات سے بھی کیا جا سکتا ہے۔

کسی معاہدے تک پہنچنے میں ناکامی کے بارے میں ایرانی ترجمان کا کہنا ہے کہ ایک نشست میں کوئی معاہدہ ممکن نہیں تھا۔ انہوں نے بات چیت ختم ہونے کے بعد ایک بیان میں کہا کہ 'یہ مذاکرات 40 روزہ جنگ کے بعد بے اعتمادی اور شکوک و شبہات کے ماحول میں ہوئے۔ فطری طور پر یہ توقع نہیں رکھی جا سکتی تھی کہ محض ایک ملاقات میں کوئی معاہدہ طے پا جائے۔ دیکھا جا سکتا ہے کہ اگر جنگ میں ملوث کسی ملک کا مذاکراتی وفد پہلے سے یہ سوچ کر آیا ہو کہ ایک نشست میں فیصلہ نہیں ہو سکتا تو ایسے مذاکرات کے نتائج بھی مایوس کن ہی ہوں گے۔ اس کے باوجود ایران ماضی کی طرح مذاکرات کی مثبت سمت کا اشارہ دے رہا ہے جبکہ امریکی وفد نے معاہدہ نہ ہونے پر مایوسی کا اظہار کیا ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ کے ترجمان کا کہنا ہے کہ اسلام آباد میں امریکہ کے ساتھ ہونے والے مذاکرات میں متعدد نکات پر اتفاق ہوا ہے تاہم دو، تین اہم نکات پر اختلاف رائے کے باعث تاحال جامع معاہدہ طے نہیں پا سکا۔

امریکی وفد کے قائد نائب صدر جے ڈی وینس نے آج صبح امریکہ واپس روانہ ہونے سے قبل ایک مختصر پریس کانفرنس کی جس میں انہوں نے ان مذاکرات کو بیک وقت مثبت اور منفی قرار دیا۔ ان کا کہنا تھا کہ 'اچھی خبر یہ ہے کہ ایرانیوں کے ساتھ بامعنی بات چیت ہوئی۔ اور بری خبر یہ ہے کہ ایران کے ساتھ معاہدہ طے نہیں پایا'۔ انہوں نے کہا کہ یہ ایران کے لیے بری خبر ہے۔ امریکی وفد بنا کسی معاہدے پر پہنچے واپس جا رہا ہے۔ اس گفتگو سے اندازہ جا سکتا ہے کہ جے ڈی وینس کی قیادت میں امریکی وفد کسی معاہدے تک پہنچنا چاہتا تھا لیکن ایرانی کوئی حتمی وعدہ کرنے پر آمادہ نہیں تھے۔ امریکی نائب صدر نے اکیس گھنٹے پر محیط مذاکرات کی تفصیلات فراہم نہیں کیں تاہم ان کا کہنا تھا کہ 'ایران یہ وعدہ کرنے میں ناکام رہا کہ وہ کبھی جوہری ہتھیار نہیں بنائیں گے۔ یہ آمادگی ابھی تک ہمیں نظر نہیں آئی'۔ اس تناظر میں دیکھا جائے تو ایرانی وفد جوہری صلاحیت حاصل کرنے کے ارادے سے باز رہنے کا وعدہ کرنے میں ناکام رہا ہے۔ ایران اور امریکہ کے درمیان شدید اختلافات، جنگ کی صورت حال اور گزشتہ چند ہفتوں کے دوران امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے سخت اور اشتعال انگیز بیانات کی روشنی میں دیکھا جائے تو مذاکرات کی ناکامی کے بعد نائب صدر کی گفتگو امریکی رویہ میں مثبت تبدیلی لگتی ہے۔ وینس نے میڈیا سے بات بھی نپی تلی اور متوازن کی اور معاہدہ نہ ہونے پر مایوسی کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے مذاکرات کے بارے میں یہ اشارہ بھی دیا ہے کہ 'ہم یہاں ایک انتہائی سادہ سی تجویز کے ساتھ جا رہے ہیں کہ افہام و تفہیم کا ایک طریقہ کار وضع کیا جائے، یہ ہماری حتمی اور بہترین پیشکش ہے۔ دیکھنا ہے کہ ایرانی اسے قبول کرتے ہیں یا نہیں۔ وینس کا کہنا تھا کہ 'میرے خیال میں ہم نے کافی لچک کا مظاہرہ کیا۔ صدر نے ہمیں کہا تھا کہ آپ نیک نیت کے ساتھ (مذاکرات میں) جانا ہے اور معاہدے کے لیے اپنی بہترین کوششیں کرنی ہیں۔ ہم نے وہ کیا لیکن افسوس ہے کہ کوئی پیش رفت نہیں ہو سکی'۔

امریکی ارادوں اور خواہش کے بارے میں کوئی حتمی رائے نہیں دی جا سکتی۔ خاص طور سے نائب صدر اور صدر ٹرمپ جنگ کے بارے میں متضاد رائے رکھتے ہیں۔ جے ڈی وینس کو جنگ مخالف سمجھا جاتا ہے۔ اس لیے ہو سکتا ہے کہ وہ ایران کے ساتھ رابطوں جیسا کہ انہوں نے تاثر بھی دیا ہے، ایک مثبت پیش رفت جاری رکھنے کے خواہاں ہوں۔ تاہم دیکھنا ہو گا کہ اس بات چیت کی ناکامی پر صدر ٹرمپ کیا رویہ اختیار کرتے ہیں۔ اگر انہوں نے ایک بار پھر جارحانہ بیانات کا سلسلہ شروع کر دیا اور عبوری جنگ بندی کا معاہدہ توڑ کر ایران پر حملے کیے گئے تو وینس کی خواہش یا بیان کی کوئی اہمیت باقی نہیں رہے گی۔ وینس نے ایران کے ساتھ افہام و تفہیم کا طریقہ کار وضع کرنے کی بات بھی کی ہے۔ اس سے یہ امید بھی قائم کی جا سکتی ہے کہ امریکہ اب بھی ایران کے ساتھ مکمل طور سے رابطہ منقطع کرنے کی بجائے

سفارتی محاذ پر عظیم کامیابی، دنیا پاکستان کی معترف



تحریر: اطہر ندیم

دنیا نازک دور سے گزر رہی ہے، ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ مزید تباہ کن ہو کر بڑے تصادم میں تبدیل ہو سکتی تھی، ایسے حالات میں امن کے قیام کے لیے مخلص اور دور اندیش قیادت کی ضرورت ہوتی ہے۔ پاکستان نے ہمیشہ عالمی امن کے فروغ میں مثبت کردار ادا کیا ہے، اور موجودہ دور میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں یہ کردار مزید نمایاں ہو کر سامنے آیا ہے۔

ایران اور امریکہ کے درمیان جنگ عالمی امن کے لیے خطرہ بنی ہوئی تھی۔ دونوں ممالک کے درمیان جنگ نہ صرف مشرق وسطیٰ بلکہ پوری دنیا کے استحکام کو متاثر کر سکتی تھی۔ ایسے نازک موقع پر پاکستان نے متوازن اور دانشمندانہ سفارتی حکمت عملی اختیار کی۔ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر نے مخلصانہ کوششیں کیں جس سے دونوں ممالک عارضی جنگ بندی کر کے مذاکرات کے لیے آمادہ ہوئے

اگرچہ ایران اور امریکہ کے درمیان براہ راست مذاکرات مکمل طور پر کامیاب نہ ہو سکے، تاہم 15 روزہ جنگ بندی اور دونوں ممالک کو مذاکرات کی میز پر لانا پاکستان کی بڑی سفارتی حل جنگ نہیں بلکہ مذاکرات ہیں۔

پاکستان کی اس سفارتی کامیابی کا ایک اہم پہلو یہ بھی ہے کہ اس نے خود کو ایک امن پسند ملک کے طور پر منوایا ہے

یہ حقیقت قابل ذکر ہے کہ عارضی جنگ بندی مستقل امن کی جانب پہلا قدم ہے۔ اگر اس موقع کو دانشمندی سے استعمال کیا جائے تو مستقبل میں جامع مذاکرات کی راہ ہموار ہو سکتی ہے یہ کہنا بجا ہو گا کہ وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں کی جانے والی سفارتی کوششیں قابل تحسین ہیں۔ یہ اقدامات اس بات کا مظہر ہیں کہ پاکستان عالمی امن کے قیام میں اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کے لیے پرعزم ہے۔ امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کے لیے پاکستان کی سفارتی کوششوں پر صوبائی وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور فیلڈ مارشل عاصم منیر کی کاوشوں کو زبردست الفاظ میں

امریکہ اور ایران کے درمیان مذاکرات کی راہ ہموار ہوئی، جو کہ خطے اور دنیا کے امن کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔

انہوں نے کہا کہ پاکستان ہمیشہ سے عالمی امن کا داعی رہا ہے اور مشکل حالات میں بھی مذاکرات اور سفارتکاری کو ترجیح دیتا ہے۔ ملک صہیب احمد بھرتھ کے مطابق حالیہ سفارتی کوششیں اس بات کا واضح ثبوت ہیں کہ پاکستان نہ صرف اس خطے بلکہ عالمی سطح پر بھی امن کے قیام کے لیے سنجیدہ کردار ادا کر رہا ہے۔

انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اگرچہ امریکہ اور ایران کے درمیان مکمل معاہدہ طے نہیں پایا، تاہم پاکستان کی کوششوں سے دونوں ممالک کو مذاکرات کی میز پر لانا ایک بڑی کامیابی ہے۔ یہ پیش رفت مستقبل میں مزید مثبت نتائج کی بنیاد بن سکتی ہے۔

صہیب احمد بھرتھ نے پاکستانی قیادت کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کاوشیں نہ صرف ملک کا وقار بلند کرتی ہیں بلکہ دنیا میں پاکستان کے مثبت تشخص کو بھی اجاگر کرتی ہیں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پاکستان آئندہ بھی اسی طرح عالمی امن کے لیے اپنا تعمیری کردار ادا کرتا رہے گا۔

وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے تجارت و رکن قومی اسمبلی ڈاکٹر ذوالفقار علی بھٹی نے امریکہ اور ایران کے درمیان جنگ بندی اور مذاکرات کے لیے پاکستان کی اعلیٰ قیادت کی سفارتی

فیملی کیسز کی حقیقت، نوجوان وکلاء کو نصیحت

ازقلم: راشد عمران چوہان ایڈووکیٹ

دوستو ہمارے نوجوان وکلاء کی جانب سے یہ سوال اکثر پوچھا جاتا ھے کہ فیملی کیسز میں کلائنٹ کے ساتھ بطور وکیل ہمارا رویہ کیسا ھونا چاہیے؟ کیا ایسے کیسز میں وکلاء کو اپنے عمومی معیار سے کم فیس لینی چاہیے؟ کیا ایسے کلائنٹس زیادہ توجہ اور رحم کے مستحق ھیں؟

ان سوالات کے جوابات سے پہلے ہم فیملی مقدمات کی اصل بنیادوں سے درست حالات کا جائزہ لیتے ھیں کہ کچہری پہنچنے سے قبل ایک فیملی کیس کن مراحل سے گزرتا ھے۔

دوستو فیملی مقدمات ایک دم یا حادثے سے وجود میں نہیں آتے۔

پہلے مرحلے میں میاں یا بیوی میں سے ایک فریق دوسرے فریق کے کسی عمل سے نفرت اور عداوت کے بیج اپنے دل میں پالتا ھے اور اس جذبے کو مسلسل پانی دے کر زندہ رکھتا ھے۔

دوسرے مرحلے میں شکایات زبان تک آتی ھیں اور رویوں میں اجنبیت آ جاتی ھے۔

پھر باقاعدہ لڑائی کا میدان بستر پر سجتا ھے۔ پھر بیڈ روم میں آوازیں بلند ھوتی ھیں۔ پھر پورا گھر آتش کدہ بنتا ھے۔ اس موقع پر مرد کا خاندان یعنی ماں باپ، بہن بھائی اس عمل کے منفی یا مثبت شریک بنتے ھیں۔

اس کے بعد خاتون کے فرسٹ بلڈ اس میں شامل ھو کر منفی یا مثبت کردار ادا کرتے ھیں یعنی اس کے ماں باپ، بہن بھائی۔۔

پھر معاملہ یہاں نہیں رکتا۔ پھر لڑکے اور لڑکی کے قریبی قرابت دار صلح کے لئے میدان میں آتے ھیں یعنی تایا، چچا ماموں یا خاندان کی بڑی خواتین۔

پھر معاملہ برادری تک آتا ھے۔ دونوں خاندان ایک دوسرے کو خوب ذلیل کرتے ھیں اور دلوں کی بھڑاس نکالتے ھیں۔

اس کے بعد گاؤں کے چودھری، معززین جن میں اکثر نام نہاد معزز ھوتے ھیں، اپنا اپنا منفی یا مثبت کردار ادا کرتے ھیں۔

پھر کونسلر، اور مقامی ایم پی اے یا ایم این اے کے ڈیرے سجائے جاتے ھیں۔

اگر زبانی جھگڑے سے معاملہ بڑھ جائے اور طرفین تشدد پر اتر آئیں تو بات ہسپتال میں جعلی میڈیکل سرٹیفکیٹ بنوانے اور تھانے میں جعلی مقدمات تک چلی جاتی ھے۔

پھر مقدمات قائم ھونے کے بعد تھانوں کے اندر پولیس اہلکاروں کی گالم گلوچ، تھانوں کے باہر فریقین کی ایک دوسرے کو دھمکیاں اور پھر تفتیشی افسر بالمشافہ گفتگو کے دور چلاتے ھیں یا اسی دوران مختلف ڈیروں پر پنچایت سجائی جاتی ھے۔ یا مساجد میں جھوٹے سچے حلف ھوتے ھیں۔

مگر فریقین کا دل نہیں بھرتا تو

اس کے بعد فریقین کچہری وکلاء کے پاس آتے ھیں۔ یہ آخری سٹیج ھے۔

اس وقت تک ضد اور نفرت دہکتی آگ بن چکی ھوتی ھے۔ فریقین کو ایک دوسرے کی شکلوں اور خاندانوں سے نفرت بے تحاشا بڑھ چکی ھوتی ھے۔ فیملی کیسز میں اس مرحلے پر صلح ھونا قتل کے مقدمات کی صلح سے بھی مشکل تر ھو جاتی ھے۔ اگر آپ کسی بھی طرح صلح کروا سکتے ھوں تو لازمی صلح کروا دیں۔ کیونکہ میاں بیوی کے درمیان صلح کو قرآن کریم میں "خیر" قرار دیا ھے۔

خاتون اور مرد حضرات بطور کلائنٹس وکلاء کے چیمبر میں ہمدردی سمیٹنے کے لئے روتے ھیں مگر صلح پر راضی نہیں ھوتے۔ ان کا بس چلے تو دونوں فریق اپنی اپنی نفرت کے باعث ایک دوسرے کی جان لے لیں۔ دلوں میں فاصلے اس قدر بڑھ جاتے ھیں کہ فریقین وکلاء کے پاس اور عدالت میں ایک دوسرے پر سنگین الزامات لگاتے ھیں جو اخلاقیات کا جنازہ نکال دیتے ھیں۔ عورتیں وکلاء کو بتاتی ھیں کہ ان کا خاوند شراب زنا کا رسیا ھے۔ مرد اپنی بیوی پر اخلاق سوز الزامات لگانے میں ہر حد سے گزر جاتے ھیں۔

اس مرحلے پر بھی دونوں فریقین کی کوشش ھوتی ھے کہ دوسرے فریق جس کی وہ شکل نہیں دیکھنا چاہتے اُس کو وہ کسی بھی طرح زیادہ سے زیادہ مالی نقصان پہنچائیں۔ حسد نفرت اور اخلاق باختگی کے باوجود فریقین دوسرے کا زیادہ سے زیادہ مال بٹورنے کے چکر میں ھوتے ھیں۔ دعویٰ خلع کا ھو یا خرچہ نان و نفقہ کا، تکذیب نکاح ھو یا دعویٰ زن آشوئی ہر دعویٰ کی گراؤنڈز جھوٹے الزامات اور خودترسی پر مبنی ھوتی ھیں۔ جعلی دستاویزات اور رسیدات بطور شہادت پیش کی جاتی ھیں۔ الّا ماشاء اللہ۔

دوستو کہنے کا مطلب یہ ھے کہ کچہری میں فیملی مقدمات اور معاملات اس وقت آتے ھیں جب سب سماجی، اخلاقی اور معاشرتی ضابطے شکست کھا چکے ھوتے ھیں۔ ہر فورم پر فریقین اپنی ضد، حماقت اور اپنی جھوٹی انا کے باعث عدم اعتماد کر چکے ھوتے ھیں اور اب کچہری آنے کا مقصد دوسرے فریق کا مزید استحصال ھوتا ھے۔ دوسرے فریق کو سبق سکھانا ھوتا ھے۔ اس لئے میرے بیس سالہ تجربے کا نچوڑ ھے کہ:

فیملی کیسز میں کلائنٹس پر بالکل ترس نہ کھائیں۔ معقول فیس لیں۔ اور رحم کھا کر اپنی پروفیشنل ساکھ کو کمپرومائز نہ کریں۔ نہ کسی فریق کی ہمدردی میں ذاتیات پر اتریں۔ فیملی مقدمات کے کلائنٹس کسی بھی شعبے کے کلائنٹس سے زیادہ ضدی، گھمنڈی، سفاک اور بے رحم ھوتے ھیں۔ یہ جتنے بھی مظلوم یا مفلس لگیں یہ سب دکھاوا ھے حقیقت نہیں۔ ہاں اگر آپ

حنا آرنٹ بیسویں صدی

تحریر: وجاہت مسعود

حنا آرنٹ بیسویں صدی میں فلسفہ سیاست پر اثر انداز ہونے والی موثر ترین آوازوں میں شمار ہوتی ہیں۔ 1906 میں پرشیا کی جنگجو ثقافت میں آنکھ کھولنے والی یہودی نژاد حنا آرنٹ کے لیے نازی اقتدار میں جینا مشکل ہو گیا تو وہ 1941 میں امریکا پہنچ گئی۔ امریکا پہنچ کر حنا آرنٹ نے اپنی اہم ترین کتاب originsandElements totalitarianismof پر کام شروع کیا۔ 1951 میں شائع ہونے والی اس ضخیم کتاب کا بنیادی نکتہ یہ تھا کہ فسطائیت محض ایک سیاسی نظام نہیں بلکہ ایک اوسط فرد کی سیاسی جبر اور جنسی گھٹن کے نتیجے میں تشکیل پانے والی نامعقول شخصیت کا اجتماعی اظہار اپنے تنقیدی شعور سے دستبردار ہو جاتا ہے۔ حنا آرنٹ نے فسطائیت کو دیگر مستبد سیاسی نمونوں سے اس لحاظ سے مختلف قرار دیا کہ فسطائیت میں صرف سیاسی مخالفین ہی کو نہیں بلکہ معاشرے کے ہر طبقے کو جبر کا نشانہ بنایا جاتا ہے۔ فسطائی ریاست صرف معاشرے کو ظلم و تعدی کا نشانہ نہیں بناتی بلکہ فرد کی داخلی نمود کو کچل ڈالتی ہے۔ فرد نام نہاد حب الوطنی کے نام پر اپنے تنقیدی شعور کو رہن رکھ دیتا ہے۔ انفرادی بقا اور مادی ترقی وقت کی راگنی پہنچانے پر منحصر ہو جاتی ہے۔ فرد اپنی ہی توہین میں نام نہاد عزت ڈھونڈتا ہے۔ حنا آرنٹ نے ہمہ گیریت میں جرمن اور اطالوی نمونے کے علاوہ اشتراکی بندوبست کو بھی شامل کیا۔

حنا آرنٹ سے پہلے ولہلم رائخ نے 1933 میں 'فسطائیت کی اجتماعی نفسیات' کے عنوان سے اس موضوع پر ابتدائی اور غالباً اہم ترین کتاب لکھی تھی۔ اگرچہ ولہلم رائخ میکارتھی عہد کے مخصوص تناظر میں سازش کا شکار ہوا تاہم فسطائیت کی ساخت پر اس کے نظریات کی اہمیت کم نہیں ہو سکی۔ رائخ کا نظریہ یہ تھا کہ فسطائیت کسی ایک فرد کے عزائم یا کج روی کا نتیجہ نہیں ہوتی بلکہ جنسی گھٹن اور فکری انجماد کے نتیجے میں معاشرہ پہلے سے فسطائی خصوصیات اختیار کر چکا ہوتا ہے اور فسطائی رہنما محض معاشرے میں موجود ذہنی رویوں کو ایک پیکر عطا کرتا ہے۔ خاندان سے معاشرے تک تحکمانہ رویوں کی اطاعت گزار اکثریت اپنے تنقیدی شعور کو تج دیتی ہے، جنسی اور سیاسی گھٹن میں فرد داخلی اظہار، معاشرتی تنوع، تخلیقی ارتفاع، جمہوری توانائی، دانش دشمنی، جسمانی ایذا رسانی اور ذاتی مفادات کا مطیع ہو جاتا ہے۔ اجتماع فرد پر غالب آ جاتا ہے اور اجتماعی زندگی میں استخراجی رجحانات، انسانی آلام سے بے گانگی کی راہ کھول دیتے ہیں۔ فسطائی معاشرہ ناگزیر طور پر بدعنوانی، منافقت اور جنسی کج روی کا شکار ہو جاتا ہے۔ کھوکھلے نعرے حقیقت پسندی کی راہ مسدود کر دیتے ہیں۔ اہل دانش طاقت کے مسلسل بدلتے بیانیوں کے تابع ہو جاتے ہیں۔ مغربی اہل دانش کے ان خیالات سے قطع نظر، خود ہمارے ملک میں یہ تماشا آج تک جاری ہے۔

مشرقی پنجاب میں فسادات مارچ 1947 کے پہلے ہفتے میں مسلم اکثریتی اضلاع میں شروع ہوئے۔ مشرقی پنجاب میں یہ ابتلا اواخر اگست میں پہنچی۔ شاہد احمد دہلوی کا رپورتاژ تاریخی بددیانتی کا نمونہ ہے۔ کیا مشرقی پنجاب میں کسی ایسے سیاسی یا انتظامی اقدام کا ذکر ملتا ہے جس کا مقصد غیر مسلم آبادی کی حفاظت ہو۔ کیا ہمارے اہل دانش نے اہل اقتدار اور مستقل انتظامیہ کی طرف سے غیر مسلم آبادی کو تہ تیغ کرنے میں سرگرم کردار کی نشاندہی کی۔ حیران کن طور پر 1850 سے 1942 تک پنجاب میں سب سے کم فرقہ وارانہ فسادات رونما ہوئے۔ نومبر 1947 میں بھی فیلڈ مارشل آکن لیک کو اترپردیش، بہار اور بنگال میں فسادات کا

یہ ریاست کس کی ہے؟



اٹھارہ برس کی صحافت نے مجھے بہت کچھ دکھایا، بہت کچھ سکھایا، اور سب سے بڑھ کر یہ احساس دیا کہ اس ملک کا عام انسان اپنی زندگی کو کسی نہ کسی طرح سنوارنے کی مسلسل جدوجہد میں مصروف ہے۔ ہر شخص کی یہی خواہش ہے کہ وہ عزت سے جئے، اپنے بچوں کو پال سکے، اور ایک ایسا وقت دیکھے جہاں سکون ہو، تحفظ ہو، اور امید زندہ ہو۔ چند روز پہلے ایک بزرگ سے ملاقات ہوئی۔ عمر اسی برس کے لگ بھگ، چہرے پر نور، آنکھوں میں تھکن مگر دل میں ایمان کی روشنی۔ وہ مسجد میں پانچ وقت کے نمازی تھے۔ نماز کے بعد انہوں نے مجھے بلایا اور ایک سوال کیا — ایک ایسا سوال جو صرف ایک شخص کا نہیں بلکہ پوری قوم کا درد تھا۔ انہوں نے کہا: "بیٹا، تم صحافی ہو، لکھتے ہو، لوگوں تک بات پہنچاتے ہو۔ ہمارے حکمرانوں کو یہ بتاؤ کہ ہم بہت پریشان ہیں۔ لوگ ایک وقت کی روٹی کو ترس رہے ہیں۔ کیا وہ نہیں دیکھتے؟ کیا ان کے دل نہیں پسیجتے؟" یہ سوال میرے دل میں اتر گیا۔ یہ صرف الفاظ نہیں تھے، یہ ایک پوری نسل کی آہ تھی، ایک قوم کی خاموش فریاد تھی۔ آج جب ہم اپنے اردگرد دیکھتے ہیں تو ایک تلخ حقیقت سامنے آتی ہے۔ ایک طرف وہ لوگ ہیں جن کے پاس وسائل کی کوئی کمی نہیں، اور دوسری طرف وہ عوام ہیں جو بنیادی ضروریات کے لیے ترس رہے ہیں۔ مہنگائی نے زندگی کو مشکل بنا دیا ہے۔ ایک مزدور، ایک رکشہ چلانے والا، ایک چھوٹا دکاندار — سب ایک ہی جنگ لڑ رہے ہیں: زندہ رہنے کی جنگ۔ یہ کیسا نظام ہے جہاں ایک باپ اپنے بچوں کے لیے دودھ خریدنے سے پہلے کئی بار سوچتا ہے؟ یہ کیسی ریاست ہے جہاں ایک ماں اپنے بچوں کو بھوکا سلا کر خود بھی آنسوؤں کے ساتھ رات گزارتی ہے؟ حکمرانوں سے سوال ہے: کیا آپ نے کبھی ان آنکھوں میں جھانک کر دیکھا ہے جو امید کے ساتھ آپ کی طرف دیکھتی ہیں؟ کیا آپ نے کبھی کسی غریب کے گھر جا کر اس کی خاموشیوں کو سنا ہے؟ اقتدار ایک ذمہ داری ہے، کوئی انعام نہیں۔ یہ ایک امانت ہے، جس کا حساب دینا ہوگا۔ آج آپ کے پاس اختیار ہے، کل آپ کو جواب دینا ہوگا — اور یہ جواب صرف عوام کو نہیں بلکہ اللہ کے سامنے بھی دینا ہوگا۔ ہم سب جانتے ہیں کہ یہ دنیا فانی ہے۔ آج جو کرسی پر بیٹھا ہے، کل وہ مٹی کے نیچے ہوگا۔ نہ دولت ساتھ جائے گی، نہ طاقت، نہ پروٹوکول۔ صرف اعمال جائیں گے۔ پھر کیوں نہ ایسے اعمال کیے جائیں جن پر فخر ہو؟ کیوں نہ ایسی حکمرانی کی جائے جس میں انصاف ہو، رحم ہو، اور انسانیت ہو؟ یہ حقیقت ہے کہ ہر انسان اپنی اولاد سے محبت کرتا ہے۔ اپنی بیٹی کو محفوظ دیکھنا چاہتا ہے، اپنے بیٹے کو کامیاب دیکھنا چاہتا ہے۔ لیکن اگر ذرا گہرائی سے سوچا جائے تو عوام بھی ریاست کی اولاد ہے۔ یہ بچے بھی آپ کے ہی ہیں۔ ان کی بھوک، ان کی تکلیف، ان کا مستقبل — یہ سب آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر ایک باپ اپنے بچے کو بھوکا نہیں دیکھ سکتا، تو ایک حکمران کیسے اپنے عوام کو بھوکا دیکھ سکتا ہے؟ آج ضرورت اس بات کی ہے کہ ہم صرف بڑے منصوبوں، بڑے دعووں اور بڑی تقریروں سے آگے بڑھیں۔ اصل کام وہ ہے جو ایک عام آدمی کی زندگی میں آسانی لائے۔ ایک غریب کا مسئلہ حل کرنا، ایک بیوہ کی مدد کرنا، ایک یتیم کے سر پر ہاتھ رکھنا — یہی اصل خدمت ہے۔ بیوروکریسی کے ایوانوں میں بیٹھے افراد سے بھی گزارش ہے: آپ کے پاس اختیار ہے، آپ کے ایک دستخط سے کسی کی زندگی بدل سکتی ہے۔ کسی فائل کو غیر ضروری طور پر روکنا، کسی غریب کو دفتر کے چکر لگوانا — یہ سب صرف ظلم نہیں بلکہ ایک انسان کی عزت کو مجروح کرنا ہے۔ کیا ہی اچھا ہو کہ آپ ہر دن یہ نیت کریں کہ آج کسی ایک پریشان حال انسان کا کام ضرور کرنا ہے۔ کسی ایک شخص کی دعا لینا ہے۔ یقین کریں، یہ دعائیں وہ طاقت رکھتی ہیں جو کسی بھی عہدے سے زیادہ قیمتی ہے۔ ہمیں یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ معاشرے کی ترقی صرف بڑے شہروں، بڑی عمارتوں اور بڑے منصوبوں سے نہیں ہوتی۔ اصل ترقی وہ ہے جہاں ایک عام شہری خود کو محفوظ اور باعزت محسوس کرے۔ جہاں انصاف فوری ہو، جہاں روزگار کے مواقع ہوں، جہاں تعلیم اور صحت سب کے لیے یکساں دستیاب ہو۔ یہ کالم کسی تنقید کے لیے نہیں، بلکہ ایک یاددہانی ہے۔ ایک اپیل ہے — اس بزرگ کی طرف سے، اس مزدور کی طرف سے، اس ماں کی طرف سے، اس بچے کی طرف سے جو آج بھی ایک بہتر کل کا خواب دیکھ رہا ہے۔ حکمرانوں سے گزارش ہے: اب بس کریں۔ کتنا جمع کریں گے؟ آخر میں تو سب نے جانا ہے۔ کیوں نہ جاتے جاتے کچھ ایسا چھوڑ جائیں جس پر تاریخ آپ کو اچھے الفاظ میں یاد کرے؟ غریب عوام پر رحم کریں۔ ان کے لیے آسانیاں پیدا کریں۔ ان کی زندگیوں میں روشنی لائیں۔ کیونکہ یاد رکھیں — ریاست صرف زمین کا ٹکڑا نہیں ہوتی، ریاست اپنے لوگوں سے بنتی ہے۔ اور اگر لوگ ہی پریشان ہوں، تو کوئی بھی ریاست مضبوط نہیں ہو سکتی۔ آخر میں اس بزرگ کے الفاظ پھر دہراتا ہوں: "ہمیں صرف جینے دیں، بس اتنا ہی کافی ہے۔" کیا یہ مطالبہ واقعی اتنا بڑا ہے؟

امیر المومنین نے سوا دو برس میں جھوٹے مدعیانِ نبوت کا قلع قمع کیا، مرتدین کا استحصال کیا، زکوٰۃ کے انکاری لوگوں کی سرکوبی کی، جمع و ترتیب قرآن کا کام کیا اور دیگر ایسے شاندار امور سرانجام دیے

کاروانِ عشقِ مصطفیٰ کے سالارِ اعلیٰ و یارِ غار سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ

آپؓ نے فرمایا کہ ''جو اللہ تعالیٰ کے کاموں میں لگ جاتا ہے، اللہ تعالیٰ خود اُس کے کاموں میں لگ جاتا ہے''

پیر مختار احمد جمال تونسوی

کاروانِ عشقِ رسولِ عربی ﷺ کے سالارِ اعلیٰ سیدنا حضرت صدیقِ اکبرؓ بلاشبہ رسولِ عربی ﷺ کے بعد دنیا کی سب سے افضل ہستی اور انسان ہیں۔ آپؓ ہی وہ عظیم ہستی ہیں کہ جس کے بارے میں حضورِ اقدس ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''ہم پر کسی کا احسان نہیں جس کا بدلہ ہم نے نہ دیا ہو، مگر ابوبکرؓ کا ہم پر احسان ہے، اُس کا بدلہ خود اللہ تعالیٰ روزِ حشر دے گا۔''

آپؓ کا اسم گرامی عبداللہ بن ابو قحافہ عثمان تھا اور کنیت ابوبکرؓ تھی جب کہ ''صدیق'' اور ''عتیق'' آپؓ کے القاب ہیں۔ صدیق کے معنی ''سچے'' اور عتیق کے معنی حضور سرورِ کائنات ﷺ نے ''جہنم کی آگ سے آزاد'' کے فرمائے ہیں۔

جب حضور سیدِ عالم ﷺ نے اپنی نبوت کا اعلان فرمایا تو حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ ﷺ سے عرض کیا کہ حضور! مجھے اجازت عطا فرمائیے کہ میں لوگوں کو آپ ﷺ کی رسالت کی اطلاع دوں اور بالخصوص آپ ﷺ سے فیض یاب ہونے کی دعوت دوں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''اے ابوبکر! ذرا صبر سے کام لو، ابھی ہم تعداد میں تھوڑے ہیں۔'' حضرت صدیقِ اکبرؓ...... آپ ﷺ کی محبت سے سرشار تھے اور آپؓ پر غلبۂ حال طاری تھا، آپؓ نے پھر اصرار کیا حتیٰ کہ رسولِ عربی ﷺ نے اجازت دے دی۔ اور پھر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے بلاخوف و خطر بندگانِ خدا کو اللہ رب العزت اور اُس کے پیارے رسولِ عربی ﷺ کی طرف آنے کی دعوت دی۔ ''البدایہ والنہایہ'' میں حافظ ابنِ کثیر لکھتے ہیں کہ ''حضورِ اقدس ﷺ کی بعثت کے بعد حضرت ابوبکرؓ پہلے خطیب ہیں کہ جنھوں نے اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کی طرف بلایا۔''

حضرت ابوبکر صدیقؓ کے اِس عمل سے مشرکینِ مکہ آپؓ پر ٹوٹ پڑے۔ آپؓ کو سخت پیٹا اور روندا۔ عقبہ بن ربیعہ نے آپؓ کے چہرے پر بے تحاشا تھپڑ مارے۔ آپؓ قبیلہ بنو تمیم سے تھے، آپؓ کے قبیلے کے لوگوں کو خبر ہوئی تو وہ دوڑے ہوئے آئے اور آپؓ کو مشرکینِ مکہ سے چھڑا کر گھر لے آئے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ بے ہوشی کے عالم میں تھے اور لوگوں کا خیال تھا کہ شاید آپؓ جانبر نہ ہو سکیں گے۔ مگر ابھی ابتدا تھی اور عشق کی منازل تو طے کرنا ابھی باقی تھیں۔

آپؓ دن بھر بے ہوش ہی پڑے رہے، جب شام ہوئی تو قدرے ہوش آیا آپؓ کے والد ابوقحافہ اور آپؓ کے قبیلے لوگ آپؓ کے پاس کھڑے تھے۔ محبت کا عالم دیکھیے کہ ہوش آتے ہی آپؓ نے استفسار کیا کہ رسول اللہ ﷺ کہاں ہیں اور کس حال میں ہیں؟ آپؓ کے قبیلے کے لوگ سخت برہم ہوئے اور آپؓ کو ملامت کی کہ جس کی وجہ سے یہ ذلت و رسوائی تمھیں اُٹھانا پڑی اور یہ مار پیٹ اور تکلیف برداشت کرنا پڑی، ہوش میں آتے ہی تم پھر اُسی کا حال پوچھتے ہو۔ مگر یہ عشق سے ناآشنا لوگ نہیں جانتے تھے کہ جو سکون، راحت اور قرار عشقِ رسولِ عربی ﷺ میں تکلیفیں برداشت کرنے میں میسر ہے وہ بھلا بغیر عشق کے پھولوں کی سیج پر سونے سے بھی کہاں ملتا ہے۔

جب آپؓ کے قبیلے کے لوگوں نے دیکھا کہ آپؓ رسولِ عربی ﷺ کی محبت سے ہٹنے والے نہیں تو مایوس ہو کر اپنے گھروں کو لوٹ گئے اور جاتے ہوئے آپؓ کی ماں سے کہہ گئے کہ جب تک عبداللہ بن ابوقحافہ رسولِ عربی ﷺ کی محبت سے باز نہ آجائے اِس سے مکمل قطع تعلق رکھو اور کھانے پینے کے لیے کچھ نہ دو۔ ماں آخر ماں ہوتی ہے اور ماؤں کو اپنی اولاد سے کس حد تک محبت ہوتی اس کا اندازہ اولاد اُس وقت تک نہیں لگا سکتی کہ جب وہ اولاد خود صاحبِ اولاد نہ ہو جائے، آپؓ کی ماں کا دل بھر آیا اور کھانا تیار کر کے سامنے رکھ دیا اور کہا کہ بیٹا! دن بھر کے بھوکے ہو کچھ کھالو۔ مگر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے کہا کہ ''ماں! اللہ کی قسم، میں اُس وقت تک نہ کھانا کھاؤں گا اور نہ پانی کا ایک گھونٹ پیوں گا کہ جب تک میں رسولِ عربی ﷺ کی زیارت نہ کرلوں۔ اسی دوران حضرت عمرؓ کی بہن ام جمیل آگئیں اور بتایا کہ حضورِ اقدس ﷺ خیریت سے ہیں اور دارِ ارقم میں تشریف فرما ہیں۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ زخموں سے چور تھے اور طبیعت کافی نڈھال تھی مگر پھر بھی اپنی بے قراری کو دور کرنے کے لیے اپنی ماں کے سہارے رحمتِ دو عالم ﷺ کی بارگاہِ مقدس میں حاضر ہوئے اور دیکھا کہ رسولِ عربی ﷺ پر خود سخت گریہ طاری تھا۔ آپ نے دیکھا کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نبی کریم ﷺ کی محبت اور عشق میں اپنے جسم اور جان کی سب تکلیفیں بھول گئے۔

آیئے! حضرت صدیقِ اکبرؓ کے آپ ﷺ سے عشق و محبت کے ایک اور واقعے پر نظر ڈالتے ہوئے ہم آپ ﷺ سے اپنے قلبی تعلق اور ایمان کو مضبوط کرنے کی کوشش کرتے ہیں کہ اس کے بغیر کوئی چارہ نہیں۔ آسمان پر ستارے جگمگا رہے تھے، اور ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہؓ نے ستاروں پر نظر ڈالتے ہوئے ہادیٔ عالم ﷺ سے عرض کیا کہ اے میرے سر کے تاج ﷺ! کیا اِن ستاروں کے مانند بھی کسی کی نیکیاں ہوں گی؟ میرے جگ پال آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ ''ہاں! عمر فاروقؓ کی نیکیاں اِن ستاروں کے مانند ہیں۔'' حضرت عائشہؓ نے عرض کیا کہ اور میرے والد (حضرت ابوبکر صدیق) کی کس قدر ہیں؟ تاجدارِ انبیا ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ تیرے والد کی ایک نیکی، جو غارِ ثور والی ہے، وہ اِن سب نیکیوں سے زیادہ ہے۔'' غارِ ثور والی نیکی کا واقعہ یوں ہے کہ ''ہجرت کے موقع پر آقائے نامدار ﷺ نے تین دن غارِ ثور میں قیام فرمایا، غارِ ثور میں پہلے کون داخل ہوا؟ اِس پر ذرا غور فرمائیں کہ عموماً ہوتا یہ ہے ہم بہ تقاضائے ادب کھانے میں، پینے میں، بیٹھنے میں، کمرے میں داخل ہونے میں اپنے بزرگوں اور بڑوں کو آگے کرتے ہیں اور خود پیچھے رہتے ہیں کیوں کہ ''ادب پہلا قرینہ ہے محبت کے قرینوں میں'' مگر یہاں معاملہ منفرد اور مختلف ہے کہ یہاں حضرت صدیقِ اکبرؓ غار میں پہلے داخل ہوتے ہیں اس لیے کہ یہاں اگر کوئی موذی اور نقصان دینے والی چیز ہے تو وہ پہلے مجھ پر حملہ آور ہو اور حضور پُرنور ﷺ کو کوئی ایذا نہ پہنچے۔ جب اندر داخل ہوئے، صفائی کی، دیکھا کہ اندر بہت زیادہ سوراخ ہیں۔ حضرت صدیقِ اکبرؓ نے اپنی چادر مبارک پھاڑ کر سب سوراخ بند کردیے، ایک سوراخ رہ گیا تھا آپؓ نے ارادہ کیا کہ چلو اِس کے اوپر میں اپنے پانو کی ایڑی رکھ دوں گا، حضورِ اقدس ﷺ کو اندر لے آئے اور اُس سوراخ پر اپنی ایڑی رکھ کر بیٹھ گئے اور حبیبِ خدا ﷺ صدیقِ اکبرؓ کی گود میں اپنا سر مبارک رکھ کر استراحت فرمانے لگے۔ جب سرکارِ مدینہ ﷺ کی کالی کالی زلفوں کی بھینی بھینی اور پیاری پیاری خوشبو غار کے اندر بکھرنے لگی تو ایک سانپ (کہ جسے خبر تھی کہ یہاں ایک روز رسولِ عربی ﷺ تشریف لائیں گے) آپ ﷺ کے رخِ انور کی زیارت کی غرض سے صدیوں سے انتظار میں بیٹھا تھا اُس عاشق زار سانپ کے مسام دماغ خوشبو سے معطر و منور ہوئے اور اُسے محسوس ہوا کہ میری معراج کی گھڑیاں آ گئیں، وہ باری باری ہر سوراخ کی جانب بڑھتا ہے مگر ہر طرف راہیں مسدود ہیں، ایک جگہ نرم ہے جہاں حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنی ایڑھی رکھی تھی۔ پہلے تو سانپ نے اُس ایڑی کو بوسہ دیا، صدیقِ اکبرؓ نے محسوس کیا کہ اندر کوئی جاندار چیز ہے آپؓ نے ایڑی مضبوط کر لی۔ سانپ نورانی چہرہ تکنے کے لیے بے تاب اور بے قرار تھا اور حبیبِ ربِ کریم ﷺ کا دیدار تو کرنا ہی تھا۔ سانپ نے ایڑی کو ڈس لیا کہ کسی طرح یہ ایڑی اپنی جگہ سے ہٹ جائے مگر ایڑی نہیں ہٹی اُس زہر کا اثر دماغ تک پہنچا اور ایڑی کی گرفت کمزور پڑ گئی اور اتنی سکت نہ رہی کہ اُس سوراخ پر جم سکے پانو مبارک خود بخود نیچے ڈھلک گیا اور شدتِ تکلیف کے باعث عاشقِ صادق حضرت صدیقِ اکبرؓ کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اور آپ ﷺ کے رخسار مبارک پر گر پڑے، نبی کی آنکھیں سوتی ہیں مگر دل جاگتا ہے فوراً آنکھ کھل گئی، پوچھا صدیق! یہ آنسو کیسے؟ آپؓ نے ساری بات آپ ﷺ کے گوش گزار کر دی، آپ ﷺ نے فوراً سانپ کے زخم پر اپنا لعابِ دہن لگا دیا اور زہر کا اثر زائل ہو گیا۔ اور ادھر کفارِ مکہ آپ ﷺ کی تلاش میں لگے ہوئے ہیں مگر ربِ قدوس نے بھی اپنے پیارے حبیب ﷺ کی حفاظت کا خوب انتظام کیا کہ ایک کبوتری کو حکم صادر ہوا کہ وہ وہاں اپنا آشیانہ بنائے اور انڈے دے دے اور مکڑی کو حکم ہوا کہ وہ وہاں جالا بُن دے، چناں چہ حضور ﷺ کی حفاظت کے لیے حکمِ ربی کو فوراً بجالائے۔ کفار آئے اور دیکھا کہ یہاں تو جالا بنا ہوا ہے اور کبوتری نے انڈے دے رکھے ہیں۔ اگر یہاں کوئی آتا تو جالا ٹوٹ جاتا اور کبوتری اڑ جاتی۔'' اسی وجہ سے آپؓ کو ''یارِ غار'' کے عظیم اور منفرد لقب سے یاد کیا جاتا ہے۔

صدیقِ اکبرؓ...... محبت و اخلاص میں، ایثار و قربانی میں اور جود و سخا میں اپنی مثال آپ تھے۔ جب آپؓ مشرکینِ مکہ کے مظالم سے تنگ آ کر ترکِ وطن کے ارادے سے نکلے تو مکہ کے ایک رئیس ابن الدغنہ نے آپؓ کو روکا اور کہا کہ ''آپؓ جیسے لوگ تو کسی بستی کی شان، آن اور وقار ہوتے ہیں، میں آپؓ کو ہرگز نہیں جانے دوں گا۔ آپؓ تو پیکرِ اخلاقِ کریمانہ ہیں، آپؓ ناداروں کے کام آتے ہیں، رشتہ و قرابت کو جوڑتے ہیں، کمزوروں کا بوجھ اُٹھاتے ہیں، مہمان نوازی آپؓ کا شیوہ ہے اور آپؓ راہِ حق میں مصیبت اُٹھانے والے ہیں اور دست گیری فرماتے ہیں۔''

آغازِ اسلام میں جو خوش قسمت لوگ دائرۂ اسلام میں داخل ہوئے اُن میں زیادہ تعداد غلاموں اور لونڈیوں کی تھی جو اسلام قبول کرنے کی پاداش میں اپنے کافر و مشرک آقاؤں کے ظلم و ستم میں بری طرح گرفتار تھے، صدیقِ اکبرؓ نے اکثر غلاموں کو خرید کر آزاد کر دیا، ان میں بالخصوص حضرت بلال حبشیؓ، حضرت عامر بن فہیرہ، نہدیہ، بنت نہدیہ، زنیرہ اور ام عبیسؓ وغیرہ شامل تھے۔ صدیقِ اکبرؓ نے حضرت بلال حبشیؓ کو بہت گراں قیمت پر خرید کر آزاد کیا تو کفار کو بڑی حیرت ہوئی اور سوچنے لگے کہ شاید حضرت بلال حبشیؓ کا صدیقِ اکبرؓ پر کوئی احسان ہو گا۔ ربِ کریم عزوجل نے قرآن پاک میں ارشاد فرمایا کہ ''وہ نہایت پرہیزگار ہے جو پاکیزہ ہونے کی خاطر اپنا مال (راہِ خدا میں) دیتا ہے، اس پر کسی کا کوئی احسان نہیں ہے جس کا بدلہ اسے دینا ہو، وہ تو صرف اپنے اللہ کی رضا کی خاطر یہ کام کرتا ہے اور وہ ضرور اس سے خوش ہو گا۔'' (سورۃ اللیل 18-21)

ایک بار صدیقِ اکبرؓ کے والد نے آپؓ سے کہا کہ ''بیٹا! میں دیکھ رہا ہوں کہ تم کمزور لوگوں کو آزاد کر رہے ہو۔ اگر تم یہ رقم مضبوط جوانوں کی آزادی پر خرچ کرتے تو وہ تمھارے لیے قوت اور بازو بنتے!'' یہ سن کر حضرت ابوبکر صدیقؓ نے اپنے والدِ محترم کی خدمت میں عرض کیا کہ ''اباجان! میں تو وہ اجر چاہتا ہوں جو میرے اللہ کریم کے ہاں ہے۔''

ایک دفعہ اللہ کے حبیب ﷺ نے راہِ خدا میں مال طلب کیا تو سرکارِ مدینہ، راحتِ قلب و سینہ حضور سرورِ کائنات ﷺ کے دیوانے، دیوانہ وار اپنے گھروں کو دوڑے اور کسی نے اپنے مال کا چوتھائی حصہ، تو کسی نے آدھا مال لا کر بارگاہِ رسالت مآب ﷺ میں پیش کر دیا مگر صدیق اکبرؓ کی ایثار و قربانی کا عالم دیکھیے کہ گھر کا سارا مال ہی اُٹھا لائے۔ جب رسولِ کریم ﷺ نے آپؓ سے پوچھا کہ ''اے ابوبکرؓ! اپنے گھر اور اہل و عیال کے لیے کیا چھوڑ آئے ہو؟'' قربان جائیے آپؓ کے لب کشائی کرنے کے اس انداز سے، آپؓ نے عرض کیا کہ ''اپنے گھر والوں کے لیے، اللہ اور اُس کے رسول ﷺ کو چھوڑ آیا ہوں۔''

حضور سیدِ عالم ﷺ کا اِس دنیائے فانی سے پردہ فرمانے کے بعد 13 ربیع الاول کو مہاجرین و انصار صحابہ نے باہمی اتفاقِ رائے سے حضرت ابوبکر صدیقؓ کو پہلا خلیفہ، راشد منتخب کر لیا۔ آپؓ نے مسجدِ نبوی میں تشریف لا کر منبرِ رسول ﷺ پر بیٹھ کر چند جملوں پر مشتمل ایک جامع خطبہ ارشاد فرمایا:

''لوگو! میں تم پر حاکم مقرر کیا گیا ہوں، حال آں کہ میں تم لوگوں میں سب سے افضل (ہونے کا مدعی) نہیں ہوں، اگر میں ٹھیک ٹھیک کام کروں تو تم میری اعانت کرو، اور اگر میں برائی کی جانب جھکنے لگوں تو تم مجھے سیدھا کر دو، سچائی امانت ہے اور جھوٹ خیانت، تم میں سے جو (بہ ظاہر) کمزور ہے، وہی حقیقت میں میرے نزدیک طاقت ور ہے، تاوقتے کہ میں اسے (ظالم سے) اس کا حق واپس نہ دلا دوں، ان شاء اللہ تعالیٰ! اور تم میں جو بہ ظاہر بڑا طاقت ور ہے، وہی میرے نزدیک سب سے (کمزور) ہے، تاوقتے کہ میں اس سے (مظلوم کا) حق نہ چھین لوں، ان شاء اللہ تعالیٰ! جو قوم ''جہاد فی سبیل اللہ'' کو چھوڑ دیتی ہے، اللہ تعالیٰ (سزا کے طور پر) اس پر ذلت و خواری مسلط فرما دیتا ہے، اور جس قوم میں بے حیائی و بدکاری کی وبا پھیل جاتی ہے، اللہ تعالیٰ اس پر مصیبتیں نازل فرما دیتا ہے۔ اور (سنو) جب تک میں اللہ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کے جادۂ مستقیم پر قائم رہوں، تم بھی میری اطاعت کرنا، اور اگر کبھی میں (خدانخواستہ) اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کی اطاعت کا بندھن توڑ کر نافرمانی کے راستے پر چل پڑوں تو پھر تم پر میری اطاعت ہرگز لازم نہیں ہو گی۔ اچھا اب نماز (باجماعت) کے لیے اُٹھ کھڑے ہو، اللہ تعالیٰ تم پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے۔''

(تاریخ الخلفا امام جلال الدین سیوطی بہ حوالہ سیرۃ ابنِ اسحٰق)

اس خطبہ، خلافت میں نظامِ خلافت کے قیام کی ضرورت، اطاعتِ امیر کا دائرۂ کار، عوام کی ذمہ داریاں اور جہاد کی ترغیب و اہمیت اور دیگر امور کا احاطہ کیا گیا ہے۔ جسے بلاشبہ اسلامی جمہوری اور فلاحی مملکت کا مثالی دستور و منشور قرار دیا جا سکتا ہے۔

کاش! کہ دنیائے مسلم کے حکمران جو آج تمام تر وسائل سے مالا مال ہیں، بھی خلفائے راشدین کا سا طرزِ حکمرانی اپناتے ہوئے اپنی زندگی کا ہر لحہ اپنے پروردگارِ عالم کی یاد اور عبادت میں گزارتے۔ تاکہ مسلمان عزت کے ساتھ سر اُٹھا کر جیتے۔ مگر بدقسمتی سے آج کے مسلم حکمران اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر جھوٹے آقاؤں اور خداؤں پر کامل یقین کیے بیٹھے ہیں اور انھی سے ''لَو'' لگانا اپنے لیے فخر کی بات سمجھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ دشمنانِ اسلام امتِ مسلمہ کی ایمانی کمزوریوں کو بھانپتے ہوئے سر جوڑ کر مختلف طریقوں سے سازشوں کے جال بُنتے رہتے ہیں اور مسلمانوں پر پے در پے حملے کرنے میں مصروفِ عمل ہیں۔ اور تو اور! انسانیت کو امان دینے والی ہستی اور امتِ مسلمہ کی شان، آن اور ایمان یعنی ہادیٔ عالم، رسولِ رحمت ﷺ کی بے عیب شخصیت کی شان میں گستاخی کے مرتکب ہو رہے ہیں۔

امیر المومنین حضرت ابوبکر صدیقؓ مسندِ خلافت پر قریباً سوا دو برس جلوہ افروز رہے اور اس قلیل عرصہ میں جھوٹے مدعیانِ نبوت کا قلع قمع کیا، مرتدین کا استحصال کیا، زکوٰۃ کے انکاری لوگوں کی سرکوبی کی، جمع و ترتیب قرآن کا کام کیا اور دیگر ایسے شاندار امور سرانجام دیے۔

حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں کہ ''میرے والدِ محترم کی علالت کا آغاز یوں ہوا کہ آپؓ نے 7 جمادی الثانی اتوار کے روز غسل فرمایا اُس دن سردی بہت زیادہ تھی جو اثر کر گئی اور آپؓ کو بخار ہو گیا، آپؓ پندرہ روز علیل رہے اور پھر اُسی بخار کے سبب اِس دنیائے فانی سے کوچ کر گئے۔''

وفات سے پہلے وصال والے دن حضرت صدیقِ اکبرؓ نے حضرت سیدنا فاروقِ اعظمؓ کو تجہیز و تکفین کی وصیت فرمانے کے بعد پوچھا کہ ''آج کون سا دن ہے۔'' جواب ملا کہ آج ''پیر (سوموار) کا دن ہے۔'' پھر دریافت کیا کہ ''حضورِ اقدس ﷺ کا وصال کس روز ہوا تھا؟'' جواب ملا کہ ''پیر کے روز!''۔ آپؓ نے ارشاد فرمایا کہ ''تو پھر میری بھی تمنا یہی ہے کہ میں بھی آج رات ہی اِس عالمِ فانی سے کوچ کر جاؤں۔''

ربِ کریم نے آپؓ کی یہ خواہش پوری کی اور آپؓ پیر کی رات 22 جمادی الثانی 13 ہجری کو اپنے رفیقِ اعلیٰ سے جا ملے۔ آخر میں آپؓ کا ایک فرمانِ مقدس پیش کرتے ہوئے مضمون کا اختتام کرتے ہیں آپؓ نے فرمایا کہ ''جو اللہ تعالیٰ کے کاموں میں لگ جاتا ہے، اللہ تعالیٰ خود اُس کے کاموں میں لگ جاتا ہے۔'' دعا ہے کہ ربِ قدوس ہم سب کو سچا عشقِ مصطفیٰ ﷺ اور صحابہ کرام اور اہلِ بیت کی سچی محبت سے سرفراز فرمائے۔ اور امتِ مسلمہ کو اتفاق و اتحاد اور عمل کی دولت سے مالا مال فرمائے۔

خلیفۂ رسول ﷺ سیدنا صدیق اکبرؓ حیات و خدمات، حالات و واقعات

آپؓ کا ایک لقب ''صدیق'' تھا۔ یہ لقب پڑنے کی وجہ یوں ہے کہ آں حضرت ﷺ نے شبِ معراج میں جبرائیل امین سے پوچھا: ''میری قوم میں اس واقعہ کی تصدیق کون کرے گا؟'' انھوں نے جواب دیا، ''ابوبکرؓ آپ کی تصدیق کریں گے، وہ صدیق ہیں۔''

حافظ محمد اقبال سحر

خلیفہ اوّل حضرت ابوبکر صدیقؓ وہ خوش نصیب صحابی ہیں، جنھیں سب سے زیادہ رسول اللہ ﷺ کا قرب حاصل ہوا۔ آپؓ عقل و فہم، اصابتِ رائے اور حلم و بردباری میں مشہور تھے۔ علم الانساب والاخبار کے ماہر تھے۔ آپؓ کو اسلام سے پہلے بھی بت پرستی سے سخت نفرت تھی۔ شراب نوشی کو بُرا جانتے تھے۔ چناں چہ حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں، ''ابوبکرؓ نے عہدِ جاہلیت میں بھی شراب اپنے اوپر حرام کر رکھی تھی۔'' (تاریخ الخلفا: علامہ جلال الدین سیوطی) حضور اکرم ﷺ اور حضرت ابوبکر صدیقؓ دونوں کے دوستانہ تعلقات دیرینہ تھے۔ اسلام کے بعد یہ تعلق مزید گہرا ہوتا چلا گیا۔ چناں چہ حضرت عائشہ صدیقہؓ فرماتی ہیں: ''ہم پر کوئی دن ایسا نہیں گذرا جب کہ آں حضرت ﷺ ہمارے گھر صبح و شام نہ آئے ہوں۔'' (صحیح بخاری، مطبوعہ مطبع مجتبائی، جلد:۱)

مقامِ صدیقیت قرآن و حدیث کی زبانی:

مقامِ صدیق اکبرؓ جاننے کے لیے یہ آیت ہی کافی ہے:

''اور جو لوگ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے ہیں، وہ نبیوں، صدیقوں اور شہدا و صالحین جن پر اللہ نے انعام کیا ہے، ان کے ساتھ ہوں گے اور کیا خوب ہوں گے یہ سب لوگ ایک دوسرے کے رفیق اور ساتھی!'' (سورۃ النسا، آیت نمبر ۶۹)

بخاری شریف میں ہے کہ ایک مرتبہ آں حضرت ﷺ حضرت ابوبکرؓ، حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کے ساتھ جبلِ اُحد پر چڑھے تو پہاڑ پر زلزلہ کی سی کیفیت طاری ہو گئی۔ یہ دیکھ کر آپ ﷺ نے فرمایا: ''اے اُحد! ٹھہر، کیوں کہ تیرے اوپر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید ہی تو ہیں۔'' اس حدیث میں بھی نبی، صدیق اور شہید میں ترتیب وہی ہے، جو قرآن مجید میں ہے۔ اس سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ نبی کے بعد جو مرتبہ ہے، وہ صدیق کا ہی ہے اور درمیان میں کوئی اور مقام حائل نہیں ہے۔

نام و نسب، خاندان اور ولادت:

آپؓ کا نام عبداللہ، کنیت ابوبکر اور لقب عتیق و صدیق تھا۔ والد کا نام عثمانؓ اور کنیت ابوقحافہ تھی۔ والدہ ماجدہ کا نام سلمیٰؓ اور کنیت اُمّ الخیر تھی۔ (طبقات ابن سعد) حضرت ابوبکرؓ قریش کی ایک شاخ تیم سے تعلق رکھتے تھے۔ والد کی طرف سے شجرۂ نسب اس طرح ہے:

عبداللہؓ بن عثمانؓ بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرۃ بن کعب بن لوئ بن غالب بن فہر بن مالک بن النضر بن کنانہ۔

والدہ کی طرف سے نسب نامہ یہ ہے: سلمیٰؓ بنت صخر، بن عمرو بن کعب۔ (دیکھیے ابن جریر طبری، جلد۲)

ولادتِ باسعادت:

حضرت ابوبکر صدیقؓ کی ولادت عام الفیل کے اڑھائی برس بعد ہوئی۔ آپؓ نبی کریم ﷺ سے کم و بیش تین برس چھوٹے تھے۔ اس لحاظ سے ۵۷۱ھ آپؓ کا سنہ ولادت بنتا ہے۔

صدیق و عتیق لقب کیسے پڑا؟

آپؓ کا ایک لقب ''صدیق'' تھا۔ یہ لقب پڑنے کی وجہ یوں ہے کہ آں حضرت ﷺ نے شبِ معراج میں جبرائیل امین سے پوچھا: ''میری قوم میں اس واقعہ کی تصدیق کون کرے گا؟'' انھوں نے جواب دیا، ''ابوبکرؓ آپ کی تصدیق کریں گے، وہ صدیق ہیں۔'' (طبقات ابنِ سعد، تذکرہ ابوبکرؓ)

آپؓ کا دوسرا لقب ''عتیق'' تھا۔ ایک مرتبہ آں حضرت ﷺ نے آپؓ کو دیکھا تو فرمایا: ''انت عتیق اللہ من النار تم اللہ کی طرف سے دوزخ سے آزاد ہو۔'' (ترمذی، جلد۲) اسی وقت سے آپؓ کا لقب ''عتیق'' پڑ گیا۔

ذریعۂ معاش:

سیدنا صدیق اکبرؓ کا ذریعہ معاش تجارت تھا۔ آپ قبل از اسلام بڑے پیمانے پر کپڑے کی تجارت کرتے تھے۔ اس سلسلہ میں شام اور یمن کے متعدد سفر بھی کیے۔ پہلا سفر اٹھارہ برس کی عمر میں کیا، جس کا تذکرہ الاصابہ اور اسد الغابہ میں ہے۔

آپ کی دعوت پر اسلام قبول کرنے والے نام ور صحابہؓ:

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے قبولِ اسلام کے ساتھ ہی دعوتِ اسلام کو پھیلانا شروع کر دیا تھا۔ چناں چہ آپ کی دعوت پر حضرت عثمان بن عفانؓ، حضرت زبیر بن العوامؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن عوفؓ، حضرت سعد بن ابی وقاصؓ، حضرت طلحہ بن عبداللہؓ، حضرت عثمان بن مظعونؓ، حضرت ابوعبیدہؓ، حضرت ابوسلمہؓ، حضرت خالد بن سعید بن العاصؓ جیسے اخترہائے تاباں آسمانِ اسلام کی زینت بنے۔

کفار کی ایذا رسانیاں اور کردارِ صدیقؓ:

نبی کریم ﷺ کے اعلانِ نبوت کے ساتھ ہی کفار کی ایذا رسانیوں کا سلسلہ چل نکلا۔ مکی زندگی کے اوائل میں جن لوگوں نے دعوتِ اسلام کو قبول کیا، ان میں کثیر تعداد غلاموں اور لونڈیوں کی تھی جو اپنے مشرک آقاؤں کے دستِ ظلم و ستم کا شکار تھے۔ سیدنا صدیق اکبرؓ نے ان لوگوں کو ان کے مالکوں سے خرید کر آزاد کیا۔ حضرت بلال حبشیؓ، حضرت عامر بن فہیرہؓ، حضرت ابوفکیہؓ، حضرت لبینہؓ، حضرت زنیرہؓ، حضرت نہدیہؓ، حضرت اُمّ عبیسؓ وغیرہ انھی لوگوں میں شامل تھے۔ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''ابوبکرؓ کے مال نے مجھ کو جو نفع پہنچایا، کسی اور کے مال نے اتنا نہیں پہنچایا۔'' (جامع ترمذی)

امارتِ حج اور حجۃ الوداع:

سنہ ۹ھ میں رسول اکرم ﷺ نے سیدنا ابوبکر صدیقؓ کو امارتِ حج کے منصب پر مامور فرمایا اور ہدایت کی کہ منیٰ کے عظیم الشان اجتماع میں اعلان کر دیں کہ اس سال کے بعد کوئی مشرک حج نہ کرے اور نہ کوئی برہنہ شخص خانہ کعبہ کا طواف کرے۔

سنہ ۱۰ھ میں رسول اللہ ﷺ حجۃ الوداع کے لیے تشریف لے گئے۔ سیدنا ابوبکر صدیقؓ ہم رکاب تھے۔ اس سفر سے واپس آنے کے بعد آپ ﷺ نے ایک مفصل خطبہ ارشاد فرمایا:

''خدا نے ایک بندہ کو دنیا اور عقبیٰ کے درمیان اختیار دیا تھا، لیکن اس نے عقبیٰ کو دنیا پر ترجیح دی۔''

سیدنا ابوبکر صدیقؓ یہ سن کر رونے لگے۔ لوگوں کو سخت تعجب ہوا کہ یہ رونے کا کون سا موقع تھا۔ درحقیقت حضرت ابوبکر صدیقؓ سمجھ گئے تھے کہ بندہ سے مراد خود ذاتِ اقدس ﷺ ہے۔ اس تقریر کے بعد ہی حضور اکرم ﷺ بیمار ہوئے اور مرض بڑھتا چلا گیا۔ یہاں تک کہ مسجد نبوی میں تشریف لانے سے بھی معذور ہو گئے۔ حکم ہوا کہ ابوبکرؓ امامت کی خدمت انجام دیں۔

خلافت کی ذمہ داری:

رسول اللہ ﷺ کے وصال کے بعد سیدنا ابوبکر صدیقؓ مسلمانوں کے خلیفہ اوّل قرار پائے۔ آپ نے اپنے عہدِ خلافت میں عظیم الشان کارنامے سرانجام دیے۔ سوا دو سال تک خلافت کے عظیم منصب پر فائز رہے۔

ازواج و اولاد:

حضرت ابوبکر صدیقؓ نے مختلف اوقات میں متعدد شادیاں کیں، جن بیویوں سے اولاد ہوئی، ان کے نام یہ ہیں۔ قتیلہ: ان سے حضرت عبداللہؓ اور حضرت اسماؓ پیدا ہوئیں۔ ام رومان: یہ اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ اور حضرت عبدالرحمٰنؓ کی ماں تھیں۔ اسما: ان سے محمد بن ابی بکرؓ پیدا ہوئے۔ حبیبہ بنت خارجہ: ان سے آپؓ کی سب سے چھوٹی بیٹی ام کلثومؓ پیدا ہوئیں۔

دارِ فنا سے دارِ بقا کی طرف:

حضرت ابوبکر صدیقؓ 22 جمادی الثانی 13 ہجری کو تریسٹھ برس کی عمر میں رہ گزیں عالمِ جاوداں ہوئے۔ انا للہ و انا الیہ راجعون

وصیت کے مطابق رات ہی کے وقت تجہیز و تکفین ہوئی۔ سیدنا فاروقِ اعظمؓ نے جنازہ کی نماز پڑھائی۔ حضرت عثمانؓ، حضرت طلحہؓ، حضرت عبدالرحمٰن بن ابی بکرؓ اور حضرت عمر فاروقؓ نے قبر میں اُتارا اور اس طرح رسول اکرم ﷺ کا رفیقِ زندگی آپ ﷺ کے پہلو میں مدفون ہو کر دائمی رفاقت کے لیے جنت میں پہنچ گیا۔

کوئی پیدا نہ ہو گا ایسا انساں روزِ محشر تک
سبھی اس کے مقلد ہیں عمرؓ، عثمانؓ و حیدرؓ تک
ہماری آنکھ سے پردہ ہٹے گا ناشناسی کا
ہمیں جانا پڑے گا ایک دن صدیقِ اکبرؓ تک

☆

حضرت ابوبکر صدیقؓ.....نشانِ منزل

نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے ہم نے ہر شخص کے احسان کا بدلہ چکا دیا
مگر ابوبکر صدیقؓ کے احسانات ایسے ہیں کہ ان کا بدلہ اللہ جل شانہ ہی عطا فرمائے گا

امیر عبدالقدیر اعوان

اسلام وہ حقیقت ہے کہ منکر بھی جسے انکار کے باوجود کلی طور پر جھٹلا نہیں سکتا، اسلام چوں کہ دینِ فطرت ہے اور تمام فطری تقاضوں کو بہترین طریقے سے پورا فرماتا ہے اس لیے دنیاوی کامیابیوں کے پیچھے بھی ''تحقیق'' بہ آوازِ بلند یہ ثابت کرتی نظر آتی ہے کہ انسان اسلام کے وضع کردہ اصولوں کے بغیر دنیاوی ترقی کی منازل بھی طے نہیں کر سکتا۔ جب اس کے ظاہری پہلو سے بڑھ کر باطنی پہلو پر توجہ مبذول ہو تو سمجھ آتی ہے کہ یہ عظیم اور انمول مگر واحد ذریعہ ہے جو بشر کو بندہ بناتا ہے اور بندے کو تراش کر بندگی کی لذتوں سے آشنا کر دیتا ہے۔ بتوفیقِ الٰہی یہ آشنائی گرہیں کھولتی جاتی ہے کہ خالق کون ہے؟ مخلوق کی کیا حیثیت ہے؟ کارگہِ حیات کیا ہے اور امتحان کیا ہے؟ زندگی کیا ہے اور موت کیا ہے؟ مردود کون ہے اور مقرب ہونا کیا ہے؟ فنا کی حدود کیا ہیں اور حیاتِ ابدی کیا ہے؟

اللہ پاک نے انبیا و رسل علیہم السلام کو مخلوق کی تربیت کا فریضہ سونپا اور ان عظیم ہستیوں میں محمد رسول اللہ ﷺ کو امام الانبیا مبعوث فرمایا۔ اگر کل بشریت کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے تو ایک جماعت انبیا و رسل علیہم السلام کی اور دوسری غیر انبیا کی ہو گی۔ امت محمد الرسول اللہ ﷺ کو اللہ کریم نے بے شمار عظمتوں میں سے ایک ایسی منفرد عظمت عطا فرمائی ہے کہ جس کا ذکر بھی کلام ذاتی میں فرمایا کہ کل بشریت میں دو ہستیاں ایسی ہیں جنھیں معیتِ ذاتی نصیب ہوئی۔

تمام انبیا کو ہمیشہ معیت نصیب رہتی ہے لیکن وہ معیت صفاتی ہوتی ہے۔ اہل اللہ کو جو معیت نصیب ہے وہ بندے کی صفات سے مشروط ہوتی ہے۔ انبیا میں نبی اکرم ﷺ اور غیر انبیا میں حضرت ابوبکر صدیقؓ وہ ہستیاں ہیں جن کی ذات ہائے مقدسہ کو اللہ کریم کی ذاتی معیت نصیب ہے۔ فرمایا: اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا [التوبۃ 9:40] پھر ایک وقت ایسا بھی آیا جب وقتِ ہجرت نبی اکرم ﷺ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے کندھوں پر سوار تھے تو عالم خلق کو حضور ﷺ سے تعلق حضرت صدیق اکبرؓ کے وجود مبارک سے نصیب تھا۔ عشق نبوی ﷺ کی بات ہو یا اطاعتِ رسول ﷺ کی، بندگی کی عظمتیں ہوں یا نبی ﷺ کی تربیت کا عملی نمونہ اگر نشانِ منزل کے طور پر چناؤ کرنا ہو تو سرِفہرست نام مبارک آئے گا۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

حضرت ابوبکر صدیقؓ کی پیدائش عام الفیل سے تین سال بعد بمطابق 50 ق ھ/574ء کو عثمان بن ابی قحافہ کے گھر مکۃ المکرمہ میں ہوئی۔ آپؓ کی والدہ ماجدہ کا نام ام الخیر سلمیٰ اور قبیلہ قریش کی شاخ بنو تمیم تھا۔ آپؓ کا سلسلۂ نسب ساتویں پشت پر جا کر نبی کریم ﷺ سے ملتا ہے۔ آپؓ کی ازواج مبارکہ کی تعداد چار، تین بیٹے اور تین ہی بیٹیاں تھیں۔ آپ کا ذریعۂ معاش تجارت تھا آپؓ اہلِ مکہ میں متمول اور قابلِ احترام حیثیت کے مالک تھے۔ آپؓ کا دورِ خلافت دو سال تین ماہ اور گیارہ دن تھا۔ آپؓ نے 22 جمادی الثانی 13 ہجری بمطابق 23 اگست 634ء کو تریسٹھ برس کی عمر میں مدینہ منورہ میں دارِ فانی سے پردہ فرمایا۔

آپؓ ذٰلِکَ مَثَلُھُمْ فِی التَّوْرٰۃِ وَمَثَلُھُمْ فِی الْاِنْجِیْلِ [الفتح 48:29] کی شان کے مطابق نبی کریم ﷺ کی خدمت میں بچپن ہی سے مامور فرما دیے گئے۔ بالغ افراد میں کسی ہچکچاہٹ کے بغیر پہلی ہی دعوت پر مشرف بہ اسلام ہوئے۔ آپ ﷺ کی مکی زندگی سے لے کر وصالِ نبوی ﷺ کے دن پیشانی مبارک پر بوسہ دینے تک ہمہ وقت حاضر خدمت اور تعمیلِ حکم میں سرِ تسلیم خم رہے۔ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے ہم نے ہر شخص کے احسان کا بدلہ چکا دیا مگر ابوبکر صدیقؓ کے احسانات ایسے ہیں کہ ان کا بدلہ اللہ جل شانہ ہی عطا فرمائے گا۔ آپؓ واحد ہستی ہیں جنھیں مسلسل چار نسل تک شرفِ صحابیت نصیب ہوا۔ والد محترم حضرت ابی قحافہ، آپؓ، صاحبزادے حضرت عبدالرحمٰن اور پوتے حضرت ابوعتیق محمدؓ۔ آپؓ کے پہلے نام عبدالکعبہ کی تبدیلی عبداللہ کے ساتھ، صدیق اور عتیق کے القابات دربارِ رسالت سے نصیب ہوئے۔ آپؓ نے وصالِ نبوی ﷺ کے امتحان میں ثابت قدم رہتے ہوئے نوزائدہ اسلامی ریاست کو انتہائی قلیل دورِ خلافت میں مضبوط بنیاد پر کھڑا کر دیا۔ آپؓ تدوینِ قرآن، ابتدا تسخیرِ عراق و شام، منکرینِ زکوٰۃ کا سدِ باب نیز انسدادِ فتنہ، ارتداد کا سبب بھی ہوئے۔

آپؓ کے وصالِ مبارک کے مہینے میں لکھتے ہوئے یہ سوچ رہا ہوں کہ آج ہم کس حال کو پہنچ چکے ہیں کہ جن لوگوں کی زندگیاں حصولِ زر کے لیے ساز و آواز میں گذریں وہ تو قومی سرمایہ گردانے گئے اور ان کی پیدائش و موت کے دن ہمیں خوب یاد رہتے ہیں مگر وہ ہستیاں جن کی زندگیاں نشانِ منزل بنیں ان کی یادیں ہم فراموش کیے بیٹھے ہیں۔

☆

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

صنعت و تجارت نیوز

معیشت نامہ

سمندری: پی ٹی آئی پی پی 104 کے رہنما چوہدری مستقیم مہار کا مختلف علاقوں کا دورہ، فوت شدگان کے لواحقین سے اظہار تعزیت

مہار ہاؤس میں سیاسی و سماجی شخصیات سے ملاقات، حلقہ کے مسائل کے حل اور عوامی رابطہ مہم تیز کرنے پر زور

سمندری (تحصیل رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف حلقہ PP-104 کے متحرک رہنما چوہدری مستقیم مہار نے حلقہ کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا اور فوت شدگان کے گھروں میں جا کر لواحقین سے اظہار تعزیت کیا۔ اس موقع پر انہوں نے مرحومین کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی کی اور سوگوار خاندانوں کے ساتھ دلی ہمدردی و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ دکھ اور غم کی اس گھڑی میں وہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ چوہدری مستقیم مہار نے کہا کہ انسانیت کی خدمت اور عوام کے دکھ درد میں شریک ہونا ہماری سیاسی و سماجی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف ہمیشہ عوام کے حقوق کی آواز بلند کرتی رہے گی اور حلقہ کے عوام کو کبھی تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ بعد ازاں چوہدری مستقیم مہار نے مہار ہاؤس میں حلقہ کے معززین، کارکنان اور مختلف وفود سے خصوصی ملاقاتیں کیں۔ ملاقات کے دوران حلقہ PP-104 کی موجودہ سیاسی صورتحال، عوامی مسائل، بلدیاتی امور، ترقیاتی کاموں اور تنظیمی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر عوامی رابطہ مہم کو مزید موثر بنانے اور پارٹی کارکنان کو متحرک رکھنے پر بھی زور دیا گیا۔ اس موقع پر چیف آرگنائزر پی ٹی آئی حلقہ PP-105 چوہدری امجد گجر، چوہدری محمد افضل بھٹہ، رانا لیاقت علی، فہد گجر سمیت دیگر سیاسی و سماجی شخصیات بھی موجود تھیں۔ شرکاء نے اس عزم کا اظہار کیا کہ حلقہ کے عوام کے مسائل کے حل، نوجوانوں کو ساتھ لے کر چلنے اور پارٹی پیغام کو گھر گھر پہنچانے کے لیے مشترکہ کوششیں جاری رکھی جائیں گی۔ ملاقات میں موجود رہنماؤں نے کہا کہ عوام پاکستان تحریک انصاف کی قیادت پر بھرپور اعتماد کا اظہار کر رہے ہیں اور آنے والا وقت پارٹی کی کامیابی کا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ حلقہ میں عوامی خدمت، بھائی چارے اور سیاسی شعور کے فروغ کے لیے سرگرمیاں مزید تیز کی جائیں گی۔

سٹی پولیس آفیسر تنویر حسین کی جانب سے پولیس لائن کمپلیکس میں میڈیا نمائندگان کے اعزاز میں ایک تعارفی و مشاورتی نشست کا انعقاد کیا گیا

نشست کے دوران میڈیا اور پولیس کے درمیان باہمی روابط، موثر تعاون اور معلومات کے تبادلے کے فروغ پر تفصیلی گفتگو کی گئی

فیصل آباد (میاں محمد ساجد) سٹی پولیس آفیسر تنویر حسین کی جانب سے پولیس لائن کمپلیکس میں میڈیا نمائندگان کے اعزاز میں ایک تعارفی و مشاورتی نشست کا انعقاد کیا گیا، جس میں جرنلسٹ کمیونٹی کی کثیر تعداد نے شرکت کی نشست کے دوران میڈیا اور پولیس کے درمیان باہمی روابط، موثر تعاون اور معلومات کے تبادلے کے فروغ پر تفصیلی گفتگو کی گئی سی پی او فیصل آباد تنویر حسین نے اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ دور میں میڈیا اور پولیس کے درمیان مضبوط رابطہ وقت کی اہم ضرورت بن چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ درست، بروقت اور مصدقہ معلومات کی فراہمی کے لیے دونوں اداروں کے درمیان موثر کوآرڈینیشن ناگزیر ہے تاکہ عوام تک حقائق پر مبنی معلومات پہنچائی جا سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ فیصل آباد پولیس شہریوں کو بہترین پبلک سروس ڈیلیوری فراہم کرنے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے اور عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینا ترجیحات میں شامل ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ امن و امان کے قیام اور جرائم کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں جبکہ پولیس کا بنیادی مقصد مظلوم کی دادرسی اور ظالم کا راستہ روکنا ہے۔ سی پی او تنویر حسین نے کہا کہ جرائم سے پاک معاشرے کے قیام کے لیے میڈیا اور پولیس کو مشترکہ ٹیم ورک کے تحت کام کرنا ہوگا۔ انہوں نے میڈیا کو معاشرے کی آنکھ اور آواز قرار دیتے ہوئے کہا کہ مثبت اور ذمہ دارانہ رپورٹنگ سے عوامی اعتماد میں اضافہ ممکن ہے، جو معاشرتی بہتری کے لیے انتہائی ضروری ہے۔

مسلم لیگ ن کے سابق ایم پی اے پیر غلام فرید، ایم این اے شازیہ فرید اور امیدوار پی پی 65 پیر عامر فرید نے سابق صوبائی وزیر اور سینئر نائب صدر ملک ندیم کامران کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کیا

عارفوالا (تحصیل رپورٹر) مسلم لیگ ن کے سابق ایم پی اے پیر غلام فرید، ایم این اے شازیہ فرید اور امیدوار پی پی 65 پیر عامر فرید نے سابق صوبائی وزیر اور سینئر نائب صدر ملک ندیم کامران کی وفات پر گہرے رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ انکی وفات سے مسلم لیگ ن ایک مخلص قابل اور بے لوث رہنما سے محروم ہو گئی ہے پارٹی کے لئے انکی گرانقدر خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکے گا۔ اپنے ایک تعزیتی بیان میں ان لیگی راہنماؤں کا کہنا تھا کہ ملک ندیم کامران ایک انتہائی وفادار اور مخلص راہنما تھے جنہوں نے مسلم لیگ ن کے ساتھ طویل رفاقت میں شاندار خدمات انجام دیں۔ شازیہ فرید نے کہا کہ انکے ساتھ بطور جنرل سیکرٹری 15 سال کام کیا وہ انتہائی محنتی اور قابل سیاسی راہنما تھے انکا پارٹی کے لئے روشن کردار سب کے لئے قابل تقلید ہے ہم انکے درجات کی بلندی اور لواحقین کے صبر و جمیل کے لئے دعا گو ہیں

عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد کا سلسلہ جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات پر عوامی مسائل کے فوری حل کیلئے اوپن ڈور پالیسی پر عملدرآمد کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور شکایات تفصیل سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ محکموں کے افسران کو فوری کارروائی کے احکامات جاری کیے۔ ڈپٹی کمشنر کو شہریوں کی جانب سے پیش کی جانے والی درخواستوں میں صفائی ستھرائی، تجاوزات، صحت، تعلیم، نکاسی آب اور دیگر بلدیاتی مسائل کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام درخواستوں کو مقررہ وقت میں میرٹ پر حل کیا جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوامی شکایات کے ازالے میں غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی اور شہریوں کو فوری ریلیف کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے۔ ڈپٹی کمشنر عائشہ رضوان نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایات کے مطابق عوام کے لیے سرکاری دفاتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں اور افسران عوامی مسائل کے حل کے لیے فیلڈ میں متحرک رہیں۔ انہوں نے تمام ضلعی افسران کو ہدایت کی کہ وہ اپنے دفاتر میں آنے والے سائلین کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، ان کے مسائل توجہ سے سنیں اور ان کا قابل عمل اور دیرپا حل یقینی بنائیں تاکہ شہریوں کو سرکاری اداروں پر اعتماد مزید مضبوط ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت پنجاب عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی، شفافیت اور گڈ گورننس کے فروغ کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے جبکہ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے مریضوں اور ان کے لواحقین کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں ادویات کی قیمتوں میں مسلسل اضافے نے مریضوں اور ان کے لواحقین کو شدید مشکلات سے دو چار کر دیا ہے۔ جان بچانے والی اور روزمرہ استعمال کی ادویات کی قیمتیں اس قدر بڑھ چکی ہیں کہ غریب اور متوسط طبقے کے لیے علاج معالجہ کروانا جوئے شیر لانے کے مترادف بن گیا ہے شہریوں کا کہنا ہے کہ مختلف بیماریوں کی ادویات میں بار بار اضافہ کیا جارہا ہے، جبکہ متعلقہ اداروں کی جانب سے موثر نگرانی اور چیک اینڈ بیلنس کا فقدان نظر آتا ہے۔ کئی مریض مالی مجبوریوں کے باعث علاج ادھورا چھوڑنے پر مجبور ہو گئے ہیں، جس سے انسانی جانوں کو سنگین خطرات لاحق ہو رہے ہیں عوامی و سماجی حلقوں نے حکومت اور متعلقہ ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ ادویات کی قیمتوں میں اضافے کا نوٹس لیا جائے، ذخیرہ اندوزی اور من مانی قیمتیں وصول کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں کی جائیں، اور ادویات کی قیمتوں کو کنٹرول کر کے عام آدمی کو ریلیف فراہم کیا جائے۔

کوٹ رادھا کشن پریس کلب کا اہم اجلاس صدر شوکت الرحمن خاں کی زیر نگرانی منعقد ہوا

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) کوٹ رادھا کشن پریس کلب کا اہم اجلاس صدر شوکت الرحمن خاں کی زیر نگرانی منعقد ہوا۔ پریس کلب کوٹ رادھا کشن کا ایک اہم اور تعارفی اجلاس صدر شوکت الرحمن خاں کی زیر نگرانی منعقد ہوا، جس میں کلب کے عہدیداران، صحافیوں اور ممتاز شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس کے مہمان خصوصی جمعیت علمائے اسلام کے رہنما اور حلقہ پی پی 175 سے امیدوار برائے ایم پی اے مولانا محمد زکریا جمال تھے۔ میاں خالد سیف اللہ کو روزنامہ آفتاب لاہور کا نامہ نگار منتخب ہونے پر پریس کلب کی طرف سے ڈھیروں مبارکباد پیش کی گئی اور ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔ پریس کلب میں نئی شمولیت اختیار کرنے والے اراکین ڈاکٹر محمد ریاض اولکھ اور محمد زکریا جمال کو پریس کلب آمد پر خوش آمدید کہا گیا۔ اجلاس کے دوران صحافیوں کو درپیش مسائل اور علاقائی مسائل کے حل کے لیے اٹھائے گئے اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شرکاء نے کوٹ رادھا کشن میں صحافت کے معیار کو مزید بہتر بنانے اور عوامی مسائل کو حکام بالا تک پہنچانے کے لیے ایک بہترین اور جامع حکمت عملی طے کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی مولانا محمد زکریا جمال نے کہا کہ ※※ صحافت معاشرے کا آئینہ اور چوتھا ستون ہے، اور کوٹ رادھا کشن کے صحافیوں نے ہمیشہ حق اور سچ کا ساتھ دے کر مظلوموں کی آواز کو حکام تک پہنچایا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پریس کلب کے صحافی علاقے کی تعمیر و ترقی اور عوامی مسائل کو اجاگر کرنے میں کلیدی کردار ادا کر رہے ہیں

رانا زبیر ون مین آرمی شودھالہ میں ہونے والے ٹورنامنٹ میں رانا زبیر نے ریکارڈ قائم کر دیا

کنگرہ موڑ (عاطف رفیق علوی سے) رانا زبیر ون مین آرمی شودھالہ میں ہونے والے ٹورنامنٹ میں رانا زبیر نے ریکارڈ قائم کر دیا سیمی فائنل میچ میں 13 چھکے لگا کر فائنل میں کوالیفائی کروایا اور گڈ گور کے خلاف فائنل میں بھی 13 سے 14 چھکے لگا※ فائنل میچ میں 5 اوورز میں 120 رنز کا پہاڑ جیسا ہدف 2 گیند پہلے ختم کر دیا اور فائنل میں آخری اوور میں 22 رنز چاہیے تھے رانا زبیر نے پہلی 4 گیندوں پر 4 چھکے لگا کر اپنی ٹیم کو چیمپئن بنوایا

ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ڈی پی او ارسلان زاہد کی ہدایت پر سماج دشمن عناصر کے خلاف کریک ڈاؤن جاری۔ تھانہ واربرٹن پولیس نے دوران کارروائی ڈکیت گینگ کے سرغنہ کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کر کے مختلف وارداتوں میں شہریوں سے چھینی ہوئی اور چوری شدہ 10 لاکھ روپے سے زائد مالیت کی نقدی اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ واربرٹن نے گرفتار ملزمان سے راہزنی اور موٹر سائیکل چوری سمیت 18 وارداتوں کا سراغ لگا لیا ہے، ملزمان سے تفتیش کا عمل جاری ہے مزید انکشافات بھی متوقع ہیں۔ گرفتار ملزمان میں ناصر، عدیل اور آصف شامل ہیں۔ خطرناک گینگ کو ایس ایچ او تھانہ واربرٹن نے سپیشل ٹیم تشکیل دیکر گرفتار کیا۔ سپیشل ٹیم میں سب انسپکٹر تنزیل چٹھہ اور تجربہ کار پولیس ملازمان محمد آصف اور لیسن شامل ہیں۔ ڈی پی او کا کہنا ہے کہ ڈکیت گینگ کی گرفتاری پولیس ٹیم کی پیشہ وارانہ مہارت کا نتیجہ ہے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے ویژن محفوظ پنجاب کے تحت جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں دن رات جاری ہیں۔

محمد شوکت علی ٹپال کوٹ رادھا کشن ویلفیئر سوسائٹی کے ترجمان مقرر، ممبران کے اعتماد پر شکریہ ادا

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) محمد شوکت علی ٹپال کوٹ رادھا کشن ویلفیئر سوسائٹی کے ترجمان مقرر، ممبران کے اعتماد پر شکریہ ادا، معاشرہ کی تعمیر تقسیم سے نہیں بلکہ اخلاق اور اتفاق سے ممکن ہے، محمد شوکت علی ٹپال کا پریس کانفرنس سے خطاب کوٹ رادھا کشن ویلفیئر سوسائٹی کے نو منتخب سیکرٹری نشر و اشاعت اور ترجمان محمد شوکت علی نے ذمہ داری سنبھالنے پر سوسائٹی کے معزز ممبران، بزرگوں اور دوستوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ عہدہ ان کے لیے ایک بڑی امانت ہے۔ کوٹ رادھا کشن ویلفیئر سوسائٹی ایک غیر سیاسی اور خالصتاً فلاحی پلیٹ فارم ہے جو بلا تفریق رنگ، نسل اور مذہب انسانیت کی خدمت پر یقین رکھتا ہے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کمپلینٹ سیل میں کھلی کچہری منعقد کی گئی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کی زیر صدارت ڈی پی او آفس کمپلینٹ سیل میں کھلی کچہری منعقد کی گئی، جس میں شہریوں نے اپنے مختلف نوعیت کے مسائل براہ راست ڈی پی او ساہیوال کے سامنے پیش کیے ڈی پی او ساہیوال نے تمام سائلین کی شکایات خود توجہ سے سنیں اور موقع پر ہی متعلقہ افسران کو ان مسائل کے فوری حل کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال محمد عثمان ٹیپو کا کہنا تھا کہ عوامی مسائل کا بروقت، شفاف اور منصفانہ ازالہ پولیس کی اولین ذمہ داری ہے انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہریوں کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان اعتماد کو فروغ دینا اور عوام کو فوری انصاف کی فراہمی کو یقینی بنانا ہے ڈی پی او ساہیوال نے افسران کو واضح ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ تمام درخواستوں پر میرٹ کے مطابق کارروائی کی جائے اور کسی بھی شکایت کے حل میں غفلت یا تاخیر ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

سیالکوٹ اکاؤنٹس آفس کے اہلکار پر رشوت اور ہراسانی کے الزامات، اینٹی کرپشن کو درخواست دائر

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) سی ای او ڈی ایچ اینڈ پی اے آفس سیالکوٹ کے اکاؤنٹنٹ حق نواز نے ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس سیالکوٹ کے اہلکار منصور ایڈیٹر کے خلاف ہراسانی، بلیک میلنگ اور غیر قانونی رشوت طلبی کے الزامات عائد کرتے ہوئے اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ سیالکوٹ کو تحریری شکایت جمع کروا دی۔ شکایت میں موقف اختیار کیا گیا ہے کہ منصور ایڈیٹر، جو ڈسٹرکٹ اکاؤنٹس آفس میں ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے معاملات دیکھتے ہیں، محکمہ صحت کے اکاؤنٹس اور ملازمین کو مسلسل ہراساں، ذہنی تشدد اور دباؤ کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ شکایت گزار کے مطابق بجلی کے بل، یوٹیلیٹی بلز، ادویات کی ادائیگیوں اور دیگر مالی دستاویزات کی کلیئرنس کے دوران جان بوجھ کر تاخیر اور رکاوٹیں کھڑی کی جاتی ہیں اور اہلکاروں پر غیر قانونی مالی فائدے کے لیے دباؤ ڈالا جاتا ہے۔ درخواست میں یہ بھی الزام لگایا گیا ہے کہ سیکرٹری ہیلتھ اینڈ پاپولیشن ڈیپارٹمنٹ پنجاب کی ہدایات پر ادویات کے بلوں اور دیگر فوری مالی معاملات کی کلیئرنس کے لیے جب رابطہ کیا گیا تو ان سے 40 ہزار روپے رشوت لی گئی۔ رشوت لینے کے باوجود ذلت آمیز رویہ اور ذہنی ہراسانی کا سلسلہ جاری رہا۔

پاکستان کی سیاسی وعسکری قیادت خطہ کے حالات پر مکمل نظر رکھے ہوئے ہے: امجد نذیر بٹ

خطہ میں پائیدار قیام امن یقینی بنانے سمیت بھارت کو سفارتی محاذ پر ناکامی سے دوچار کیا جارہا ہے

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) مرکزی انجمن تاجران کے صدر و امیدوار پی پی 141 امجد نذیر بٹ نے کہا ہے کہ پاکستان کی سیاسی وعسکری قیادت خطہ کے حالات پر مکمل نظر رکھے ہوئے ہے اور خطہ میں پائیدار قیام امن یقینی بنانے سمیت بھارت کو سفارتی محاذ پر ناکامی سے دوچار کیا جارہا ہے بھارت کی کسی طرح کی مہم جوئی کے پیش نظر پاکستانی حکومت اور مسلح افواج تمام اہداف سامنے رکھے ہوئے ہے بھارت کو ہمیشہ ہر محاذ پر اسی کی زبان میں کڑا جواب دیا جائے گا، دوست ممالک پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں اور معاشی و دفاعی لحاظ سے تعاون کو فروغ دیا جارہا ہے، جس کیلئے وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت سرگرم عمل ہے اور ملکی معاشی مفادات کی تکمیل تیزی سے یقینی بنائی جارہی ہے جلد وطن عزیز کا شمار ترقی یافتہ ممالک کی صف میں ہوگا، وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی صوبہ کو ترقی یافتہ بنانے کی موثر کوششیں اور عوام کو ریلیف کی فراہمی کی خاطر اٹھائے گئے مربوط اقدامات کے ثمرات پوری قوم کے سامنے ہیں پنجاب ترقی کی رفتار میں ملک کے تمام صوبوں سے آگے ہے جس میں عوام کا معیار زندگی تیزی سے بلند ہورہا ہے درپیش مسائل میں واضح کمی آئی ہے باقی ماندہ عوامی مشکلات کا بھی جلد ازالہ ممکن ہوگا وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر تمام اضلاع کی انتظامیہ عوامی ریلیف کی خاطر برسرپیکار ہے اور ترقیاتی کاموں کے جال بچھائے جارہے ہیں۔

دفتری اوقات میں سائلین کے مسائل کی سماعت اور بروقت ازالہ جاری

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے مقررہ دفتری اوقات میں شہریوں کی شکایات اور مسائل سن کر متعلقہ محکموں کو عملدرآمد کے احکامات جاری کیے

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے گڈ گورننس انیشی ایٹوز اوپن ڈور پالیسی کے تحت روزانہ مقررہ عوامی دفتری اوقات میں سائلین کے مسائل کی سماعت اور بروقت ازالہ جاری ہے۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے مقررہ دفتری اوقات میں شہریوں کی شکایات اور مسائل سن کر متعلقہ محکموں کو عملدرآمد کے احکامات جاری کیے۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو واضح ہدایت کی کہ شہریوں کے مسائل کے حل میں کسی قسم کی تاخیر یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور ہر درخواست پر شفاف، بروقت اور میرٹ پر کارروائی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق عوامی ریلیف ہماری اولین ترجیح ہے۔ اوپن ڈور پالیسی کا مقصد شہریوں کو براہ راست ضلعی انتظامیہ تک رسائی فراہم کرنا اور ان کی شکایات کا فوری ازالہ کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے افسران کو ہدایت کی کہ تمام محکمے شہریوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آئیں، مسائل کے حل کی رفتار تیز کریں اور پیش رفت کی باقاعدہ رپورٹ پیش کریں۔

ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی ہفتہ وار کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے منٹگمری ہال میں ضلع بھر کے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کی ہفتہ وار کارکردگی کے جائزہ اجلاس کی صدارت کی جس میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں، سرکاری نرخناموں پر عملدرآمد اور ناجائز منافع خوری کے خلاف جاری کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر سمیع اللہ فاروق نے سپیشل پرائس مجسٹریٹس کو ہدایت کی کہ عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے مارکیٹوں اور بازاروں کی مسلسل نگرانی کی جائے اور سرکاری نرخوں سے زائد قیمت وصول کرنے والوں کے خلاف بلاامتیاز کارروائی عمل میں لائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ مصنوعی مہنگائی اور ذخیرہ اندوزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ گذشتہ چار دنوں کے دوران ضلع بھر میں 6 ہزار 8 سو 16 انسپکشنز کی گئیں جس دوران ایک لاکھ 86 ہزار روپے جرمانہ 4 دکانیں سیل جبکہ 7 افراد کو گرفتار کیا گیا۔ کیپٹن (ر) سمیع اللہ فاروق نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی ہدایات کے مطابق عوام کو سستی اور معیاری اشیائے خوردونوش کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جارہے ہیں۔ اس موقع پر ضلع بھر میں گندم خریداری مہم کے حوالے سے اجلاس کو تفصیلی بریفنگ بھی دی گئی۔

ساہیوال تھانہ غلہ منڈی منڈی کے علاقے میں لیڈی ٹیلر ماسٹر کو شادی کا جھانسہ دے کر حرام کاری ملزم گرفتار 11 سالہ بچی پر مجرمانہ حملہ دوکاندار شہریوں نے پکڑ لیا

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال تھانہ غلہ منڈی منڈی کے علاقے میں لیڈی ٹیلر ماسٹر کو شادی کا جھانسہ دے کر حرام کاری ملزم گرفتار 11 سالہ بچی پر مجرمانہ حملہ دوکاندار شہریوں نے پکڑ لیا، مقدمات درج تفصیلات کے مطابق ساہیوال سٹی سرکل تھانہ غلہ منڈی کے علاقے فیصل کالونی عارف روڈ میں چک 135 نو ایل کی لیڈی ٹیلر ماسٹر کرن اسلم کو کینال کالونی اقبال ایونیو فیز 3 لاہور کے مختار ملک نے شادی کا جھانسہ دے کر بلایا اور نکاح کا چکمہ دیا بدنیتی اور بد دیانتی سے کمرہ میں لے جا کر زبردستی آبروریزی کی اور برہنہ تصویریں بنائی خاتون نے ملزم کی نیت کو بھانپ کر اسے پولیس کو 15 پر کال کر دی پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزم مختار ملک کو گرفتار کر لیا۔ محلہ نور پارک میں یاسمین کی 11 سالہ بیٹی زینب ارشد جب دوکان پر موچی عنایت علی سے جوتا ٹھیک کروانے گئی تو ملزم نے بچی کو ہراساں کیا اور دوکان میں لے جا کر نازیبا※ حرکات اور مجرمانہ حملہ کیا تو بچی کے شور پر شہریوں نے ملزم کو قابو کر لیا۔ پولیس غلہ منڈی نے کرن اسلم اور یاسمین ارشد کی مدعیت میں دو مقدمات ※376506 اور 377 بیت پ درج کر کے تفتیش شروع کر دی اور دونوں ملزموں کو گرفتار کر لیا۔

گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز حافظ آباد میں انٹرمیڈیٹ کے سینکڑوں طلبہ رولنمبر سلپس نہ دیئے جانے پر پرنسپل اور کالج انتظامیہ کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج فار بوائز حافظ آباد میں انٹرمیڈیٹ کے سینکڑوں طلبہ رولنمبر سلپس نہ دیئے جانے پر پرنسپل اور کالج انتظامیہ کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے۔ سیکنڈ ایئر کے طلبہ نے شدید احتجاج کرتے ہوئے کہا کہ انکے امتحان میں صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں لیکن کالج کے پرنسپل صوفی عنایت بھٹی کی جانب سے انہیں رولنمبر سلپس جاری نہ کی جارہی ہیں اور ان سے ہزاروں روپے کے ناجائز جرمانے اور اضافی وصولیاں کرنے کے لئے دباؤ ڈالا جارہا ہے۔ جس کی وجہ سے انہیں نہ صرف ذہنی ٹینشن میں مبتلا کر دیا گیا ہے بلکہ انکے مستقبل سے بھی کھیلا جارہا ہے۔ متاثرہ طلبہ نے مطالبہ کیا کہ جرمانے کے نام پر ایک ایک طالبعلم سے ہزاروں روپے جرمانے کی آڑ میں وصولیوں کی تحقیقات کروائی جائیں اور انہیں فوری طور پر رولنمبر سلپس جاری کروائی جائیں تاکہ وہ امتحانات دے سکیں۔ یہاں یہ امر قابل ذکر ہے کہ کچھ عرصہ قبل سابق پرنسپل شہباز بھٹی اور دو کلرکوں کی جانب سے بھی مذکورہ کالج میں طلبہ کی فیسوں اور فنڈز کے 70 لاکھ روپے سے زائد ہڑپ کرنے کا سکینڈل سامنے آیا تھا جس پر دونوں کلرکوں اور پرنسپل شہباز بھٹی کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی تھی۔ دوسری جانب اس ضمن میں جب پرنسپل کالج صوفی عنایت بھٹی سے رابطہ کیا گیا تو انہوں نے ان الزامات کی تردید کی اور کہا کہ ڈی پی آئی کالجز کی ہدایت پر ٹیسٹ اور پرچہ جات نہ دینے والے طلبہ کو جرمانے کئے گئے ہیں اور جرمانوں کی ادائیگی نہ کرنے کے باعث طلبہ کی سلپس روک رکھی ہیں۔

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف چلائی گئی مہم کے نتیجہ میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں 80٪ فیصد کمی

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد ڈسٹرکٹ میں گذشتہ چھ ماہ کے دوران جرائم پیشہ عناصر کے خلاف چلائی گئی مہم کے نتیجہ میں ڈکیتی اور راہزنی کی وارداتوں میں 80٪ فیصد کمی آنا ڈی پی او کامران حمید کی حکمت عملی اور انقلابی پالیسیوں کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ جس سے نہ صرف عوام میں پولیس کا امیج بلند ہوا ہے بلکہ جرائم پیشہ عناصر ضلع کو چھوڑنے پر مجبور ہو گئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار رانا خالد محمود کی زیر صدارت عوامی حقوق کی تنظیم عوامی محاذ حافظ آباد کے ایک اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں کہا گیا کہ پولیس نے چندماہ کے قلیل عرصہ میں 210 سے زائد منشیات فروشوں کو شکنجہ میں لا کر اور ان سے آئس، ہیروئن سمیت مختلف اقسام کی 7 من سے زائد منشیات برآمد کر کے ایک ریکارڈ قائم کیا ہے جس سے نہ صرف ضلع بھر سے دن بدن منشیات فروشوں کا قلع قمع ہو رہا ہے بلکہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف اور آئی جی پولیس پنجاب کے ویژن کو بھی پایہ تکمیل تک پہنچایا جارہا ہے۔ جس پر ڈی پی او کامران حمید اور ان کی ٹیم کی کاوشیں قابل تحسین اور لائق ستائش ہیں۔

ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے ساہیوال ٹیچنگ ہسپتال کا تفصیلی دورہ کیا جہاں انہوں نے او پی ڈی، ڈائیلاسز سنٹر اور مختلف وارڈز میں مریضوں کو فراہم کی جانے والی طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے مریضوں اور ان کے اہل خانہ سے بھی ملاقات کی اور دستیاب سہولیات کے بارے میں دریافت کیا۔ ایڈیشنل کمشنر کوآرڈینیشن نے ہسپتال میں صفائی ستھرائی کی مجموعی صورتحال کا معائنہ کرتے ہوئے انتظامیہ کو ہدایت کی کہ مریضوں کو بہترین طبی سہولیات کی فراہمی کے ساتھ ساتھ صفائی کے اعلیٰ معیار کو بھی یقینی بنایا جائے تاکہ شہریوں کو بہتر اور صاف ماحول میسر آ سکے۔ انہوں نے ڈائیلاسز سنٹر میں فراہم کی جانے والی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا اور عملے کو اپنی ذمہ داریاں مزید احسن انداز میں انجام دینے کی تلقین کی۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر جنرل غلام حسین بھٹی بھی ان کے ہمراہ موجود تھے۔

جہلم انتظامیہ کی عدم توجہی انسداد گداگری ایکٹ پر عملدرآمد نہ ہونے سے شہری صحت مند و توانا پیشہ ور بھکاریوں، نشی گداگروں کے ہاتھوں لٹنے لگے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم انتظامیہ کی عدم توجہی انسداد گداگری ایکٹ پر عملدرآمد نہ ہونے سے شہری صحت مند و توانا پیشہ ور بھکاریوں، نشی گداگروں کے ہاتھوں لٹنے لگے انسداد گداگری ایکٹ مہم چلائی جائے سماجی فلاحی حلقوں کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق شہر سمیت ضلع بھر میں نامعلوم مقامات سے آ کر سڑکوں، چوک چوراہوں گلی محلوں دیگر عوامی مقامات پر عورتوں کا روپ دھارے بہروپیئے اور پیشہ ور گداگر اور برقعہ پوش خواتین بھیک مانگنے کی آڑ میں گھروں میں داخل ہو کر وارداتیں کرنے سے بھی گریز نہیں کرتیں جبکہ شہری صحت مند و توانا پیشہ ور بھکاریوں، نشی ہٹے کٹے گداگروں کے ہاتھوں سرعام لٹ رہے ہیں نوجوانوں نے کچھ عرصہ قبل اپنی مدد آپ کے تحت انسداد گداگری مہم شروع کی تھی جس سے نہ صرف امداد کے مستحقین کی کفالت کا بندوبست ہوا تھا بلکہ پیشہ ور بھکاریوں سے شہریوں کو سکون ملا تھا انتظامیہ کی عدم دلچسپی کے باعث یہ سلسلہ چندماہ بعد بند ہو گیا جس سے دوسرے اضلاع اور صوبوں سے تعلق رکھنے والے بھکاریوں نے ضلع جہلم کا رخ کر لیا سماجی فلاحی حلقوں نے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر، ڈپٹی کمشنر سے مطالبہ کیا ہے کہ ضلع بھر میں انسداد گداگری ایکٹ پر عملدرآمد کرتے ہوئے سرکاری سطح پر ضلع بھر میں انسداد گداگری ایکٹ مہم چلائی جائے

پسرور سیالکوٹ روڈ پر لگائے گئے پودے عدم توجہ اور بروقت پانی نہ ملنے کے باعث سوکھنے لگے

جس پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثنا شرافت سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کر دی

کنگرہ (عاطف علوی سے) پسرور سیالکوٹ روڈ پر لگائے گئے پودے عدم توجہ اور بروقت پانی نہ ملنے کے باعث سوکھنے لگے، جس پر شہریوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر پسرور ثنا شرافت سے فوری نوٹس لینے کی اپیل کر دی۔ پسرور۔ تفصیلات کے مطابق شہریوں کا کہنا ہے کہ شہر کی خوبصورتی اور ماحول کو بہتر بنانے کے لیے لگائے گئے پودوں کی مناسب دیکھ بھال نہ ہونے کے باعث وہ مرجھا رہے ہیں۔ کئی مقامات پر پودے خشک ہو چکے ہیں جبکہ متعدد پودے پانی کی کمی کے باعث تباہی کے دہانے پر پہنچ گئے ہیں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ عملے کو فوری متحرک کیا جائے تاکہ روزانہ کی بنیاد پر پودوں کو پانی فراہم کیا جا سکے اور ان کی حفاظت یقینی بنائی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو سرکاری وسائل ضائع ہونے کے ساتھ ساتھ شہر کی خوبصورتی بھی متاثر ہوگی۔ شہریوں نے اسسٹنٹ کمشنر پسرور محترمہ ثنا شرافت سے اپیل کی ہے کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو پودوں کی بحالی اور مناسب دیکھ بھال کے احکامات جاری کریں تاکہ گرین بیلٹس اور شاہراہوں کی خوبصورتی برقرار رہ سکے۔

چوروں نے فیملی کی غیر موجودگی میں گھر کا صفایا کر دیا

مصطفیٰ آباد للیانی (نامہ نگار) چوروں نے فیملی کی غیر موجودگی میں گھر کا صفایا کر دیا، ٹول پلازہ کا رہائشی شمشاد بچوں کے ہمراہ عزیز کی فوتگی کے سلسلہ میں لاہور گیا، پیچھے سے چور گھر کے تالے توڑ کر کمرے میں داخل ہو گئے اور الماری میں پڑے دو لاکھ 87 ہزار روپے، 2 تولے طلائی زیورات، 13 قیمتی سوٹ، ڈنر سیٹ، ایل سی ڈی، واٹر پمپ اور دیگر قیمتی اشیاء چرا کر فرار ہو گئے، پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی۔

ضلعی انتظامیہ ترقیاتی کاموں کی آڑ میں مائی شاہ قبرستان کے اردگرد موجود سرسبز اور گھنے درختوں کو کٹوانے میں مصروف

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال: ضلعی انتظامیہ ترقیاتی کاموں کی آڑ میں مائی شاہ قبرستان کے اردگرد موجود سرسبز اور گھنے درختوں کو کٹوانے میں مصروف ہے متوادل سکیم بنانے میں ناکام وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق ساہیوال: ضلعی انتظامیہ ترقیاتی کاموں کی آڑ میں مائی شاہ قبرستان کے اردگرد موجود سرسبز اور گھنے درختوں کو کٹوانے میں مصروف ہے متوادل سکیم بنانے میں ناکام شہریوں، سماجی حلقوں اور ماحول دوست تنظیموں نے انتظامیہ کے اس اقدام پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک طرف ماحولیاتی آلودگی اور گرمی کی شدت میں اضافہ ہو رہا ہے جبکہ دوسری جانب سرکاری ادارے خود ماحول دشمن اقدامات کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ برسوں پرانے درخت شہر کا حسن اور عوام کے لیے صاف ہوا کا ذریعہ تھے جنہیں بے دردی سے ختم کیا جا رہا ہے۔ ساہیوال کے شہریوں نے وزیراعلیٰ پنجاب اور کمشنر ساہیوال سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ فوری نوٹس لینے، درختوں کی کٹائی روکنے اور متبادل سکیم بنا کر اس پر کام کیا جائے اور شجرکاری مہم شروع کرنے کا مطالبہ کیا ہے۔

رانا سلامت علی کی جانب سے بڑا اعلانٹورنامنٹ کا دوسرا انعام دینے کا اعلان

پنڈی خورد ویلفیئر سوسائٹی فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ پنڈی خورد میں رانا تنویر حسین رانا ارشادات حسین اور رانا سلامت※ علی (اسسٹنٹ سب انسپکٹر سی ڈی) نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

کنگرہ موڑ (عاطف رفیق علوی سے) رانا سلامت علی کی جانب سے بڑا اعلانٹورنامنٹ کا دوسرا انعام دینے کا اعلان پنڈی خورد ویلفیئر سوسائٹی فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ پنڈی خورد میں رانا تنویر حسین رانا ارشادات حسین اور رانا سلامت※ علی (اسٹنٹ سب انسپکٹر سی ڈی) نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ ٹورنامنٹ آرگنائزر و سپانسر حاجی※ فضل※ الرحمن، رانا رضا 5/12 اور ورنامنٹ※ انتظامیہ کی جانب سے معزز مہمان کا شاندار استقبال کیا گیا۔ انہیں پھولوں کے ہار پہنائے گئے، پھولوں کی پتیاں نچھاور کی گئیں جبکہ گراؤنڈ میں موجود شائقین نے بھرپور انداز میں خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر رانا※ سلامت※ علی (اے ایس※ آئی) نے ٹورنامنٹ کے دوسرے انعام کے طور پر اپنی※ جانب※ سے 1 لاکھ※ روپے دینے کا بڑا اعلان کیا، جس پر گراؤنڈ میں موجود نوجوانوں اور تماشائیوں نے زبردست خوشی اور جوش کا اظہار کیا۔ اپنے خصوصی پیغام میں رانا سلامت علی کا کہنا تھا کہ کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب لے جاتے ہیں اور ایسے ٹورنامنٹس معاشرے میں اتحاد، بھائی چارے اور منشیات جیسی لعنت کے خلاف شعور اجاگر کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے نوجوانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے کہا کہ وہ ہمیشہ کھیلوں اور اچھے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں، ہم ہر مثبت قدم پر ان کے ساتھ کھڑے ہیں۔ اس موقع پر گراؤنڈ میں موجود کمنٹیٹرز، میڈیا براڈ کاسٹرز اور دیگر نمائندگان میں بھی نقد کیش انعامات تقسیم کیے گئے۔ ٹورنامنٹ میں موجود شائقین نے بہترین ماحول اور شاندار انتظامات کو خوب سراہا۔

اتائی ڈاکٹر کے غلط انجیکشن لگانے سے چار سالہ بچہ دم توڑ گیا، والدین غم سے نڈھال

عارفوالا (سٹی رپورٹر) تفصیلات کے مطابق مظفر آباد عارفوالا کے رہائشی اتائی ڈاکٹر محمد اصغر کے غلط انجیکشن لگانے کے سبب 161 ای بی کے رہائشی غلام نبی کا چار سالہ بچہ دم توڑ گیا ورثاء کا کہنا ہے کہ بچہ پھوڑے پھنسی کے مرض میں مبتلا تھا جسے علاج معالجہ کی غرض سے اتائی ڈاکٹر محمد اصغر کے کلینک پر لے کر گئے محمد اصغر نے بچے کو انجیکشن لگا دیا انجیکشن لگنے کے فوراً بعد بچے کی حالت غیر ہو گئی اور منہ سے جھاگ نکلنے لگ گئی اور کچھ ہی دیر کے بعد بچہ اس دارفانی سے دار بقا کی طرف کوچ کر گیا ورثاء نے ارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ اتائی ڈاکٹر نے غلط انجیکشن لگا کر ہمارے بچے کی جان لی ہے اس اتائی ڈاکٹر کو فی الفور گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے

جہلم کے تھانہ جلالپور شریف میں انسانیت سوز سلوک اور سفاکیت کی لرزہ خیز مثال سامنے آ گئی

جہاں مبینہ طور پر ظالم میاں بیوی نے ستر سالہ بزرگ کو پہلے زہر آلود مشروب پلایا، پھر تشدد کا نشانہ بنایا اور مردہ سمجھ کر سڑک کنارے پھینک دیا

متاثرہ بزرگ بعد ازاں زندگی کی بازی ہار گیا، جبکہ اہل علاقہ نے واقعے پر شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم کے تھانہ جلالپور شریف میں انسانیت سوز سلوک اور سفاکیت کی لرزہ خیز مثال سامنے آ گئی، جہاں مبینہ طور پر ظالم میاں بیوی نے ستر سالہ بزرگ کو پہلے زہر آلود مشروب پلایا، پھر تشدد کا نشانہ بنایا اور مردہ سمجھ کر سڑک کنارے پھینک دیا۔ متاثرہ بزرگ بعد ازاں زندگی کی بازی ہار گیا، جبکہ اہل علاقہ نے واقعے پر شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے ذمہ داران کو قرار واقعی سزا دینے کا مطالبہ کیا ہے تفصیلات کے مطابق تھانہ جلالپور شریف کے علاقہ محلہ نثار آباد پنڈوال کے رہائشی ستر سالہ محمد اسلم ولد محمد امین کو مبینہ طور پر خورشید بی بی زوجہ محمد ارشد سکنہ جلالپور شریف نے اپنے شوہر کے ساتھ مل کر زہر ملا مشروب پلایا۔ ذرائع کے مطابق بزرگ شہری کی حالت غیر ہونے پر ملزمان نے انہیں کمرے میں بند کر دیا اور مبینہ تشدد کا نشانہ بھی بنایا۔ واقعے کی سنگینی اس وقت مزید بڑھ گئی جب ملزمان نے محمد اسلم کو بے ہوش ہونے کے بعد مردہ سمجھتے ہوئے لوڈر رکشہ میں ڈال کر پنڈدادنخان جہلم روڈ جلالپور شریف پل نالہ کھنڈر کے قریب پھینک دیا۔ سڑک کنارے ضعیف العمر شخص کو پڑا دیکھ کر شہریوں کی بڑی تعداد جمع ہو گئی۔ ہوش آنے پر محمد اسلم نے شہریوں کو اپنی دردناک داستان سنائی، جس پر مقامی نوجوان فوری طور پر انہیں مریم نواز ہیلتھ کلینک لے گئے جہاں پولیس نے ابتدائی بیان قلمبند کیا میڈیکل آفیسر اور عملے کو بھی تمام صورتحال سے آگاہ کیا، تاہم وہ بزرگ جانبر نہ ہو سکے اور رات تقریباً 9 بجے دوران علاج دم توڑ گئے۔ واقعے کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کر لیا لیکن نامعلوم کی بنا پر گرفتاری عمل میں نہ لائی گئی اسطرح تقریباً 14/12 گھنٹے گزرنے کے بعد پولیس نے مقدمے میں نامزد ملزم ارشد اور اسکی بیوی ملزمہ کو انکے گھر سے گرفتار کر لیا۔ اہل علاقہ اور سماجی حلقوں نے اس افسوسناک واقعے کو انسانیت کے ماتھے پر بدنما داغ قرار دیتے ہوئے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر شفیق احمد چوہدری سے مطالبہ کیا ہے کہ سفاک ملزمان کو قانون کے مطابق سخت ترین سزائیں دلوائی جائیں تاکہ مظلوم خاندان کو انصاف مل سکے اور آئندہ کوئی بھی انسان ایسی درندگی کی جرات نہ کر سکے۔

ساہیوال تھانہ سٹی کے علاقے اوور ہیڈ برج نہر لوئر باری دواب میں 19 سالہ نوجوان نے کود کر خودکشی کر لی

ساہیوال (بیورو رپورٹ) ساہیوال تھانہ سٹی کے علاقے اوور ہیڈ برج نہر لوئر باری دواب میں 19 سالہ نوجوان نے کود کر خودکشی کر لی ہڑپہ کے قریب لاش برآمد، ڈی پی او نے انکوائری کا حکم دے دیا تفصیلات کے مطابق ساہیوال سٹی سرکل تھانہ سٹی کے علاقے میں 15 مئی کو مہر آباد میاں چنوں کے نوجوان محمد سفیان ولد مشتاق احمد جو ساہیوال میں محنت مزدوری کرتا ہے موٹر سائیکل پر کام گیا تو پولیس نے چالان کر دیا جس پر غربت کے ہاتھوں مجبور نوجوان چالان کی رقم ادا نہ کر سکتا تھا موٹر سائیکل چھوڑ کر بھاگ گیا اور نہر میں کود کر خودکشی کر لی۔ ریسکیو 1122 نے 24 گھنٹے کی جدوجہد کے بعد ہڑپہ کے قریب نہر سے لاش برآمد کر لی۔ جب یہ معاملہ پولیس حکام کے نوٹس میں آیا تو اس معاملہ کی تحقیقات کا حکم دے دیا گیا ہے۔

نواحی گاؤں ڈیرہ میواں میں گندم کی کٹائی کے بعد مسلسل 25 سال سے جاری تین روزہ فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نواحی گاؤں ڈیرہ میواں میں گندم کی کٹائی کے بعد مسلسل 25 سال سے جاری تین روزہ فلڈ لائٹ کرکٹ ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈیرہ میواں اور بوڑھے اوٹھ کے کرکٹ شائقین کی بڑی تعداد نے شرکت کی فائنل میچ کے موقع پر سینئر لیگی رہنما و وفاقی وزیر رانا تنویر حسین اور ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری حسان ریاض کے دیرینہ ساتھی چوہدری رحمت اللہ مہمان خصوصی تھے اس موقع پر ایس ایچ او تھانہ نارنگ ملک نوید اقبال، سردار محمد وقاص، حافظ طلحہ طاہر قاسمی، جنرل سیکرٹری سٹی پریس کلب نارنگ محمد صاحب میتو، رانا صدام حسین آف یونان، رانا اظہر حسین آف اٹلی، بابا جمیل عثمان سمیت معززین اور سینکڑوں شائقین کرکٹ بھی موجود تھے فائنل جیتنے والی ٹیم کو نقد انعام اور ٹرافی دی گئی جبکہ چوہدری رحمت اللہ کی جانب سے میچ میں شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں خصوصی نقد انعامات بھی تقسیم کیے ہر چھکے اور وکٹ پر انعامات دیے گئے مہمانوں نے نوجوانوں میں کھیلوں کے فروغ کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے کہا کہ کھیل نہ صرف نوجوانوں کو صحت مند سرگرمیوں کی جانب راغب کرتے ہیں بلکہ ان میں نظم و ضبط، برداشت اور بھائی چارے کو بھی فروغ دیتے ہیں چوہدری رحمت اللہ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ دیہی علاقوں میں اس طرح کے سپورٹس ایونٹس کا انعقاد نوجوان نسل کیلئے نہایت ضروری ہے کرکٹ پاکستان کا مقبول ترین کھیل ہے اور نوجوانوں میں بے پناہ ٹیلنٹ موجود ہے جسے مواقع فراہم کر کے قومی سطح تک پہنچایا جا سکتا ہے ایسے ٹورنامنٹس نوجوانوں کو منفی سرگرمیوں سے دور رکھ کر مثبت سوچ اور صحت مند معاشرے کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

مبینہ طور پر 3 کروڑ 80 لاکھ روپے مالیت کے ترقیاتی سامان اور مٹی چوری نارنگ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا

نارنگ منڈی (نامہ نگار) نارنگ منڈی کے نواحی علاقے قلعہ ہرنام سنگھ میں مبینہ طور پر 3 کروڑ 80 لاکھ روپے مالیت کے ترقیاتی سامان اور مٹی چوری نارنگ پولیس نے مقدمہ درج کر کے تفتیش کا آغاز کر دیا پولیس ذرائع کے مطابق فیصل آباد کے علاقے سمندری کے رہائشی سجاد علی نے قلعہ ہرنام سنگھ میں ذوالفقار گلزار، خالد اور دیگر افراد سے 18 ایکڑ اراضی خریدی تھی جہاں پلاٹنگ کے لیے ترقیاتی کام شروع کروائے گئے متاثرہ شخص کے مطابق منصوبے پر تقریباً 3 کروڑ 80 لاکھ روپے لاگت سے ٹف ٹائلز کی تنصیب، مٹی بھرائی اور دیگر تعمیراتی و ترقیاتی کام جاری تھے الزام ہے کہ جب رجسٹری کروانے کا وقت آیا تو ملزمان نے مختلف حیلے بہانے شروع کر دیے اور بعد ازاں تمام ترقیاتی کام کو نقصان پہنچاتے ہوئے قیمتی سامان چوری کر لیا گیا اور قبضہ کرنے کی کوشش کی متاثرہ شخص کی درخواست پر نارنگ پولیس نے ابتدائی تفتیش پر 6 نامزد افراد سمیت دیگر نامعلوم ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر کے قانونی کارروائی اور تحقیقات شروع کر دی ہیں۔

ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن ※※ کرائم فری پنجاب ※※ کے تحت ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کی ہدایت پر چنیوٹ پولیس نے گزشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 17 ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ مجرمان اشتہاریوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 3 اشتہاریوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے 10 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا ملزمان کے قبضہ سے 12 سو گرام چرس، 174 لیٹر شراب، لہن برآمد ہوئی۔ ناجائز اسلحہ، گیس ریفلنگ، تیز رفتاری، غفلت تیز رفتاری سے گاڑی چلانے پر 4 ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ پولیس پوسٹ ایپ کے ذریعے چیکنگ کے دوران 427 مشکوک افراد، 599 مشکوک گاڑیوں کی چیکنگ کی گئی۔ ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی پر 3 سو گاڑیوں کے چالان کیے گئے، 7 لاکھ روپے سے زائد جرمانے کیے گئے۔ اس حوالے سے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر ڈاکٹر نوید عاطف کا کہنا تھا کہ شہریوں کی جان و مال کی حفاظت یقینی بنانے کیلئے عملی اقدامات جاری ہیں۔ ہیومن ریسورس، جدید ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے مختلف جرائم میں ملوث ملزمان کو گرفتار کیا جا رہا ہے۔ تمام وسائل بروئے کار لاتے ہوئے امن و امان کا قیام، شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنایا جائے گا۔ آپ کے علاقہ میں جرائم پیشہ عناصر کی موجودگی کی صورت میں قریبی پولیس سٹیشن یا 15 پر اطلاع دیں۔

"قوت" کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا، اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہوئے ہوں [illegible] اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایات قابل قبول نہ ہو گی۔

042-3636003

بقیہ | بقیہ جات | 1

[illegible]

بقیہ | بقیہ جات | 2

[illegible]

بقیہ | بقیہ جات | 3

[illegible] پاکستان اور سعودی عرب کے برادرانہ تعلقات تھے۔ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار نے تمام شعبوں میں تعاون کو مزید مستحکم کرنے کے لیے پاکستان کے پختہ عزم کا اعادہ کیا۔ حالیہ علاقائی پیش رفت اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پاکستان میں سعودی عرب کے سفیر نے علاقائی امن واستحکام کے فروغ کے لیے پاکستان کے کردار کو سراہا۔

بقیہ | بقیہ جات | 4

ہیں۔ فورم میں آمد پر آذربائیجان کے صدر الہام علیوف نے وزیراعلیٰ پنجاب کا شاندار استقبال کیا۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ مریم نواز شریف آذربائیجان کے صدر کی خصوصی ریاستی مہمان ہیں۔ بعدازاں آذربائیجان کے صدر الہام علیوف اور وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ملاقات ہوئی اور گروپ فوٹو بھی لیا گیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف باکو اولمپک اسٹیڈیم میں ورلڈ لیڈرز سمٹ سے کلیدی خطاب کریں گی، جس میں وہ عالمی سطح پر شہری ترقی اور ہاؤسنگ پالیسیوں پر پاکستان کا موقف پیش کریں گی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ پنجاب اپنے فلیگ شپ ہاؤسنگ پروگرام "اپنی چھت، اپنا گھر" کو بھی عالمی فورم پر پیش کریں گی۔ پنجاب کا سستا ہاؤسنگ ماڈل پاکستان پویلین میں بین الاقوامی مندوبین کے سامنے بطور کیس اسٹڈی پیش کیا جائے

بقیہ | بقیہ جات | 5

متعلق امور زیرِ غور آئے۔ دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اپنے بیان میں متحدہ عرب امارات کے براکہ نیوکلیئر پلانٹ پر ڈرون حملے کی شدید مذمت کی ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاکستان متحدہ عرب امارات کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، انہوں نے تمام فریقین پر زور دیا کہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور بین الاقوامی قانون کے تحت اپنی ذمہ داریاں پوری کریں۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ خطے میں امن واستحکام کے لیے سفارتکاری اور مذاکرات ناگزیر ہیں جبکہ کشیدگی میں کمی کے لیے سیاسی اور سفارتی راستہ ہی واحد حل ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 6

ہے، خطے میں کشیدگی کے باعث اسرائیلی فوج اپنی آپریشنل تیاری بڑھا رہی ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم بنیامین نیتن یاہو کا کہنا ہے کہ 7 اکتوبر 2023 کو ہونے والے حملے کے ذمہ داروں کے خاتمے کا مشن مکمل ہونے کے قریب ہے۔ نیتن یاہو نے یہ دعویٰ بھی کیا ہے کہ غزہ کے 60 فیصد علاقے پر اسرائیلی فوج کا کنٹرول ہے۔ فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس کے کئی رہنما اور کمانڈرز مارے جا چکے ہیں۔ دوسری جانب غزہ کی وزارت صحت کے اعداد و شمار کے مطابق جنگ میں اب تک 72 ہزار سے زائد افراد جاں بحق اور ایک لاکھ 20 ہزار سے زائد زخمی ہو چکے ہیں جبکہ غزہ کا 90 فیصد سے زائد علاقہ ناقابل رہائش ہے اور اسرائیلی پابندیوں کے باعث غذائی اجناس اور ادویات کی شدید قلت ہے۔ اسرائیلی میڈیا نے رپورٹ کیا ہے کہ فوج ایران کے ساتھ دوبارہ ممکنہ جھڑپوں کی تیاری کر رہی ہے، اگر امریکا ایران پر نئی کارروائی کرتا ہے تو اسرائیل بھی ان حملوں میں شامل ہوگا اور ایرانی توانائی کے بنیادی ڈھانچے کو نشانہ بنائے گا۔ یہ رپورٹ ڈونلڈ ٹرمپ اور بنیامین نیتن یاہو کے درمیان ہونے والی آدھے گھنٹے سے زائد طویل ٹیلیفونک گفتگو کے بعد سامنے آئی۔ ٹی وی چینل 12 نے بھی اس گفتگو کو ایران میں دوبارہ لڑائی کی تیاریوں کے سائے قرار دیا اور رپورٹ کیا کہ اسرائیلی فوج کو ہائی الرٹ پر رکھا گیا ہے، اسرائیل کو توقع ہے کہ کسی بھی ممکنہ امریکی حملے سے پہلے اسے آگاہ کر دیا جائے گا، اگرچہ اسے کسی فیصلے کے درست وقت کا علم نہیں۔ چینل 12 نے یہ بھی کہا کہ ٹرمپ پر خصوصاً چین کی جانب سے کافی دباؤ موجود ہے کہ وہ ایران کے ساتھ نئی محاذ آرائی میں شامل ہونے

بقیہ | بقیہ جات | 7

[illegible]

بقیہ | بقیہ جات | 8

[illegible]

بقیہ | بقیہ جات | 9

[illegible]

بقیہ | بقیہ جات | 10

[illegible]

بقیہ | بقیہ جات | 11

ایران سے ڈرانے کے ایجنڈے پر گامزن ہے۔ ایک بیان میں محسن رضائی نے کہا کہ ہم خطے کے تمام ممالک کے ساتھ دوستانہ اور برادرانہ تعلقات کے خواہاں ہیں، آبنائے ہرمز تجارت کیلئے کھلا ہے لیکن لشکر کشی اور بدامنی پھیلانے والوں کیلئے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب امریکہ نے سوویت یونین کیخلاف خطے میں بحری بیڑے بھیجے تھے، امریکہ اب کس کیخلاف بحری بیڑے بھیج رہا ہے اور اس کا دشمن کون ہے؟ محسن رضائی کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کے مطابق چینی صدر نے کہا ہے کہ ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ ایران ایٹم بم نہ بنائے، میں پوچھتا ہوں کہ ایران نے کب کہا ہے کہ ہم ایٹم بم بنانا چاہتے ہیں؟ امریکہ واسرائیل کے علاوہ اور کون ہے جو کہتا ہے کہ ایران ایٹم بم بنانا چاہتا ہے؟۔

بقیہ | بقیہ جات | 12

جیکٹ فریڈم کو روکنے کی وجہ پاکستان کی درخواست تھی۔ اپنے بیان میں مارکو روبیو نے کہا کہ پاکستانیوں نے کہا اگر آپ لوگ پروجیکٹ فریڈم روک دیں، تو ہمارے خیال میں ہم کسی معاہدے تک پہنچ سکتے ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ ہم نے سفارت کاری کو موقع دینے کے لیے پروجیکٹ فریڈم روکنے پر اتفاق کر لیا۔ صدر ٹرمپ سفارت کاری کو ترجیح دیتے

بقیہ | بقیہ جات | 13

دعبدالجبار سرکی ولد غلام رسول کو گرفتار کرلیا گیا گرفتار دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ ڈیٹونیٹر بال بیرنگ اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق گرفتار دہشتگرد 2020 میں کالعدم تنظیم کے کمانڈر سجاد شاہ کے گروہ میں شامل ہوا کمانڈر سجاد شاہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کراچی اور اندرون سندھ میں تخریب کاری کی مختلف کارروائیوں میں ملوث ہے گرفتار دہشتگرد نے اپنے ساتھی کے ہمراہ جون 2020 میں نیشنل ہائی وے منزل پمپ کے قریب واقع رینجرز چوکی پر گرینیڈ حملہ کیا جس کے نتیجے میں 2 راہگیر زخمی ہوئے تھے جبکہ رینجرز چوکی کو جزوی نقصان پہنچا گرفتار دہشتگرد 14 اگست کے موقع پر دہشتگردی کی کارروائی کے لیے گلشن حدید میں آزادی اسٹال کی ریکی کر چکا ہے گرفتار دہشتگرد کا نام سی ٹی ڈی ریڈ بک میں انتہائی مطلوب دہشتگرد کے طور پر شامل ہے گرفتار دہشتگرد کالعدم تنظیم کے کمانڈر سجاد شاہ سے بیرون ملک رابطے میں تھا اور اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کراچی میں واقع حساس مقامات پر دہشتگردی کی کارروائیوں کے لیے منصوبہ بندی کر رہا تھا گرفتار دہشتگرد کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے کارروائیاں کی جا رہی ہیں گرفتار دہشتگرد کو بمعہ اسلحہ دھماکہ خیز مواد اور برآمد شدہ سامان مزید قانونی کارروائی کے لئے سی ٹی ڈی پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے عوام سے اپیل ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ایسے عناصر کے بارے میں اطلاع فوری طور پر قریبی رینجرز چیک پوسٹ رینجرز ہیلپ لائن 1101 یا رینجرز مددگار واٹس ایپ نمبر 03479001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں آپ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 14

خصوصی انتظامات کئے ہیں۔ ایک جانب بیوپاری اپنے خوبصورت اور صحت مند جانور لے کر منڈیوں میں پہنچ چکے ہیں تو دوسری طرف مہنگائی سے پریشان شہری مناسب قیمت پر جانور خریدنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ رواں برس جانوروں کی قیمتوں میں نمایاں اضافے نے عام آدمی کیلئے قربانی کی تیاریوں کو مشکل بنا دیا ہے، 50 ہزار روپے میں ملنے والا نارمل بکرا اب ایک لاکھ روپے سے زائد میں فروخت ہو رہا ہے جبکہ بڑے جانوروں کی قیمتیں بھی عام خریدار کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بیوپاری من مانے نرخ طلب کر رہے ہیں جس کے باعث قربانی کیلئے جانور خریدنے میں دشواری پیدا ہو رہی ہے، عوام نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ مویشی منڈیوں میں قیمتوں کی نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مصنوعی مہنگائی پر قابو پایا جا سکے اور عام آدمی بھی سنتِ ابراہیمی ادا کر سکے۔ دوسری طرف بیوپاری پُرامید ہیں کہ عید قریب آنے کے ساتھ خریداری میں مزید تیزی آئے گی اور ان کا کاروبار بہتر ہوگا، بیوپاریوں کا کہنا ہے کہ چارے، ٹرانسپورٹ اور جانوروں کی دیکھ بھال کے اخراجات میں اضافے کی وجہ سے قیمتیں بڑھانا مجبوری بن چکی ہے۔ ماہرین کے مطابق اگرچہ معاشی حالات اس سال عوام کیلئے مشکلات پیدا کر رہے ہیں، تاہم عیدالاضحیٰ کی مذہبی اور سماجی اہمیت کے باعث قربانی کا جذبہ بدستور قائم ہے اور ملک بھر کی مویشی منڈیاں اسی روایت کی عکاس ہیں۔ دریں اثناء ملک بھر میں قائم مویشی منڈیوں میں محکمہ لائیوسٹاک، ستھرا پنجاب اور ریسکیو 1122 کے کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں تاکہ صفائی، طبی امداد اور ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹا جا سکے، جانوروں کو کانگو وائرس اور لمپی سکن بیماری سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی سپرے بھی کیا جا رہا ہے۔ ضلعی حکام کو صفائی، سیکیورٹی، پارکنگ، پانی اور ٹریفک مینجمنٹ کے خصوصی انتظامات کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں جبکہ غیر قانونی مویشی منڈیوں کے خلاف بھی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر خصوصی صفائی اور سکیورٹی پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت آلائشیں فوری اٹھانے، عارضی کلیکشن پوائنٹس قائم کرنے اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے کنٹرول رومز قائم کئے جا رہے ہیں۔ حکومت پنجاب نے مویشی منڈیوں اور بازاروں میں سکیورٹی سخت کرنے، سی سی ٹی وی اور ڈرون نگرانی بڑھانے جبکہ خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے خصوصی پولیس سکواڈ تعینات کرنے کی ہدایات بھی جاری کی ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 15

ان 2 طیارے آپس میں ٹکرا گئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق دونوں طیاروں کے چار پائلٹس نے ایمرجنسی ایجیکٹ کر لیا۔ حادثہ ماؤنٹین ہوم ایئرفورس بیس سے دو میل دور پیش آیا، امدادی ٹیمیں موقع پر موجود ہیں، واقعے کی تحقیقات جاری

بقیہ | بقیہ جات | 16

پلانٹ پر ڈرون حملے کی شدید مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں براکہ نیوکلیئر انرجی پلانٹ میں آگ لگ گئی۔ سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وزارت خارجہ برادر ملک متحدہ عرب امارات پر ڈرونز کے ذریعے کئے گئے حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ سعودی عرب امارات کی سلامتی اور استحکام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، ایسے حملے خطے کے امن وسلامتی کے لیے خطرہ

بقیہ | بقیہ جات | 17

دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے گندم کی خریداری کے عمل اور کاشتکاروں کے لیے دستیاب انتظامات کا باریک بینی سے جائزہ لیا اور عملے کو حکومتی ضوابط پر سختی سے عملدرآمد کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے خوشحال کسان وژن کے مطابق ضلعی انتظامیہ لاہور گندم خریداری اہداف کی تکمیل کے لیے مکمل طور پر متحرک ہے۔ ڈی سی لاہور نے ہدایت کی کہ تمام رجسٹرڈ کاشتکاروں سے گندم کی بروقت اور آسان خریداری ہر صورت یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ گندم کی کوالٹی اور سرکاری نرخوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور اس پورے عمل میں کرپشن، ذخیرہ اندوزی اور مڈل مین کے کردار کو مکمل طور پر ختم کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے عملے کو پابند کیا کہ کاشتکاروں کو ادائیگی میں کسی قسم کی تاخیر نہ ہو اور تمام واجبات کی ادائیگی اسی روز بینکوں کے ذریعے یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اقدامات کسانوں کے معاشی استحکام اور فوڈ سیکیورٹی کے نظام کو مزید مضبوط بنائیں گے۔ کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے کسانوں کو پیغام دیا کہ وہ بلا جھجھک خریداری مراکز سے رجوع کریں کیونکہ نظام شفاف ہے اور انتظامیہ مکمل طور پر کسانوں کی معاونت کے لیے موجود ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 18

، جبکہ دیگر خان یونس اور بیت لاہیا میں مارے گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق وسطی غزہ کے شہر دیر البلح میں ایک کمیونٹی کچن کو نشانہ بنایا گیا، جہاں جاں بحق ہونے والے تینوں افراد فلاحی ادارے کے کارکن تھے۔ دوسری جانب حماس نے اس حملے کو دانستہ جنگی جرم اور غزہ میں فلسطینی عوام کے خلاف جاری نسل کشی کا تسلسل قرار دیا ہے۔ حماس کے بیان میں کہا گیا کہ یہ سب کچھ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب عالمی برادری خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، جس کی وجہ سے اسرائیل کو اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کی مزید حوصلہ افزائی مل رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ اقدامات بین الاقوامی قوانین، اقدار اور انسانی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی

بقیہ | بقیہ جات | 19

طے نہ پانے کی وجہ سے رواں سال پاکستانی عازمین حج مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ٹرین پر سفر نہیں کر پائیں گے اور ان کی نقل و حمل بسوں کے ذریعے کی جائیگی، حکومت پاکستان کی کاوشوں اور انتھک محنت کے باعث گزشتہ چار سال سے حج اخراجات میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا اور اس وقت پاکستان پورے خطے میں سب سے سستا حج پیکیج فراہم کر رہا ہے جبکہ ہمسایہ ملک بھارت میں حج پیکیج پاکستان سے 6 لاکھ روپے مہنگا ہے اور وہاں اس معیار کی سہولیات بھی میسر نہیں ہیں۔ وہ مکہ مکرمہ میں حج انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ رواں سال حج کے لیے رجسٹریشن کا تجربہ انتہائی کامیاب رہا ہے اور آئندہ حج کی پالیسی اور انتظامات کا سلسلہ سعودی حکومت کی جانب سے باقاعدہ اعلان کے ساتھ ہی فوری طور پر شروع کر دیا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال رجسٹریشن کے اشتہار پر ساڑھے چار لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ سردار محمد یوسف نے مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور مشاعر مقدسہ میں رہائش اور دیگر انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مکہ مکرمہ میں پاکستان حج مشن اور ہاؤسنگ شعبے نے بہترین خدمات فراہم کی ہیں۔ عازمین حج کی سہولت کے لیے سرکاری اسکیم میں پہلی بار الگ کمرے کی سہولت متعارف کرائی گئی ہے، جس کے تحت تقریباً 8 ہزار عازمین نے اضافی ادائیگی (دو لاکھ روپے فی بیڈ) کر کے یہ سہولت حاصل کی ہے اور وہ اس انتظام سے مکمل مطمئن ہیں۔ پیکیج کی تفصیلات بتاتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سرکاری سکیم کے تحت ساڑھے 11 لاکھ اور 12 لاکھ روپے کے دو پیکیجز (شارٹ اور لانگ) دیئے گئے ہیں جن میں دوسرے ممالک کے مقابلے میں کہیں بہتر سہولیات فراہم کی گئی ہیں، جو لوگ زیادہ اخراجات برداشت کر سکتے ہیں، ان کے لیے پرائیویٹ سیکٹر بھی موجود ہے جہاں 20 سے 30 لاکھ روپے تک کے پیکیجز دستیاب ہیں، تاہم سرکاری پیکیج کے معیار کو برقرار رکھا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ انڈین عازمینِ حج کو وہاں کی کرنسی کے لحاظ سے پاکستانی 18 لاکھ روپے تک ادا کرنے پڑ رہے ہیں اور سہولیات نہ ہونے کے باعث وہ کافی پریشان ہیں، جس کا اظہار انہوں نے پاکستانی خدام الحجاج سے بھی کیا ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ہمارے لیے سرکاری اور پرائیویٹ دونوں سکیموں کے عازمین وی آئی پی ہیں اور ہم سب کو یکساں نظر سے دیکھتے ہیں، حج انتظامات میں اکا دکا شکایات سامنے آتی ہیں جنہیں مکہ مکرمہ میں موجود ہمارا ویلفیئر سٹاف، معاونین اور خدام حجاج فوری طور پر موقع پر ہی حل کر رہے ہیں۔ انہوں نے عزم کا اظہار کیا کہ حاجیوں کی خدمت کو ہم ایک سرکاری ڈیوٹی نہیں بلکہ عبادت سمجھتے ہیں کیونکہ یہ اللہ کے مہمان ہیں، اور ہمارا حج مشن اسی جذبے کے تحت خدمات سرانجام دے رہا ہے تاکہ اللہ کے تمام مہمان یہاں سے مطمئن ہو کر لوٹیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 20

زخمی ہو گئے۔ لبنان کی سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق اسرائیلی جنگی طیاروں نے جنوبی لبنان کے مختلف علاقوں پر متعدد فضائی حملے کئے۔ رپورٹ کے مطابق کفرصیر نامی قصبے پر ہونے والے فضائی حملے میں کئی افراد زخمی ہوئے جبکہ قصیبہ کے علاقے کو دو مرتبہ نشانہ بنایا گیا، اسرائیلی طیاروں نے نبطیہ، تبنین اور ضلع بنت جبیل کے قصبے فرون پر بھی حملے کئے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اسرائیلی فوج کی جانب سے ان حملوں کے حوالے سے کوئی باضابطہ بیان جاری نہیں کیا گیا جبکہ زخمیوں کی تعداد کے بارے میں بھی مزید تفصیلات سامنے نہیں

بقیہ | بقیہ جات | 21

پر سوشل میڈیا صارفین اس اقدام کو انسان دوستی اور ہمدردی کی اعلیٰ مثال قرار دے رہے ہیں۔ اطلاعات کے مطابق متاثرہ خاندان تقریباً 130 برس سے قرض کے بوجھ تلے دبا ہوا تھا، خاندان کے بزرگ نے کئی دہائیاں قبل ایک بھاری قرض لیا تھا جس کے بعد خاندان کی آنے والی نسلیں بھی قرض کی ادائیگی کیلئے بھٹہ پر بغیر اجرت کام کرنے پر مجبور رہیں۔ ذرائع کے مطابق خاندان کے افراد سخت اور غیر انسانی حالات میں اینٹیں بنانے کا کام کرتے رہے تاہم قرض کی رقم اور سود ختم ہونے کے بجائے مسلسل بڑھتا رہا۔ حال ہی میں پاکستان آنے والے ایک مغربی جوڑے نے خاندان کی حالت زار دیکھ کر ان کا مکمل قرض ادا کر دیا جس کے بعد خاندان کو غلامانہ مشقت سے آزادی حاصل ہوگئی۔ اس موقع پر جذباتی مناظر بھی دیکھنے میں آئے جب خاندان کی ایک خاتون نے خوشی اور تشکر کے جذبات سے مغلوب ہو کر غیر ملکی شخص کو گلے لگا لیا، سوشل میڈیا پر اس واقعہ کو بڑے پیمانے پر سراہا جا رہا ہے، صارفین کے مطابق انسانیت مذہب، نسل اور قومیت سے بالاتر ہے، کئی افراد نے اس امر پر افسوس کا اظہار بھی کیا کہ مقامی سطح پر کسی صاحب حیثیت شخص نے اس خاندان کی مدد نہیں کی۔ ایک صارف نے کہا کہ انسانیت تمام مذاہب سے بڑی ہے ایک اور سوشل میڈیا صارف کا کہنا تھا کہ مجھے افسوس ہوتا ہے کہ ایک غیر ملکی جوڑا انہیں اس ہولناک قرض سے نجات دلانے آیا، کئی صارفین نے تنقید کرتے ہوئے کہا کہ یہ بہت افسوسناک ہے کہ پاکستان میں غریبوں کیلئے انصاف نہیں ہے۔ صارفین نے حکومت اور متعلقہ اداروں سے مطالبہ کیا کہ ملک میں موجود قرضی غلامی جیسے غیر قانونی اور غیر انسانی نظام کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں تاکہ آئندہ کسی خاندان کو نسل در نسل اس ظلم کا سامنا نہ کرنا

بقیہ | بقیہ جات | 22

پروگرام ہے، اس پروگرام کے تحت 1 لاکھ گھر مکمل ہو چکے ہیں، 60 ہزار گھروں کی تعمیر کا کام تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ مریم نواز کا 5 سال میں 5 لاکھ خاندانوں کو انکی چھت فراہم کرنے کا ٹارگٹ ہے، پنجاب میں کام ہو رہا ہے تو دنیا اس حقیقت کو تسلیم کر رہی ہے، پنجاب منصوبوں فائلوں میں نہیں گراؤنڈ پر ڈیلور کرتے نظر آتے ہیں۔ عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ جو مریم نواز سے کارکردگی میں مقابلہ نہیں کرسکتے وہ انکو مریم نواز کے جوتوں سے بھی تکلیف ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 23

اور تجزیہ کاروں کا کہنا ہے کہ ان کے ہالینڈ کے دورے کو بڑھا چڑھا کر پیش کیا گیا جس کے خاطر خواہ نتائج نہیں ملے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق خالصتان ریفرنڈم کے کارکنوں نے مودی اور اقلیتوں بالخصوص سکھوں کو نشانہ بنانے والی بھارتی پالیسیوں کے خلاف سویڈن کے شہر گوتھنبرگ اور ہالینڈ کے شہر دی ہیگ میں مظاہرے کئے۔ مظاہرین نے سکھ رہنما ہردیپ سنگھ نجر کے قتل اور گرجیت سنگھ پنا سمیت بیرون ملک سکھ کارکنوں کے خلاف سازشوں کے احتساب کا مطالبہ کرتے ہوئے نعرے لگائے۔ رپورٹس میں کہا گیا ہے کہ مظاہرین 16 اور 17 مئی کی درمیانی شب گوتھنبرگ میں ہوٹل گوتھیا ٹاورز کے باہر جمع ہوئے، مودی کے خلاف نعرے لگائے اور ان کی حکومت پر ظلم و جبر اور ہراسانی کا الزام لگایا۔ مظاہرین نے بھارتی پنجاب میں سکھ کسانوں کی حالت زار کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ معاشی پالیسیاں مقامی کمیونٹیز کی قیمت پر کارپوریٹ گروپوں کو فائدہ پہنچا رہی ہیں۔ اسی طرح کے مظاہرے دی ہیگ میں بھی ہوئے جہاں خالصتان کے حامیوں نے خالصتان کے حق میں اور بھارتی ریاستی جبر کے خلاف نعرے لگائے۔ مظاہرین نے مختلف ملکوں میں سکھ کارکنوں کو نشانہ بنانے اور اختلاف رائے کو دبانے پر نئی دہلی کو تنقید کا نشانہ بنایا۔ دریں اثناء تجزیہ کاروں نے کہا کہ مودی کے ہالینڈ کے دورے کو بھارتی میڈیا نے ایک بڑی سفارتی پیش رفت کے طور پر پیش کیا لیکن حقیقت میں علامتی اعلانات اور معمول کے معاہدوں سے ہٹ کر کوئی بڑی پیش کش نہیں کی گئی۔ انہوں نے کہا کہ نام نہاد اسٹریٹجک پارٹنرشپ اور 2026-2030 کے روڈ میپ میں تجارت، ٹیکنالوجی اور سفارت کاری میں موجودہ تعاون کا اعادہ کیا گیا ہے۔ مبصرین نے بتایا کہ دورے کے دوران سیمی کنڈکٹرز، مصنوعی ذہانت اور گرین ہائیڈروجن سے متعلق سودے سمیت جن 17 معاہدوں کا اعلان کیا گیا، ٹھوس معاہدوں کے بجائے محض عزم کا اظہار ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت خود انحصاری کے دعوؤں کے باوجود غیر ملکی ٹیکنالوجی اور مہارت پر بہت زیادہ انحصار کرتا رہا۔ تجزیہ کاروں نے کہا کہ نئی دہلی ٹیکنالوجی، توانائی اور تجارت کے شعبوں میں وسیع تعاون کے ذریعے امریکہ پر انحصار کم کرنے کی کوشش میں تیزی سے یورپی یونین کی طرف بڑھ رہا ہے۔ سیاسی مبصرین نے کہا کہ یورپ میں مظاہرے مودی حکومت کی پالیسیوں خاص طور پر اقلیتوں، کسانوں اور اختلافی آوازوں کو دبانے کے حوالے سے بڑھتی ہوئی بین الاقوامی تنقید جبکہ بیرون ملک بھارت کے بڑھتے ہوئے سفارتی چیلنجوں کی عکاسی کرتے

بقیہ | بقیہ جات | 24

جس کا نیا اور منفرد عالمی ریکارڈ بن گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق فاضل پور کے نواحی علاقے افضل آباد میں لائیوسٹاک کی تاریخ کا ایک نیا اور منفرد عالمی ریکارڈ قائم ہو گیا، راجن پوری نسل کے محض 5 ماہ کے ایک خوبصورت بکرے کو 50 لاکھ روپے کی ریکارڈ ساز قیمت میں فروخت کر دیا گیا ہے، جسے دنیا کا کم عمر ترین اور مہنگا ترین بکرا قرار دیا جا رہا ہے، اس تاریخی سودے کو یادگار بنانے کے لیے افضل آباد میں ایک شاندار اور گرینڈ پروگرام کا انعقاد کیا گیا جس میں ملک بھر سے کثیر تعداد میں مویشی پال حضرات اور بکروں کے شوقین افراد نے شرکت کی، فخرِ پنجاب نامی اس بکرے کو پھولوں کے ہار پہنائے گئے اور اس پر برکت اور خوشی کے اظہار کے لیے نوٹوں کی بارش کر دی گئی، مقامی لوگوں نے ڈھول کی تھاپ پر جھومتے ہوئے روایتی بھنگڑا ڈالا اور جشن منایا، اس تاریخی اور ریکارڈ ساز بکرے کے مالکان جاوید لاشاری اور جہانزیب لاشاری تھے، جنہوں نے اس نایاب نسل کی پرورش کی، اس خوبصورت بکرے کو بکروں کے معروف خریداروں سید فرحان شاہ اور نادر ورگھ نے 50 لاکھ روپے کی خطیر رقم کے عوض خریدا، ان کا کہنا ہے کہ راجن پوری بکروں کا یہ ریکارڈ نہ صرف مقامی لائیوسٹاک کی صنعت کے لیے ایک بڑا اعزاز ہے بلکہ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ بہترین نسل اور معیار کی قدر ہر دور میں برقرار رہتی ہے۔ یاد رہے کہ راجن پوری بکرے اپنی بے مثال خوبصورتی، سفید رنگت اور بہترین نسل کے باعث ملک بھر سمیت دنیا بھر میں اپنی مثال آپ مانے جاتے ہیں اور اس حالیہ سودے نے ایک بار پھر اس خطے کے مویشیوں کی دھاک بیٹھا دی

بقیہ | بقیہ جات | 25

برمبنی اپنی پروپیگنڈہ مشینری کے ذریعے سچائی اور حقائق کو توڑ مروڑ کر پیش کرکے مقبوضہ جموں و کشمیر کے زمینی حقائق کو چھپا نہیں سکتی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق سیاسی تجزیہ کاروں اور مقبوضہ جموں و کشمیر کی زمینی صورتحال پر گہری نظر رکھنے والوں کا کہنا ہے کہ نریندر مودی کی زیر قیادت ہندوتوا حکومت مقبوضہ علاقے میں نام نہاد امن اور ترقی کے بارے میں جھوٹی خبریں شائع کرنے کے لیے اپنے من پسند میڈیا کا استعمال کر رہی ہے تاکہ دنیا کو گمراہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی حکومت لیفٹیننٹ گورنر کی طرف سے انسداد منشیات مہم کے نام پر نام نہاد ریلیاں منعقد کر رہی ہے جس کا مقصد بین الاقوامی برادری کی توجہ مقبوضہ جموں وکشمیر میں ہونے والے مظالم سے ہٹانا ہے۔ تجزیہ کاروں اور کشمیر پر نظر رکھنے والوں کا کہنا ہے کہ حقیقت یہ ہے کہ مودی کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدامات نے مقبوضہ جموں وکشمیر کو زندگی کے تمام شعبوں میں پیچھے دھکیل دیا ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ 5 اگست 2019 کے یکطرفہ اور غیر قانونی اقدامات اور اس کے بعد بھارتی حکومت کے دیگر جابرانہ اقدامات نے کشمیری عوام کی مشکلات اور خوف میں اضافہ کیا ہے اور جنوبی ایشیا میں پہلے سے غیر مستحکم صورتحال کو مزید سنگین بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کوئی بھی سمجھدار سرمایہ کار مقبوضہ جموں وکشمیر میں سرمایہ کاری کرنے کا سوچ بھی نہیں سکتا جو خطے میں ایک ایٹمی فلیش پوائنٹ ہے۔ سرینگر میں مقیم ایک سیاسی تجزیہ کار نے بھارتی حکومت کی طرف سے انتقامی کارروائی کے خوف سے اپنا نام ظاہر نہ کرنے کی شرط پر کہا کہ کسی بھی جگہ پر احساس تحفظ کانفرنسوں سے نہیں آتا۔ انہوں نے کہا کہ ہم خاموشی سے تکلیف برداشت کر رہے ہیں اور ہم باہر کی دنیا سے کٹے ہوئے محسوس کرتے ہیں کیونکہ یہ علاقہ فوج اور پولیس کے کنٹرول میں ہے۔ ہم صرف جی رہے ہیں۔ سیاسی تجزیہ کاروں اور کشمیر پر نظر رکھنے والوں نے کہا کہ مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگ امن، وقار اور ترقی چاہتے ہیں جو کہ اقوام متحدہ کی نگرانی میں کشمیریوں کو استصواب رائے کا حق ملنے کے بعد ہی ممکن ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری عوام امن اور ترقی کے خلاف نہیں لیکن بھارتی غلامی کی طوق کو توڑنا ان کا اولین مقصد ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں دیرپا امن اور خوشحالی اس وقت تک ناممکن ہے جب تک تنازعہ کشمیر کو اقوام متحدہ کی قراردادوں اور جموں وکشمیر کے عوام کی امنگوں کے مطابق حل نہیں کیا جاتا۔ آر ایس ایس اور سابق بھارتی آرمی چیف کی طرف سے بات چیت کی حمایت کرنے پر مبصرین نے کہا کہ یہ وقت حاصل کرنے کا حربہ یا ثقافت کے نام پر تحائف کے تبادلوں، تقریبات، موسیقی اور پکوانوں تک محدود نہیں ہونا چاہیے، بلکہ بنیادی مسئلے تنازعہ جموں و کشمیر پر توجہ مرکوز کرنی چاہیے جس سے خطے میں امن اور سازگار ماحول قائم ہوسکتا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 26

آزاد کشمیر میں سرِ پا قدس پیر طریقت حضرت پیر سید ضامن حسین شاہ قادری فاضلی رحمۃ اللہ علیہ کا 45 واں سالانہ عرس مبارک عقیدت و احترام اور مذہبی روایتی جوش وجذبے کے ساتھ منایا گیا۔ عرس مبارک کی تمام روحانی و تربیتی تقاریب کی صدارت دربار عالیہ کے موجودہ سجادہ نشین پیر سید قمر محی الدین قادری فاضلی مدظلہ العالی نے فرمائی۔ اس دو روزہ سالانہ عرس پاک کی تقاریب کا آغاز روایتی انداز میں مزار اقدس کو غسل دینے اور چادر پوشی کی پروقار تقریب سے ہوا، جس میں ملک بھر اور خصوصاً آزاد کشمیر سے آئے ہوئے مریدین، معتقدین اور عاشقانِ مصطفیٰ ﷺ نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ عرس کے مختلف سیشنز میں ممتاز علمائے کرام، مشائخ عظام اور جید مفسرین نے حضرت پیر سید ضامن حسین شاہ قادری فاضلیؒ کی دینی، علمی اور روحانی خدمات پر تفصیلی روشنی ڈالی۔ مقررین کا کہنا تھا کہ حضرت قبلہ شاہ صاحبؒ کی پوری زندگی اشاعتِ اسلام، تصوف کی ترویج اور مخلوقِ خدا کی بے لوث خدمت سے عبارت تھی اور ان کی تعلیمات آج بھی بھٹکے ہوئے دلوں کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔ عرس پاک کی آخری نشست میں محفلِ سماع اور نعت خوانی کا خصوصی اہتمام کیا گیا جس میں نامور ثناء خوانِ مصطفیٰ ﷺ نے بارگاہِ رسالت مآب ﷺ اور حضور غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں نذرانہ عقیدت پیش کر کے سماں باندھ دیا۔ اختتامی دعا سے قبل سجادہ نشین پیر سید قمر محی الدین قادری فاضلی مدظلہ العالی نے مریدین و زائرین سے اپنے صدارتی خطاب میں تقویٰ، اخلاقِ حسنہ اور سلسلہ قادریہ کے بتائے ہوئے راستے پر چلنے کی تلقین کی۔ عرس پاک کے اختتام پر پیر صاحب نے امتِ مسلمہ کی سربلندی، پاکستان اور آزاد کشمیر کی سلامتی، امن وامان اور خوشحالی کے لیے رقت آمیز دعا فرمائی، جس کے بعد زائرین میں تبرک اور لنگرِ عام تقسیم کیا

بقیہ | بقیہ جات | 27

اختلافات برقرار ہیں، تاہم رابطے کا سلسلہ منقطع نہیں ہوا، ایران نے اپنی تجاویز پیش کر دی ہیں اور امریکا کی جانب سے بھی جواب موصول ہوا ہے، جن پر مزید غور جاری ہے۔ ترجمان ایرانی وزارت خارجہ کے مطابق ایرانی اور عمانی تکنیکی ٹیموں نے گزشتہ ہفتے عمان میں آبنائے ہرمز محفوظ جہاز رانی کے طریقہ؟ کار پر مذاکرات کیے اور دیگر متعلقہ فریقوں کے ساتھ آبنائے ہرمز کے طریقہ؟ کار پر مسلسل رابطے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایران کو خطے کے کسی بھی ملک، بشمول متحدہ عرب امارات سے کوئی دشمنی نہیں ہے۔ اسماعیل بقائی نے کہا ہے کہ ایران یورینیم افزودگی کے اپنے حق پر نہ تو کسی قسم کی بات چیت کرے گا اور نہ ہی کوئی سمجھوتہ، یہ بات قطعی ہے کہ یہ کوئی ایسا موضوع نہیں جس پر ہم بات چیت یا سمجھوتہ کریں، معاہدہ عدم پھیلاؤ کے تحت ایران کے افزودگی کے حق کو تسلیم کیا جا چکا ہے۔ بقائی نے امریکہ اور ایران کے درمیان شرائط کے تبادلے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ایران کے مطالبات واضح ہیں، ایران کے منجمد اثاثوں پر سے پابندیاں ختم ہونے کو اپنی شرط کہتے ہیں جبکہ ہم اسے اپنا مطالبہ قرار دیتے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ امریکہ اب بین الاقوامی سطح پر قابل اعتبار نہیں رہا، اور خطے کے ممالک، بشمول متحدہ عرب امارات، کو حالیہ مہینوں کے واقعات سے سبق سیکھنا چاہئے، امریکی موجودگی نے خطے کے امن کو بہتر بنانے کے بجائے اسے شدید خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔

بقیہ | بقیہ جات | 28

خان اور راجہ بابر علی ذوالقرنین خان کی مسلم لیگ ن میں شمولیت سے نہ صرف بھمبر بلکہ پورے آزاد جموں وکشمیر میں جماعت مزید مضبوط اور متحرک ہوگی۔ چوہدری نعیم نے کہا کہ دونوں رہنماؤں کا سیاسی تجربہ، عوامی روابط اور خطے میں اثر ورسوخ مسلم لیگ ن کے لیے ایک قیمتی سرمایہ ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ چوہدری طارق فاروق کی قیادت میں مسلم لیگ ن عوامی خدمت، تعمیر وترقی اور سیاسی استحکام کے سفر کو مزید قوت کے ساتھ آگے بڑھائے گی جبکہ اس اہم سیاسی شمولیت سے بھمبر میں مسلم لیگ ن کی کامیابی کے امکانات روشن تر ہو گئے ہیں۔ چوہدری نعیم اختر نے مزید کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کے عوام اب ترقی، میرٹ اور باوقار قیادت کی سیاست کے ساتھ کھڑے ہیں اور مسلم لیگ ن ہی وہ واحد جماعت ہے جو خطے کے عوام کی حقیقی امنگوں کی ترجمان ہے۔ نعیم اختر نے اس امید کا اظہار کیا کہ آنے والے وقت میں مزید اہم سیاسی شخصیات بھی مسلم لیگ ن میں شامل ہو کر جماعت کو مضبوط کریں گی ان شاء اللہ آمدہ الیکشن کے اندر دو تہائی اکثریت سے کامیاب ہو کر مسلم لیگ ن حکومت بنائے

بقیہ | بقیہ جات | 29

کی پہلی سالگرہ کے موقع پر پاکستان کی قیادت کو مبارکباد دیتے ہوئے اسے ایک تاریخی جنگ قرار دیا جس نے دشمن کو ذلت کے ساتھ پیچھے ہٹنے پر مجبور کیا اور پاکستان کو عالمی سطح پر ایک ذمہ دار جوہری طاقت کے طور پر تسلیم کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ معرکہ حق اپنی نظریاتی اور جغرافیائی سرحدوں کے دفاع کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کی عکاسی کرتا ہے اور یہ واضح پیغام دیتا ہے کہ ملک کو نہ تو دبایا جا سکتا ہے اور نہ ہی ڈرایا جا سکتا ہے۔ محمود ساغر نے کہا کہ بھارت نے پہلگام واقعے کو پاکستان پر حملہ کرنے اور مقبوضہ جموں و کشمیر میں ظلم و جبر تیز کرنے کے لئے ایک بہانے کے طور پر استعمال کیا۔ انہوں نے کہا کہ مقبوضہ علاقے میں آزادی اظہار، پرامن احتجاج اور اجتماع سمیت بنیادی حقوق کو سختی سے دبایا جا رہا ہے، جبکہ کشمیری رہنما اور خواتین کارکنان کو کالے قوانین کے تحت طویل عرصے تک نظر بند کیا جاتا ہے۔ محمود ساغر نے کہا کہ بھارت علاقے میں آبادی کا تناسب تبدیل کر رہا ہے اور منظم طریقے سے کشمیریوں کے سیاسی اور مذہبی حقوق کو دبا رہا ہے تاکہ ان کی شناخت کو مٹایا جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیریوں کی سیاسی، ثقافتی اور مذہبی شناخت کو مٹانے کی کوششوں نے صورتحال کو مزید سنگین کر دیا ہے۔ حریت رہنما نے کہا کہ مذہبی اور تعلیمی اداروں کی بندش سے کشمیریوں کو اپنے مذہب پر عمل کرنے اور اپنے ورثے کو محفوظ رکھنے میں مشکلات کا سامنا ہے۔ انہوں نے بین الاقوامی برادری کی خاموشی پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اسے خطے میں سیاسی اور انسانی عدم تحفظ بڑھ گیا ہے۔ انہوں نے پاکستان پر زور دیا کہ وہ اس مسئلے کو او آئی سی، اقوام متحدہ اور اس سے منسلک اداروں سمیت بین الاقوامی فورمز پر اٹھائے۔ محمود ساغر نے کشمیریوں کے جائز مقصد کے لیے پاکستان کی مسلسل حمایت کا اعتراف کرتے ہوئے کہا ہمیں پوری امید ہے کہ آپ کی قیادت میں حکومت پاکستان اس اہم معاملے پر غور کرے گی اور خطے میں امن، انصاف اور انسانی حقوق کے تحفظ کو فروغ دینے میں مدد کرے

بقیہ | بقیہ جات | 30

ماحولیاتی تحفظ کے ساتھ معاشی فوائد بھی حاصل کیے جا سکتے ہیں۔ پیر کو جاری بیان میں وفاقی وزیر نے کہا کہ ان کی "صاف بندرگاہ، صحت مند بحری ماحولیاتی نظام" مہم کے تحت کراچی پورٹ پر بڑے پیمانے پر صفائی آپریشن مزید تیز کر دیا گیا ہے تاکہ سمندری آلودگی میں کمی لائی جا سکے اور ساحلی حیاتیاتی تنوع کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ انہوں نے بتایا کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) نے ایسٹ وارف، ویسٹ وارف، آئل پیئرز اور بوٹ بیسن جیٹی سمیت اہم مقامات پر صفائی سرگرمیاں بڑھا دی ہیں، جہاں مئی کے پہلے دو ہفتوں کے دوران تین مراحل میں 58 ہزار کلوگرام سے زائد ٹھوس کچرا سمندری پانی سے نکالا گیا۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 159 کشتی آپریشنز اور 487 اہلکاروں کی مدد سے مجموعی طور پر 58 ہزار 450 کلوگرام تیرتا ہوا کچرا، جس میں زیادہ تر پلاسٹک اور سمندری ملبہ شامل تھا، جمع کیا گیا۔ جمع شدہ فضلہ ماحولیاتی ضوابط کے مطابق سندھ سالڈ ویسٹ مینجمنٹ بورڈ کی تلفی گاہوں تک منتقل کیا گیا۔ محمد جنید انوار چوہدری نے کہا کہ یہ اقدام بلیو سرکلر اکانومی کے وسیع تر وژن کا حصہ ہے، جس کے تحت سمندری فضلے کو دوبارہ قابلِ استعمال وسائل کے طور پر دیکھا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ماہی گیری اور آبی زراعت کے شعبے ری سائیکلنگ اور اپ سائیکلنگ کے ذریعے سمندری پلاسٹک کے اخراج میں نمایاں کمی لا سکتے ہیں، جن میں استعمال شدہ ماہی گیری جالوں کو نئی مصنوعات میں تبدیل کرنا اور مچھلی کے فضلے سے کھاد، فیڈ اور بائیو مصنوعات تیار کرنا شامل ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ماہی گیری کی سرگرمیوں کے ساتھ فضلہ جمع کرنے اور بازیافت شدہ کچرے کی ری سائیکلنگ سے چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں کے لیے معاشی مواقع پیدا کیے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سمندر میں جانے والے پلاسٹک اور ملبے کا بڑا حصہ شہری نکاسی آب کے نظام کے ذریعے ساحلی پانیوں تک پہنچتا ہے، جو سمندری آلودگی، آبی حیات، ماہی گیری اور بندرگاہی سرگرمیوں کے لیے سنگین خطرات کا باعث بن رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر کراچی ہاربر سے جمع کیے گئے 58 ہزار 450 کلوگرام فضلے کو موثر انداز میں الگ کر کے ری سائیکلنگ کے عمل میں شامل کیا جائے تو اس کی ممکنہ معاشی مالیت 7 ہزار سے 32 ہزار امریکی ڈالر تک ہو سکتی ہے، جبکہ اوسط اندازے کے مطابق اس کی مالیت تقریباً 17 ہزار 535 ڈالر بنتی ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق اصل معاشی فوائد کا انحصار ری سائیکل ہونے والے پلاسٹک، خصوصاً پی ای ٹی اور ایچ ڈی پی ای، کی مقدار، سمندری پانی یا تیل سے آلودگی کی سطح اور پراسیسنگ لاگت پر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی ایشیا میں مخلوط پلاسٹک اسکریپ کی قیمت عموماً 0.10 سے 0.55 امریکی ڈالر فی کلوگرام کے درمیان رہتی ہے، جبکہ بہتر معیار کے پی ای ٹی اور ایچ ڈی پی ای زیادہ قیمت حاصل کرتے ہیں۔ محمد جنید انوار چوہدری نے زور دیا کہ ماخذ پر کچرے کی موثر درجہ بندی اور بندرگاہوں پر ری سائیکلنگ انفراسٹرکچر کو مضبوط بنانا ماحولیاتی اور معاشی فوائد کے حصول کیلئے ناگزیر ہے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ تیرتے ہوئے فضلے کی مسلسل صفائی سمندری حیات کے تحفظ، بحری آمدورفت کے محفوظ نظام اور صاف و پائیدار بندرگاہی ماحول کے قیام کے لیے انتہائی ضروری ہے، جبکہ اس سے بڑھتی ہوئی شہری سمندری آلودگی پر قابو پانے میں بھی مدد ملے گی۔

بقیہ | بقیہ جات | 31

مغربی دریاؤں پر کسی بھی ہائیڈرو پاور منصوبے میں اپنی مرضی سے پانی ذخیرہ نہیں کر سکتا، بھارت کشن گنگا اور رتلے منصوبوں سے متعلق تمام متعلقہ تکنیکی اور ہائیڈرولوجیکل معلومات پاکستان کے ساتھ شیئر کرے۔

بقیہ | بقیہ جات | 32

پنے بیان میں کہا کہ شہری جوہری تنصیبات کو کسی بھی صورت نشانہ نہیں بنایا جانا چاہیے کیونکہ ایسے حملے انسانی جانوں، ماحول اور عالمی امن کے لیے تباہ کن نتائج کا باعث بن سکتے ہیں۔ دفتر خارجہ کے مطابق پاکستان اس مشکل وقت میں متحدہ عرب امارات کی حکومت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ ترجمان نے تمام فریقوں پر زور دیا کہ وہ زیادہ سے زیادہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور خطے میں کشیدگی کم کرنے کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کو ترجیح

بقیہ | بقیہ جات | 33

انتظامی امور، صفائی ستھرائی اور سیکیورٹی انتظامات کا جائزہ لینا تھا۔ ڈی سی لاہور نے تمام انتظامی کیمپس کی فعالیت کو جانچا اور بیوپاریوں سمیت خریداروں کے لیے پینے کے صاف پانی اور سایہ دار جگہوں کی فراہمی کو ہر صورت یقینی بنانے کی ہدایت کی۔ تفصیلات کے مطابق ضلعی انتظامیہ نے سگیاں مویشی منڈی میں تمام تر تیاریاں مکمل کر لی ہیں۔ دورے کے دوران انہیں بریفنگ دی گئی کہ منڈی میں ایل ڈبلیو ایم سی، پولیس اور محکمہ صحت کے عملے کی تعیناتی مکمل ہو چکی ہے تاکہ شہریوں کو کسی دشواری کا سامنا نہ ہو۔ مویشیوں کو مہلک کانگو وائرس سے بچانے کے لیے ویٹرنری ٹیموں نے اسکریننگ کا عمل تیز کر دیا ہے جبکہ کیمپس میں ادویات اور ویکسین کا وافر اسٹاک بھی موجود ہے۔ کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز نے ستھرا پنجاب ٹیموں کو چوبیس گھنٹے صفائی کا عمل جاری رکھنے اور گرمی سے بچاؤ کے لیے سایہ دار جگہوں کے انتظام کی سخت ہدایت کی۔ انہوں نے واضح کیا کہ حفظانِ صحت کے اصولوں پر کوئی سمجھوتہ نہیں ہوگا اور غیر قانونی فیس یا بھتہ خوری میں ملوث عناصر کے خلاف سخت کارروائی کی جائے

بقیہ | بقیہ جات | 34

جلد ہی ہٹایا جائے گا، آپریشن کو مکمل کرنے کے لیے 31 مئی کی آخری تاریخ ہے۔ جن مساجد کو مسمار کیا جائے گا ان میں مرزا کریم اللہ بیگ مسجد، ماربل والی مسجد، علی رضا خان مسجد، نثاران مسجد، رنگیلے شاہ مسجد اور لنگڑے حافظ مسجد شامل ہیں، یہ سب چوک پولیس اسٹیشن کے قریب واقع ہیں۔ 226 سال پرانی کریم اللہ بیگ مسجد مقامی کمیونٹی کے لیے گہری تاریخی اور مذہبی اہمیت رکھتی ہے۔ مقامی لوگوں اور مسجد کے نگرانوں نے اس اقدام کی مذمت کرتے ہوئے اسے ترقی کی آڑ میں مسلمانوں کے مذہبی مقامات پر براہ راست حملہ قرار دیا ہے۔ کریم اللہ بیگ مسجد کے موذن بابو جان نے کہا کہ مسلمان صرف اس صورت میں تعاون کریں گے جب قانونی طریقہ کار پر عمل کیا جائے گا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ کسی بھی غیر آئینی اقدام کی سختی سے مخالفت کی جائے گی۔ مسماری کی مہم میں تیزی لانے کے لیے روزانہ تین بلڈوزر اور 100 سے زائد مزدور کام کر رہے ہیں۔ مقامی تنظیموں نے اس کارروائی کو مسلم ثقافتی ورثے کو نشانہ بنانے اور شہری ترقی کی آڑ میں اقلیتوں کو بے گھر کرنے کی ایک اور مثال قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ گھروں، دکانوں اور صدیوں پرانی مساجد کی تباہی سے دالمنڈی کے مسلمانوں کی شناخت اور بقاء خطرے میں ہے۔ علاقے میں کشیدگی برقرار ہے کیونکہ بھرے بازار کی گلیوں میں مسماری کا کام جاری

بقیہ | بقیہ جات | 35

صحت خواجہ سلمان رفیق نے ظاہر پیر رحیم یار خان میں ہب اینڈ سپوک ماڈل پائلٹ پروگرام کے تحت جدید طبی سہولیات کا جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ظاہر پیر ضلع رحیم یار خان میں ہب اینڈ سپوک ماڈل کے تحت شروع کئے جانے والے پائلٹ پروگرام کا جائزہ لیا گیا ہے۔ نشتر ہسپتال ملتان میں پیٹ اسکین (ScanPET) اور سائیکلوٹرون مشین کی دستیابی سے متعلق منصوبہ بھی جاری ہے۔ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ ظاہر پیر میں قائم کئے جانے والے مرکزی ہب کو گردونواح کے دیہی علاقوں کے بنیادی مراکز صحت (سپوکس) سے منسلک کیا گیا ہے۔ اس ہب اینڈ سپوک ماڈل سے مریضوں کو بروقت علاج، بہتر ریفرل سسٹم اور معیاری صحت سہولیات میسر آئیں گی۔ اس ماڈل کے تحت پیچیدہ مریضوں کو فوری طور پر بڑے مراکز سے جوڑنے کا موثر نظام قائم کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صحت نے کہا کہ حکومت پنجاب جنوبی پنجاب میں صحت کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کر رہی ہے۔ ظاہر پیر میں ہب اینڈ سپوک ماڈل اور نشتر ہسپتال ملتان میں جدید مشینوں کی فراہمی عوام کیلئے ایک بڑا ریلیف ثابت ہوگی۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے کہا کہ طبی عملے کی تربیت اور جدید آلات کی بروقت تنصیب کو بھی ترجیح دینے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پائلٹ پروگرام کی کامیابی کی بنیاد پر اسے پنجاب کے دیگر اضلاع تک توسیع دی جائے گی۔ متعلقہ محکموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ اس منصوبے پر تیز رفتار اور شفاف عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 36

عمران حنیف کا کہنا تھا کہ ہائی بلڈ پریشر پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو دل کے دورے، فالج اور گردوں کی خرابی جیسے جان لیوا مسائل کا خطرہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے ہائی بلڈ پریشر کی بڑی وجہ معاشی عدم استحکام کے باعث ذہنی تناؤ، غیر متوازن طرز زندگی اور فاسٹ فوڈ سمیت چکنائی والی غذاؤں کا زیادہ استعمال ہے پروفیسر عمران حنیف کا مزید کہنا تھا کہ ڈاکٹر کی ہدایت کے مطابق ادویات لینے، روزانہ ورزش، متوازن غذاؤں جیسے پھل سبزیاں وغیرہ کے استعمال اور ذہنی سکون سے بلڈ پریشر کی بیماری سے بچا جاسکتا ہے آگاہی واک میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر العلیم میڈیکل کالج ڈاکٹر عابد علی ہاشمی، پروفیسر ناصر، پروفیسر ظہیر اختر کے علاوہ نرسز، طلبہ و طالبات کی کثیر تعداد نے شرکت کی

بقیہ | بقیہ جات | 37

اپنایا کہ پٹرولیم لیوی آئین پاکستان، پارلیمانی بالادستی، وفاقی نظام، بنیادی حقوق اور قانون کی حکمرانی کے خلاف ہے، پٹرولیم لیوی اب ایک محدود ریگولیٹری سرچارج نہیں رہی بلکہ پٹرولیم لیوی وفاقی حکومت کیلئے سب سے بڑے ریونیو ذرائع میں تبدیل ہو چکی ہے۔ امیر جماعت اسلامی نے درخواست میں موقف دیا کہ پٹرولیم لیوی کو پارلیمنٹ کے بجائے مسلسل ایگزیکٹو نوٹیفکیشنز اور ایس آر اوز کے ذریعے چلایا جا رہا ہے، اس وقت پٹرول پر پٹرولیم لیوی تقریباً 117.41 روپے فی لیٹر تک پہنچ چکی، جو ملکی تاریخ کی بلند ترین سطح ہے۔ درخواست گزار کے مطابق صرف پٹرولیم لیوی ہی پٹرول کی بنیادی ایکس ریفائنری قیمت کا تقریباً 42 سے 43 فیصد بنتی ہے جبکہ لیوی کے علاوہ بھی مختلف ٹیکسز عوام سے وصول کیے جا رہے ہیں۔ وفاقی بجٹ کے اعداد و شمار بھی عدالت کے سامنے رکھے گئے ہیں۔ درخواست میں بتایا گیا ہے کہ مالی سال 2025-26 میں صرف پٹرولیم لیوی کی مد میں تقریباً 1.47 ٹریلین روپے وصول کیے جانے کا تخمینہ ہے، جو پورے وفاقی بجٹ کا تقریباً 8.3 فی صد بنتا ہے، پٹرولیم لیوی کی مد میں مجموعی وصولیاں اب تک تقریباً 6.3 ٹریلین روپے سے تجاوز کر چکیں، ٹرانسپورٹ، زراعت، صنعت، بجلی کی پیداوار، خوراک اور روزمرہ زندگی کے اخراجات میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ حافظ نعیم میں درخواست میں بتایا کہ فنانس ایکٹ 2025 میں حکومت نے پٹرولیم لیوی پر پہلے سے موجود قانونی حد ختم کر دی، ماضی میں پٹرولیم لیوی کی حتمی مقدار ہر سال پارلیمان خود طے کرتی تھی لیکن پارلیمنٹ نے ففتھ شیڈول ختم کر کے عملی طور پر حکومت کو کھلی اور غیر محدود مالیاتی طاقت دی۔ درخواست میں کہا گیا کہ حکومت اس وصولی کو "لیوی" کا نام دیتی ہے جبکہ حقیقت میں پٹرولیم لیوی ٹیکس کی شکل اختیار کر چکی جو عوام سے جبری طور پر وصول کی جانے والی ایک عمومی ریونیو وصولی ہے، لیوی کے بدلے میں عوام کو کوئی مخصوص خدمت یا فائدہ بھی فراہم نہیں کیا جاتا۔ حافظ نعیم الرحمان نے درخواست میں موقف اپنایا کہ ایک "ٹیکس" کو "پٹرولیم لیوی" کا عنوان دے کر آئینی تقاضوں اور پابندیوں سے بچنے کی کوشش کی گئی، اس طریقہ؟ کار کے نتیجے میں عوام پر بڑے پیمانے پر مالی بوجھ تو عائد کیا جا رہا ہے لیکن یہ طرزِ عمل آئین کی روح، پارلیمانی مالیاتی خودمختاری اور صوبائی خودمختاری کے اصولوں سے متصادم ہے، پٹرولیم لیوی کی وصولی کا طریقہ کار بنیادی حقوق، وفاقی توازن اور آئینی مالیاتی نظم کیلئے بھی سنگین نتائج کا حامل ہے۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ وفاقی آئینی عدالت عوام کو معاشی استحصال کے اس مسلسل نظام سے نجات دلانے کیلئے اپنا آئینی اختیار استعمال کرے، پٹرولیم لیوی پر پارلیمانی نگرانی اور قانونی حدیں بحال کی جائیں، فنانس ایکٹ 2025 کی دفعہ 3 اور اس کے تحت غیر محدود ایگزیکٹو اختیارات کو آئین سے متصادم قرار دیا جائے۔ امیر جماعت اسلامی نے استدعا کی کہ پٹرولیم لیوی کو "ٹیکس" قرار دیتے ہوئے آئین سے متصادم ہونے کی بنا پر کالعدم قرار دیا جائے، حکومت کو وصول شدہ لیوی کے استعمال اور مصرف کی تفصیلات عدالت میں پیش کرنے کا حکم دیا جائے، ایگزیکٹو نوٹیفکیشنز اور ایس آر اوز کے ذریعے عوام پر غیر محدود مالیاتی بوجھ عائد کرنے سے روکا جائے۔

بقیہ | بقیہ جات | 38

ٹ مگر انتہائی خطرناک بیماری ہے اور ہر تیسرا فرد اس مرض میں مبتلا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلڈ پریشر انسانی جسم کے اہم اعضاء خصوصاً دل، دماغ اور آنکھوں کو شدید متاثر کرتا ہے۔ ہیڈ آف کارڈیک ڈیپارٹمنٹ پروفیسر عمران حنیف نے کہا کہ اگر ہائی بلڈ پریشر پر بروقت قابو نہ پایا جائے تو دل کے دورے، فالج اور گردوں کی خرابی جیسے جان لیوا امراض کا خطرہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ذہنی دباؤ، غیر متوازن طرز زندگی، فاسٹ فوڈ اور چکنائی والی غذاؤں کا زیادہ استعمال اس بیماری کی بڑی وجوہات ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ ڈاکٹر کے مشورے کے مطابق ادویات کا استعمال، روزانہ ورزش، متوازن غذا، پھل و سبزیوں کا استعمال اور ذہنی سکون اپنانے سے بلڈ پریشر سے محفوظ رہا جا سکتا ہے۔ آگاہی واک میں ایگزیکٹو ڈائریکٹر العلیم میڈیکل کالج ڈاکٹر عابد علی ہاشمی، پروفیسر ناصر، پروفیسر ظہیر اختر، نرسز، طلبہ و طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت

بقیہ | بقیہ جات | 39

صفائی مہم کے آغاز پر اظہار اطمینان کرتے ہوئے صفائی آپریشنز کو گلی محلوں میں قربانی کے جانوروں کی آمد کے مطابق ڈھالنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز اپنی حدود میں واقع سیل پوائنٹس کا باقاعدگی سے دورہ کریں۔ سیل پوائنٹس پر پانی، چارے اور پارکنگ کی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ سیل پوائنٹس پر سکیورٹی کا بھی خاص خیال رکھنا ہوگا۔ وزیر بلدیات نے کہا کہ گائیڈ لائنز پر عملدرآمد کے لئے ایم سی ایل اور ستھرا پنجاب اتھارٹی کا متعلقہ عملہ مل کر کام کریں گے۔ انہوں نے ہدایت کی کہ بیوپاریوں کو سیل پوائنٹس سے باہر ہرگز قربانی کے جانوروں کی خرید و فروخت نہ کرنے دی جائے۔ وزیر بلدیات نے زور دیا کہ ڈپٹی کمشنر لاہور نے جو مقامات نوٹیفائی کئے عارضی مویشی منڈیاں صرف وہیں لگیں گی۔ نجی سیل پوائنٹس کی گزشتہ سال کی طرح اب بھی کوئی اجازت نہیں۔ انہوں نے کہا کہ عید کے تینوں ایام میں لاہور کے اہم مقامات پر سہولت کیمپ لگائے جائیں گے۔ ایم سی ایل اور ستھرا پنجاب کا عملہ کیمپوں میں موجود رہے گا۔ ذیشان رفیق نے کہا کہ الائشوں کیلئے ماحول دوست بیگز مفت تقسیم کئے جائیں گے۔ انہوں نے اپیل کی کہ شہری انہی بیگز میں الائشیں ڈال کر رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے عیدالاضحیٰ کے موقع پر زیرو ویسٹ کا حکم دیا ہے۔ اس کے لئے اضافی وسائل بھی مہیا کئے گئے ہیں۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ کے مشیر ذیشان ملک نے ہدایت کی کہ لاہور میں گزشتہ سال کے چیلنجز مدِنظر رکھتے ہوئے اقدامات کئے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف کی ہدایت پر الائشوں کیلئے اضافی ویسٹ انکلوژرز بھی قائم کئے جا رہے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن ر علی اعجاز نے اجلاس کو بتایا کہ نجی رہائشی سکیموں اور ریلوے ایریاز کے لئے بھی خصوصی پلان بنایا گیا ہے۔ اسسٹنٹ کمشنرز حکومتی ہدایات پر عملدرآمد یقینی بنائیں گے۔

بقیہ | بقیہ جات | 40

مینجمنٹ (نارتھ) انجینئر انیس احمد، جنرل مینجر پروکیورمنٹ اینڈ کنٹریکٹ مینجمنٹ انجینئر سجاد حیدر سید، چیف انجینئر میٹریل پروکیورمنٹ اینڈ مینجمنٹ اور چیف انجینئر ایسیٹ مینجمنٹ (نارتھ) بھی ان کے ہمراہ تھے۔ مینجنگ ڈائریکٹر کو گرڈ سٹیشن کی آپریشنل صورتحال پر تفصیلی بریفنگ دی گئی۔ انجینئر الطاف حسین ملک نے ایسیٹ مینجمنٹ ٹیم کو ہدایت کی کہ پرانے آلات اور تنصیبات کی حالت کے مطابق نگرانی کے نظام کو مزید مؤثر بنایا جائے اور ترسیلی نظام کی ضروریات کے مطابق بروقت دیکھ بھال اور تبدیلی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے گرڈ سٹیشن میں زیرِ تعمیر ویئر ہاؤس کے کام کا بھی معائنہ کیا اور متعلقہ حکام کو منصوبہ جلد مکمل کرنے کیلئے تعمیراتی رفتار تیز کرنے کی ہدایت دی۔ انجینئر الطاف حسین ملک نے ٹیم کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے اس عزم کا اعادہ کیا کہ این جی سی مؤثر ایسیٹ مینجمنٹ کے ذریعے قومی ترسیلی نظام کو مضبوط، قابلِ اعتماد اور مستحکم بنانے کیلئے پرعزم

بقیہ | بقیہ جات | 41

ایران سے ڈرانے کے ایجنڈے پر گامزن ہے۔ ایک بیان میں محسن رضائی نے کہا کہ ہم خطے کے تمام ممالک کے ساتھ دوستانہ اور برادرانہ تعلقات کے خواہاں ہیں، آبنائے ہرمز تجارت کیلئے کھلا ہے لیکن لشکر کشی اور بدامنی پھیلانے والوں کیلئے نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک وقت تھا جب امریکہ نے سوویت یونین کیخلاف خطے میں بحری بیڑے بھیجے تھے، امریکہ اب کس کیخلاف بحری بیڑے بھیج رہا ہے اور اس کا دشمن کون ہے؟ محسن رضائی کا کہنا تھا کہ ٹرمپ کے مطابق چینی صدر نے کہا ہے کہ ہم بھی یہ چاہتے ہیں کہ ایران ایٹم بم نہ بنائے، میں پوچھتا ہوں کہ ایران نے کب کہا ہے کہ ہم ایٹم بم بنانا چاہتے ہیں؟ امریکہ واسرائیل کے علاوہ اور کون ہے جو کہتا ہے کہ ایران ایٹم بم بنانا چاہتا ہے؟۔

بقیہ | بقیہ جات | 42

جیکٹ فریڈم کو روکنے کی وجہ پاکستان کی درخواست تھی۔ اپنے بیان میں مارکو روبیو نے کہا کہ پاکستانیوں نے کہا اگر آپ لوگ پروجیکٹ فریڈم روک دیں، تو ہمارے خیال میں ہم کسی معاہدے تک پہنچ سکتے ہیں۔ امریکی وزیر خارجہ کا کہنا تھا کہ ہم نے سفارت کاری کو موقع دینے کے لیے پروجیکٹ فریڈم روکنے پر اتفاق کر لیا۔ صدر ٹرمپ سفارت کاری کو ترجیح دیتے

بقیہ | بقیہ جات | 43

دعبدالجبار سرکی ولد غلام رسول کو گرفتار کرلیا گیا گرفتار دہشتگرد کے قبضے سے اسلحہ ڈیٹونیٹر بال بیرنگ اور دھماکہ خیز مواد بھی برآمد کرلیا گیا تفصیلات کے مطابق گرفتار دہشتگرد 2020 میں کالعدم تنظیم کے کمانڈر سجاد شاہ کے گروہ میں شامل ہوا کمانڈر سجاد شاہ اپنے ساتھیوں کے ہمراہ کراچی اور اندرون سندھ میں تخریب کاری کی مختلف کارروائیوں میں ملوث ہے گرفتار دہشتگرد نے اپنے ساتھی کے ہمراہ جون 2020 میں نیشنل ہائی وے منزل پمپ کے قریب واقع رینجرز چوکی پر گرینیڈ حملہ کیا جس کے نتیجے میں 2 راہگیر زخمی ہوئے تھے جبکہ رینجرز چوکی کو جزوی نقصان پہنچا گرفتار دہشتگرد 14 اگست کے موقع پر دہشتگردی کی کارروائی کے لیے گلشن حدید میں آزادی اسٹال کی ریکی کر چکا ہے گرفتار دہشتگرد کا نام سی ٹی ڈی ریڈ بک میں انتہائی مطلوب دہشتگرد کے طور پر شامل ہے گرفتار دہشتگرد کالعدم تنظیم کے کمانڈر سجاد شاہ سے بیرون ملک رابطے میں تھا اور اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ کراچی میں واقع حساس مقامات پر دہشتگردی کی کارروائیوں کے لیے منصوبہ بندی کر رہا تھا گرفتار دہشتگرد کے دیگر ساتھیوں کی گرفتاری کے لئے کارروائیاں کی جا رہی ہیں گرفتار دہشتگرد کو بمعہ اسلحہ دھماکہ خیز مواد اور برآمد شدہ سامان مزید قانونی کارروائی کے لئے سی ٹی ڈی پولیس کے حوالے کردیا گیا ہے عوام سے اپیل ہے کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ایسے عناصر کے بارے میں اطلاع فوری طور پر قریبی رینجرز چیک پوسٹ رینجرز ہیلپ لائن 1101 یا رینجرز مددگار واٹس ایپ نمبر 03479001111 پر کال یا ایس ایم ایس کے ذریعے دیں آپ کا نام صیغہ راز میں رکھا جائے گا۔

بقیہ | بقیہ جات | 44

خصوصی انتظامات کئے ہیں۔ ایک جانب بیوپاری اپنے خوبصورت اور صحت مند جانور لے کر منڈیوں میں پہنچ چکے ہیں تو دوسری طرف مہنگائی سے پریشان شہری مناسب قیمت پر جانور خریدنے کی کوششوں میں مصروف ہیں۔ رواں برس جانوروں کی قیمتوں میں نمایاں اضافے نے عام آدمی کیلئے قربانی کی تیاریوں کو مشکل بنا دیا ہے، 50 ہزار روپے میں ملنے والا نارمل بکرا اب ایک لاکھ روپے سے زائد میں فروخت ہو رہا ہے جبکہ بڑے جانوروں کی قیمتیں بھی عام خریدار کی پہنچ سے باہر ہوتی جا رہی ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ بیوپاری من مانے نرخ طلب کر رہے ہیں جس کے باعث قربانی کیلئے جانور خریدنے میں دشواری پیدا ہو رہی ہے، عوام نے انتظامیہ سے مطالبہ کیا ہے کہ مویشی منڈیوں میں قیمتوں کی نگرانی کو یقینی بنایا جائے تاکہ مصنوعی مہنگائی پر قابو پایا جا سکے اور عام آدمی بھی سنتِ ابراہیمی ادا کر سکے۔ دوسری طرف بیوپاری پُرامید ہیں کہ عید قریب آنے کے ساتھ خریداری میں مزید تیزی آئے گی اور ان کا کاروبار بہتر ہوگا، بیوپاریوں کا کہنا ہے کہ چارے، ٹرانسپورٹ اور جانوروں کی دیکھ بھال کے اخراجات میں اضافے کی وجہ سے قیمتیں بڑھانا مجبوری بن چکی ہے۔ ماہرین کے مطابق اگرچہ معاشی حالات اس سال عوام کیلئے مشکلات پیدا کر رہے ہیں، تاہم عیدالاضحیٰ کی مذہبی اور سماجی اہمیت کے باعث قربانی کا جذبہ بدستور قائم ہے اور ملک بھر کی مویشی منڈیاں اسی روایت کی عکاس ہیں۔ دریں اثناء ملک بھر میں قائم مویشی منڈیوں میں محکمہ لائیوسٹاک، ستھرا پنجاب اور ریسکیو 1122 کے کیمپس قائم کر دیئے گئے ہیں تاکہ صفائی، طبی امداد اور ہنگامی صورتحال سے فوری نمٹا جا سکے، جانوروں کو کانگو وائرس اور لمپی سکن بیماری سے محفوظ رکھنے کیلئے خصوصی سپرے بھی کیا جا رہا ہے۔ ضلعی حکام کو صفائی، سیکیورٹی، پارکنگ، پانی اور ٹریفک مینجمنٹ کے خصوصی انتظامات کرنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں جبکہ غیر قانونی مویشی منڈیوں کے خلاف بھی کارروائی شروع کر دی گئی ہے۔ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر صوبے بھر میں عیدالاضحیٰ کے موقع پر خصوصی صفائی اور سکیورٹی پلان بھی ترتیب دیا گیا ہے، ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت آلائشیں فوری اٹھانے، عارضی کلیکشن پوائنٹس قائم کرنے اور شکایات کے فوری ازالے کیلئے کنٹرول رومز قائم کئے جا رہے ہیں۔ حکومت پنجاب نے مویشی منڈیوں اور بازاروں میں سکیورٹی سخت کرنے، سی سی ٹی وی اور ڈرون نگرانی بڑھانے جبکہ خواتین اور بچوں کے تحفظ کیلئے خصوصی پولیس سکواڈ تعینات کرنے کی ہدایات بھی جاری کی ہیں۔

بقیہ | بقیہ جات | 45

ان 2 طیارے آپس میں ٹکرا گئے۔ امریکی میڈیا کے مطابق دونوں طیاروں کے چار پائلٹس نے ایمرجنسی ایجیکٹ کر لیا۔ حادثہ ماؤنٹین ہوم ایئرفورس بیس سے دو میل دور پیش آیا، امدادی ٹیمیں موقع پر موجود ہیں، واقعے کی تحقیقات جاری

بقیہ | بقیہ جات | 46

پلانٹ پر ڈرون حملے کی شدید مذمت کی ہے، جس کے نتیجے میں براکہ نیوکلیئر انرجی پلانٹ میں آگ لگ گئی۔ سعودی وزارت خارجہ کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ وزارت خارجہ برادر ملک متحدہ عرب امارات پر ڈرونز کے ذریعے کئے گئے حملے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے۔ سعودی عرب امارات کی سلامتی اور استحکام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، ایسے حملے خطے کے امن وسلامتی کے لیے خطرہ

بقیہ | بقیہ جات | 47

، جبکہ دیگر خان یونس اور بیت لاہیا میں مارے گئے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق وسطی غزہ کے شہر دیر البلح میں ایک کمیونٹی کچن کو نشانہ بنایا گیا، جہاں جاں بحق ہونے والے تینوں افراد فلاحی ادارے کے کارکن تھے۔ دوسری جانب حماس نے اس حملے کو دانستہ جنگی جرم اور غزہ میں فلسطینی عوام کے خلاف جاری نسل کشی کا تسلسل قرار دیا ہے۔ حماس کے بیان میں کہا گیا کہ یہ سب کچھ ایسے وقت میں ہو رہا ہے جب عالمی برادری خاموش تماشائی بنی ہوئی ہے، جس کی وجہ سے اسرائیل کو اپنی کارروائیاں جاری رکھنے کی مزید حوصلہ افزائی مل رہی ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ یہ اقدامات بین الاقوامی قوانین، اقدار اور انسانی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی

بقیہ | بقیہ جات | 48

طے نہ پانے کی وجہ سے رواں سال پاکستانی عازمین حج مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان ٹرین پر سفر نہیں کر پائیں گے اور ان کی نقل و حمل بسوں کے ذریعے کی جائیگی، حکومت پاکستان کی کاوشوں اور انتھک محنت کے باعث گزشتہ چار سال سے حج اخراجات میں کوئی اضافہ نہیں کیا گیا اور اس وقت پاکستان پورے خطے میں سب سے سستا حج پیکیج فراہم کر رہا ہے جبکہ ہمسایہ ملک بھارت میں حج پیکیج پاکستان سے 6 لاکھ روپے مہنگا ہے اور وہاں اس معیار کی سہولیات بھی میسر نہیں ہیں۔ وہ مکہ مکرمہ میں حج انتظامات کا جائزہ لینے کے بعد صحافیوں سے گفتگو کر رہے تھے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ رواں سال حج کے لیے رجسٹریشن کا تجربہ انتہائی کامیاب رہا ہے اور آئندہ حج کی پالیسی اور انتظامات کا سلسلہ سعودی حکومت کی جانب سے باقاعدہ اعلان کے ساتھ ہی فوری طور پر شروع کر دیا جائیگا۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ سال رجسٹریشن کے اشتہار پر ساڑھے چار لاکھ سے زائد درخواستیں موصول ہوئی تھیں۔ سردار محمد یوسف نے مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ اور مشاعر مقدسہ میں رہائش اور دیگر انتظامات پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مکہ مکرمہ میں پاکستان حج مشن اور ہاؤسنگ شعبے نے بہترین خدمات فراہم کی ہیں۔ عازمین حج کی سہولت کے لیے سرکاری اسکیم میں پہلی بار الگ کمرے کی سہولت متعارف کرائی گئی ہے، جس کے تحت تقریباً 8 ہزار عازمین نے اضافی ادائیگی (دو لاکھ روپے فی بیڈ) کر کے یہ سہولت حاصل کی ہے اور وہ اس انتظام سے مکمل مطمئن ہیں۔

حافظ نعیم الرحمٰن کا پٹرولیم لیوی کیخلاف وفاقی آئینی عدالت سے رجوع

پٹرولیم لیوی آئین پاکستان، پارلیمانی بالادستی، وفاقی نظام، بنیادی حقوق اور قانون کی حکمرانی کے خلاف ہے: درخواست میں موقف

پٹرولیم لیوی اب ایک محدود ریگولیٹری سرچارج نہیں رہی بلکہ پٹرولیم لیوی وفاقی حکومت کیلئے سب سے بڑے ریونیو ذرائع میں تبدیل ہو چکی ہے۔

خواجہ سلمان رفیق کا گورنمنٹ ہب اینڈ سپوک ماڈل ہسپتال رحیم یار خان کا دورہ

صوبائی وزیر صحت نے ظاہر پیر رحیم یار خان میں ہب اینڈ سپوک ماڈل پائلٹ پروگرام کے تحت جدید طبی سہولیات کا جائزہ لیا

ظاہر پیر میں ہب اینڈ سپوک ماڈل اور نشتر ہسپتال ملتان میں جدید مشینوں کی فراہمی عوام کیلئے ایک بڑا ریلیف ثابت ہوگی، خواجہ سلمان رفیق

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق ہب اینڈ سپوک ماڈل ہسپتال ظاہر پیر رحیم یار خان کا جائزہ لے رہے ہیں

خواجہ سلمان رفیق کا شیخ زید ہسپتال رحیم یار خان کا دورہ

طبی سہولیات میں بہتری اور جاری منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ، اہم اجلاس طلب

ایم پی پی کا کراچی میں بجلی، گیس اور پانی کے سنگین بحران پر سخت موقف اختیار کرنے کا اعلان

چیئرنگ ڈائریکٹر این جی سی انجینئر الطاف حسین ملک کو 500 کے وی گرڈ سٹیشن گتی، فیصل آباد کے دورے کے دوران بریفنگ دی جا رہی ہے

شازیہ کیانی ایڈووکیٹ کا ممتاز صحافی الطاف حسن قریشی کے انتقال پر اظہار افسوس

کوکین استعمال کرنیوالوں کا نام پردے میں رہنا چاہیے، وزیر داخلہ سندھ

ویمن یونیورسٹی ملتان میں ایس پی ایس ایس پر دو روزہ عملی تربیتی ورکشاپ کا انعقاد

شعبہ سوشیالوجی، دی ویمن یونیورسٹی ملتان نے پرنسپل ڈاکٹر مدیحہ اکرم کی زیر نگرانی دو روزہ عملی تربیتی سیشن کا انعقاد کیا، جس میں شرکاء کو شماریاتی تجزیے کے سافٹ ویئر ایس پی ایس ایس میں جدید مہارتوں سے آراستہ کیا گیا زکریا یونیورسٹی ملتان کے شعبہ جینڈر اسٹڈیز کے اسسٹنٹ پروفیسر ... ڈیٹا مینجمنٹ (متغیرات کی تشکیل، ڈیٹا کوڈنگ، ایکسل سے درآمد، ڈیٹا کلیننگ اور ٹرانسفارمیشن)، توصیفی شماریات (فریکوئنسی ٹیبلز، مرکزی رجحان کے اقدامات اور کراس ٹیبلیشن)، استنباطی شماریات (ٹی ٹیسٹ، ANOVA، لیکری ریگریشن اور چی اسکوائر ٹیسٹ)، ڈیٹا ویژولائزیشن

کراچی: تیز رفتار ڈمپر نے پولیس گاڑی کو کچل ڈالا، 2 اہلکار جاں بحق

... قاتل ڈمپر کا نشانہ پولیس وین بن گئی، حادثے میں 2 اہلکار جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق سپر ہائی وے گڈاپ ٹاؤن کے قریب ایک تیز رفتار ڈمپر نے پولیس وین کو کچل ڈالا، جس میں دو اہلکار سوار تھے، دونوں جان سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ ریسکیو حکام کے مطابق کافی کوششوں کے بعد تباہ شدہ وین سے پولیس اہلکاروں کی لاشیں نکالی گئیں۔ دونوں پولیس اہلکاروں کی لاشیں ضروری کارروائی کے لئے ہسپتال منتقل کی گئیں۔

کراچی، ایم نائن موٹروے پر تیز رفتار ڈمپر پولیس موبائل پر چڑھ گیا

پولیس موبائل میں 2 پولیس اہلکار موجود تھے، ایک پولیس اہلکار کو نکال لیا گیا جبکہ دوسرا پچس گیا

... نائن موٹروے، ڈی ایچ اے کے قریب تیز رفتار ڈمپر ڈرائیور سے بے قابو ہو کر پولیس موبائل پر چڑھ گیا۔ پولیس موبائل میں 2 ... نکال لیا گیا، دوسرا پچس گیا۔ پولیس موبائل سڑک کنارے کھڑی تھی جبکہ ڈمپر حیدرآباد سے کراچی آ رہا تھا۔

بہت جلد قائد پاکستان و صدر مسلم لیگ (ن) محمد نواز شریف مظفر آباد کا دورہ کریں گے، چمن خان

... مسلم لیگ ن سٹی مظفر آباد چمن خان نے کہا ہے کہ بہت جلد قائد پاکستان و صدر مسلم لیگ ن محمد نواز شریف مظفر آباد کا دورہ کریں گے ان شاء اللہ اپنے قائد محترم کا تحریک آزادی کے بیس کیمپ آمد پر فقید المثال استقبال کریں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا قائد پاکستان و صدر مسلم لیگ ن محمد نواز شریف سے کشمیری قوم بے پناہ پیار اور محبت کرتی ہے کیونکہ انہوں نے ہمیشہ مسئلہ کشمیر کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا۔

روانڈا ہائی کمشنر کی پاکستانی تاجروں کو افریقی منڈی تک رسائی کی دعوت

پاکستان اور روانڈا کے درمیان تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون بڑھانے پر اتفاق

لاہور (زیڈ این این) جمہوریہ روانڈا کی ہائی کمشنر ہریمانا فاتو نے پاکستانی تاجروں کو مشرقی افریقہ کی 30 کروڑ آبادی پر مشتمل بڑی مارکیٹ تک رسائی کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ روانڈا سرمایہ کاری، تجارت اور صنعتی تعاون کے وسیع مواقع فراہم کرتا ہے۔

ڈچ وزیر اعظم کا بھارت میں آزادی صحافت، اقلیتوں کے حقوق پر اظہار تشویش

دی ہیگ (این این آئی) ہالینڈ کے وزیر اعظم راب جیتن نے بھارتمیں آزادی صحافت اور اقلیتوں کے حقوق پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق راب جیتن نے دی ہیگ میں صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے بھارت میں اظہار رائے کی آزادی پر پابندیوں پر تشویش کا اظہار کیا۔ ڈچ اخبار "ڈی وو کسکرانٹ" نے رپورٹ کیا کہ جیتن نے بھارتی وزیر اعظم نریندر مودی کے ساتھ اپنی ملاقات سے قبل صحافیوں کو بتایا کہ ڈچ حکومت کو بھی بھارت کی صورتحال پر تشویش ہے۔

خواجہ سلمان رفیق کا شیخ زید ہسپتال میں زیر تعمیر برن یونٹ کا دورہ

سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود بھی ہمراہ تھے

لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے شیخ زید ہسپتال میں زیر تعمیر برن یونٹ کا دورہ کیا۔ سیکرٹری سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن عظمت محمود بھی ہمراہ تھے۔ اس موقع پر صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ جدید برن یونٹ 4 ارب روپے کی لاگت سے تعمیر کیا جا رہا ہے۔ جدید برن یونٹ دو سال میں مکمل کیا جائے گا۔ یہ منصوبہ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کا جنوبی پنجاب کیلئے بڑا تحفہ ہے۔ اس سہولت سے رحیم یار خان، راجن پور، سندھ و بلوچستان کے عوام کو جدید طبی سہولیات میسر آئیں گی۔ ان مریضوں کو علاج کیلئے ملتان یا دیگر شہروں جانے کی ضرورت نہیں پڑے گی۔ سیکرٹری صحت پنجاب عظمت محمود نے اس موقع پر کہا کہ پنجاب حکومت صحت عامہ کے شعبہ میں انقلابی اقدامات کر رہی ہے۔

لاہور: گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال کے زیر اہتمام بلڈ پریشر کے عالمی دن کے موقع پر آگاہی واک کی قیادت ایم ایس پروفیسر حامد حسن کر رہے ہیں

بلڈ پریشر کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک کا انعقاد

ہائی بلڈ پریشر پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو دل کے دورے، فالج اور گردوں کی خرابی جیسے جان لیوا مسائل کا خطرہ کئی گنا بڑھ جاتا ہے

ہائی بلڈ پریشر کی بیماری میں ہر تیسرا فرد مبتلا ہے بلڈ پریشر انسانی جسم کے مختلف اعضاء دل، دماغ اور آنکھوں کو شدید متاثر کرتا ہے، پروفیسر حامد حسن

لاہور (خبر نگار) گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال لاہور کے زیر اہتمام بلڈ پریشر کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا، واک کی قیادت ایم ایس گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال لاہور پروفیسر حامد حسن نے کی واک کا مقصد عوام میں بلڈ پریشر کی بیماری سے متعلق آگاہی فراہم کرنا تھا حامد حسن کا کہنا تھا کہ ہائی بلڈ پریشر دور حاضر کی ایک خاموش مگر خطرناک بیماری ہے، ہائی بلڈ پریشر کی بیماری میں ہر تیسرا فرد مبتلا ہے بلڈ پریشر انسانی جسم کے مختلف اعضاء دل، دماغ اور آنکھوں کو شدید متاثر کرتا ہے، جبکہ اس موقع پر ہیڈ آف کارڈیک ڈیپارٹمنٹ پروفیسر (بقیہ نمبر 36)

جیکب آباد میں پسند کی شادی کا تنازع، متاثرین نے سرداروں کو ذمہ دار قرار دیدیا

جیکب آباد (این این آئی) جیکب آباد میں پسند کی شادی کا تنازع شدت اختیار کرتے ہوئے قبائلی تصادم کی شکل اختیار کرنے لگا۔ گاؤں صدیق آرائیں کو نذر آتش کرنے کے معاملے پر دو بااثر قبائلی سردار ایک دوسرے کے مدمقابل آگئے ہیں۔

گلاب دیوی ہسپتال میں بلڈ پریشر آگاہی واک کا انعقاد

ماہرین نے ہائی بلڈ پریشر کو خاموش مگر خطرناک بیماری قرار دے دیا

لاہور (زیڈ این این) گلاب دیوی ٹیچنگ ہسپتال لاہور کے زیر اہتمام بلڈ پریشر کے عالمی دن کی مناسبت سے آگاہی واک کا انعقاد کیا گیا۔ واک کی قیادت میڈیکل سپرنٹنڈنٹ پروفیسر حامد حسن نے کی۔ واک کا مقصد عوام میں بلڈ پریشر جیسے خطرناک مرض سے متعلق شعور اجاگر کرنا تھا۔ اس موقع پر پروفیسر حامد حسن نے کہا کہ ہائی بلڈ پریشر دور حاضر کی ایک خامو (بقیہ نمبر 38)

عیدالاضحیٰ کے پرمسرت موقع پر روزنامہ "قوت" خصوصی اشاعت کا اہتمام کر رہا ہے تمام نمائندگان/بیورو چیف سے درخواست ہے کہ اپنے اشتہارات 25 مئی 2026 تک ادارہ ہذا کو ای میل کر دیں تاکہ بہتر کوریج دی جا سکے۔

انچارج نمائندگان: محمد اکرام اعوان 0302-1228000

gmail.comEmail:dailyquwat786

امت مسلمہ کو اتحاد، اخوت اور دینی شعور کی اشد ضرورت ہے، مفتی فیض القادری

کراچی (این این آئی) جماعت غوثیہ اہلسنت انٹرنیشنل کے چیئرمین مفتی محمد فیض القادری نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں امت مسلمہ کو اتحاد، اخوت اور دینی شعور کی اشد ضرورت ہے۔ معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے چینی، معاشی مشکلات، اخلاقی زوال اور فرقہ واریت جیسے مسائل اس بات کے متقاضی ہیں۔

ادھار ایپس سے پیسے لینے والوں کے لیے اہم خبر: ایس ای سی پی نے نوٹس جاری کر دیا

ادھار پیسہ اور بروقت ایپس کے صارفین کو بقایا جات کی ادائیگی اور کریڈٹ ریکارڈ درست کرنے کی ہدایت

کراچی (این این آئی) سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) نے ڈیجیٹل قرضہ ایپس سے رقم حاصل کرنے والے صارفین کے لیے اہم پبلک نوٹس جاری کر دیا ہے۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ بعض قرضہ ایپس بندش اور لیکویڈیشن کے عمل سے گزر رہی ہیں، اس لیے صارفین اپنے بقایا جات کی ادائیگی کے ذریعے مالی ریکارڈ درست کرا سکتے ہیں۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (ایس ای سی پی) کی جانب سے جاری نوٹس کے مطابق ڈیجیٹل قرضہ ایپس ادھار پیسہ اور بروقت کے صارفین کو آگاہ کیا گیا ہے کہ وہ اپنے واجب الادا قرضے جلد از جلد ادا کریں۔ نوٹس میں کہا گیا ہے کہ معزز اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات کی روشنی میں ان ایپس کو چلانے والی کمپنیوں، یعنی میسرز مائیکرو کریڈٹ فنانشل سروسز لمیٹڈ اور میسرز سیڈ کریڈٹ فنانشل سروسز لمیٹڈ، کی لیکویڈیشن کا عمل جاری ہے۔

لاہور میں مصنوعی مہنگائی کے خاتمے کیلئے پرائس کنٹرول مہم

مقررہ نرخوں پر اشیاء ضروریہ کی فراہمی کیلئے ضلعی کریک ڈاؤن جاری ہے، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) شہر میں مصنوعی مہنگائی کے خاتمے اور شہریوں کو مقررہ نرخوں پر اشیاء ضروریہ کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ڈپٹی کمشنر کیپٹن (ر) محمد علی اعجاز کی زیر نگرانی پرائس کنٹرول مہم جاری ہے۔ شہر کے مختلف بازاروں اور مارکیٹوں میں پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی جانب سے بڑے پیمانے پر کارروائیاں کی جا رہی ہیں تاکہ نرخ ناموں پر مکمل عملدرآمد کو یقینی بنایا جا سکے

لاہور: چینی قونصل جنرل مسٹر ژن یان کو ڈائریکٹر پنجاب یونیورسٹی کنفیوشس انسٹیٹیوٹ پروفیسر ڈاکٹر توبیہ خرم پاکستان اور چین کے درمیان سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے کے سلسلے میں منعقدہ تقریب میں سووینئر پیش کر رہی ہیں

جہلم میں جنگلی پرندوں کے اسمگلر سمیت چار ملزمان گرفتار

ہزاروں چڑیاں آزاد، غیر قانونی شکار پر ملزمان کو بھاری جرمانے عائد، ترجمان

لاہور (زیڈ این این) سینئر وزیر پنجاب مریم اورنگزیب اور سیکرٹری جنگلات و جنگلی حیات پنجاب کیپٹن (ر) طاہر ظفر عباسی کی ہدایت پر صوبے بھر میں جنگلی جانوروں اور پرندوں کے غیر قانونی شکار، قبضے، کاروبار اور اسمگلنگ کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ چیف وائلڈ لائف رینجر کیپٹن (ر) محمد وسیم کی قیادت میں وائلڈ لائف رینجرز جہلم نے مختلف کارروائیوں کے دوران جنگلی پرندوں کے اسمگلر سمیت چار ملزمان کو گرفتار کرلیا۔ ترجمان کے مطابق اسسٹنٹ چیف وائلڈ لائف رینجر ضلع جہلم ارشد ناز نے اپنی ٹیم کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے بٹیر کے غیر قانونی شکار میں ملوث ایک ملزم کو گرفتار کر کے 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا۔ ایک اور شخص کو کالا تیتر غیر قانونی طور پر قبضے میں رکھنے پر گرفتار کر کے 50 ہزار روپے جرمانہ کیا گیا۔

آلائشوں کیلئے ماحول دوست بیگز مفت تقسیم ہوں گے، ذیشان رفیق

اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ذیشان ملک، ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز، تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور ایم ڈی ستھرا پنجاب اتھارٹی بھی موجود تھے۔

وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی زیر صدارت اجلاس، عیدالاضحیٰ پر لاہور میں کیٹل سیل پوائنٹس پر انتظامات اور صفائی پلان کا جائزہ

لاہور (این این آئی) وزیر بلدیات پنجاب ذیشان رفیق کی زیر صدارت ایم سی ایل ٹاؤن ہال میں ایک اجلاس کے دوران عیدالاضحیٰ کے موقع پر لاہور میں کیٹل سیل پوائنٹس پر انتظامات اور صفائی پلان کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر ذیشان ملک، ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز، تمام اسسٹنٹ کمشنرز اور ایم ڈی ستھرا پنجاب ایجنسی بھی موجود تھے۔ وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے لاہور میں عید سے پہلے خصوصی (بقیہ نمبر 39)

فٹ بال کھیل کو گراس روٹ لیول سے فروغ دینے کیلئے ٹریننگ کیمپ

نثار احمد اور عبدالمنان سلیم نے نوجوان پلیئرز کو کھیل کے قوانین اور تکنیک سے روشناس کرایا

نمائشی میچ بھی منعقد کیا گیا، فاتح ٹیم کو ٹرافی دی گئی، اورنگزیب سلطان نے انعامات تقسیم کیے

لاہور (زیڈ این این) پاکستان فٹ بال فیڈریشن کی خصوصی ہدایات کی روشنی میں سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن، فٹ بال کے کھیل کو گراس روٹ لیول سے فروغ دینے کے مشن پر گامزن ہوگئی۔ اس حوالے سے سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن نے کراچی ڈویژن فٹ بال ایسوسی ایشن کے اشتراک سے ضلع کورنگی کے شاہ فیصل ٹاؤن میں نوجوان نسل کو فٹ بال کھیل بارے آگاہی دینے کیلئے ایک ٹریننگ کیمپ کا انعقاد کیا۔ جس میں شاہ فیصل ٹاؤن کے اسکول اور کالج کے لڑکوں اور لڑکیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ تربیت کیمپ میں شریک نوجوان کھلاڑیوں کو سندھ فٹ بال ایسوسی ایشن کے جنرل سیکرٹری نثار احمد نے کھیل کی تاریخ، بنیادی مہارتوں اور قوانین بارے آگاہ کیا۔ کراچی ڈویژن فٹ بال ایسوسی ایشن کے سیکرٹری عبدالمنان سلیم نے کیمپ میں شریک پلیئرز کو کھیل کے اصولوں اور تکنیک سے روشناس کرایا۔

مالیاتی پائیداری عوام کو نچوڑنے سے حاصل نہیں کی جا سکتی: ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن

لاہور (زیڈ این این) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن کے سینئر ممبر چودھری امانت بشیر نے کہا ہے کہ مالیاتی پائیداری عوام اور معیشت کو نچوڑنے سے حاصل نہیں کی جا سکتی اس لئے پالیسی سازوں کو اصلاحات پر مبنی پائیدار فریم ورک تشکیل دینا چاہیے۔ ٹیکس بار کے نمائندہ وفد سے گفتگو کرتے ہوئے۔

کراچی: ایف پی سی سی آئی کی سینٹرل اسٹینڈنگ کمیٹی برائے پائیدار ترقیاتی اہداف کی جانب سے فیڈریشن ہاؤس کراچی میں منعقدہ سیمینار کے اختتام پر شرکا کا گروپ فوٹو

پاکستان میں ٹیکس نظام سب سے زیادہ منتشر، کاروبار مخالف بن چکا ہے' مدثر مسعود چوہدری

مسئلہ کم ٹیکس وصولیاں نہیں بلکہ ساختی طور پر غیر منصفانہ مالیاتی نظام ہے سینئر رکن پیاف انجم نثار گروپ

پاکستانی معیشت میں جی ڈی پی کے 22 فیصد سے زائد تک ٹیکس وصول کرنے کی صلاحیت موجود ہے

لاہور (زیڈ این این) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) انجم نثار گروپ کے سینئر رکن و سابقہ ایگزیکٹو کمیٹی ممبر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری مدثر مسعود چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان کو صرف کم ٹیکس وصولیوں کا مسئلہ درپیش نہیں بلکہ ایک ایسا مالیاتی نظام بھی درپیش ہے جو ساختی طور پر غیر منصفانہ اور بیگاڑ کا باعث ہے، پاکستانی معیشت میں جی ڈی پی کے 22 فیصد سے زائد تک ٹیکس وصول کرنے کی صلاحیت موجود ہے لیکن استعداد نہ ہونے، غیر منصفانہ پالیسیوں اور نظام کی ناکامی کی وجہ سے یہ 10 سے 12 فیصد تک محدود ہے۔

مل پارک پر قبضہ نامنظور، انتظامیہ 48 گھنٹوں میں حرکت میں آئے، پاسبان

کراچی (این این آئی) پاسبان ڈیموکریٹک پارٹی کراچی کے صدر عبدالحاکم قائد نے کراچی کے تاریخی اور عوامی تفریحی مقام مل پارک کی قیمتی اراضی پر خاموش قبضے اور پہاڑی علاقے کو کاٹنے کی اطلاعات پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے انتظامیہ کو 48 گھنٹوں کا الٹی میٹم دے دیا ہے کہ فوری طور پر غیر قانونی سرگرمیاں بند کرائی جائیں، بصورت دیگر پاسبان، شہریوں اور ماہرین کے ساتھ مل کر عدالت سے رجوع کرے گی۔

آئی جی پنجاب سے پولیس اہلکاروں اور اہلخانہ کی ملاقات

مسائل کے فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات اور ریلیف کی ہدایت جاری

لاہور (زیڈ این این) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے اہلکاروں اور اہلخانہ کے مسائل تفصیل سے سنے اور فوری ریلیف کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق لیڈی غازی کانسٹیبل روزینہ یاسمین کی طبی مالی امداد کی درخواست پر آئی جی پنجاب نے ڈی

قصور ممبر صوبائی اسمبلی احسن رضا خان اور ڈپٹی کمشنر قصور محمد آصف رضا ڈسٹرکٹ شوگر کین سیس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

واٹس ایپ فراڈ اور موبائل ہیکنگ میں ملوث 15 رکنی گروہ گرفتار

شہریوں سے مالی دھوکہ دہی، جعلی سرکاری افسر بن کر رقوم بٹورنے کا انکشاف

لاہور (زیڈ این این) نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی پنجاب نے بڑی کارروائی کرتے ہوئے واٹس ایپ کے ذریعے شہریوں کو دھوکہ دینے، خود کو سرکاری افسر ظاہر کر کے مالی فراڈ کرنے اور موبائل فونز و واٹس ایپ اکاؤنٹس ہیک کرنے میں ملوث 15 رکنی منظم گروہ کو گرفتار کر لیا ہے۔ یہ کارروائی ڈائریکٹر پنجاب این سی سی آئی اے محمد علی وسیم کی ہدایت پر کی گئی۔

ڈی آئی جی انویسٹی گیشن کے تبادلے، متعدد افسران نئی تعیناتیوں پر مامور

سید ذیشان رضا کے احکامات، مختلف تھانوں میں انچارج انویسٹی گیشن افسران کی تعیناتیاں

لاہور (زیڈ این این) ڈی آئی جی انویسٹی گیشن سید ذیشان رضا نے محکمہ پولیس میں انچارج انویسٹی گیشن افسران کے تبادلوں کے احکامات جاری کر دیے ہیں، جس کے تحت متعدد افسران کو نئی ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق لیڈی انسپکٹر شفق منصور کو انچارج SSOIU کینٹ ڈویژن سے انچارج انویسٹی گیشن تھانہ وومن ریس کورس تعینات کر دیا گیا ہے، جبکہ لیڈی انسپکٹر مصباح حفیظ کو وومن ریس کورس سے انچارج انویسٹی گیشن تھانہ ڈیفنس بی لگا دیا گیا ہے۔ انسپکٹر محمد زمان خان کو ڈیفنس بی سے ٹاؤن شپ، انسپکٹر غلام ضمیر کو ٹاؤن شپ سے نارتھ کینٹ اور انسپکٹر منصب خان کو نارتھ کینٹ سے ہربنس پورہ تعینات کیا گیا ہے۔

لاہور: ٹرین شیڈول میں ردوبدل، بعض گاڑیاں تاخیر سے روانہ ہوئیں

کراچی، کوئٹہ اور راولپنڈی جانے والی ٹرینیں تاخیر سے روانہ، مسافروں کیلئے ہدایات جاری

لاہور (زیڈ این این) لاہور اور فیصل آباد سے کراچی، کوئٹہ اور راولپنڈی سمیت دیگر شہروں کو جانے والی ٹرینوں کے شیڈول میں جزوی تبدیلی کی گئی ہے، تاہم بیشتر ٹرینیں اپنے مقررہ اوقات کے مطابق روانہ ہو رہی ہیں۔ تفصیلات کے مطابق قراقرم 42-ڈاؤن کراچی کیلئے سہ پہر 3 بجے کی بجائے ایک گھنٹہ 45 منٹ تاخیر سے سہ پہر 4 بجکر 45 منٹ پر لاہور سے روانہ ہوگی۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ڈائریکٹر	چوہدری عمران شوکت
گروپ ایڈیٹر	صداقت حامد غوری
ایڈیٹر	امداداللہ قریشی
ڈپٹی ایڈیٹر	شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔ آفس نمبر 2 یاسین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

شاد باغ پولیس کی کارروائی، اسلحہ و منشیات برآمد، دو ملزمان گرفتار

کلاشنکوف سمیت جدید اسلحہ اور آئس و چرس برآمد، ناکہ بندی میں اسمگلنگ ناکام

لاہور (زیڈ این این) تھانہ شاد باغ پولیس نے دو مختلف کامیاب کارروائیوں کے دوران بھاری مقدار میں ناجائز اسلحہ اور منشیات برآمد کر کے دو ملزمان کو گرفتار کر لیا۔ یہ کارروائیاں ڈی آئی جی آپریشنز فیصل کامران اور ایس پی سٹی کی ہدایت پر کی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق اے ایس آئی غضنفر قدیر نے ٹیم کے ہمراہ چوک شاد باغ اور گول باغ گراؤنڈ کے قریب ناکہ بندی اور گشت کے دوران اسمگلنگ کی کوششیں ناکام بنائیں۔ پہلی کارروائی میں ایک مشکوک گاڑی کو روک کر تلاشی لی گئی تو خفیہ خانوں سے 120 گرام آئس اور 6 گرام چرس برآمد ہوئی۔

لاہور: جمہوری روانڈا کی ہائی کمشنر ہریمانا فاتو کا لاہور چیمبر کے دورے کے موقع پر صدر فہیم الرحمٰن سہگل دیگر عہدیداران کے ہمراہ یادگاری شیلڈ پیش کر رہے ہیں